انکشافاتِ جفر


ابجد
قرشت
سعفص
ہوز
ثخذ
کلمن
حطی

حکیم سرفراز احمد زاہد

صفحہ نمبر
103
109
116
124
131
143
165
176
169
196
203
211
222
226
235

وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الغَيبِ لَا يَعلَمُهَا إِلَّا هُوَO (سورت انعام)
اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں، جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ (القرآن)

علم جفر کے قدیم اور عظیم مخفی قواعد کا انمول خزانہ

عربی، عبرانی وسریانی مستحصلات کا ذخیرہ

انکشافاتِ جفر

اخبار الجفر

تصنیف وتالیف

فقیر حکیم سرفراز احمد زاہد چشتی صابری
(ماہر علوم مخفیہ و طبیب) (ایم اے پولیٹیکل سائنس)
فاضل طب الجراحت، ماہر الیکٹرو ہومیو پیتھی

مکتبہ آئینہ قسمت

کاشانہ زنجانی D-125
گلبرگ 2، نزد مین مارکیٹ، لاہور
Ph: 042-5752277

کاشانہ زنجانی، آرام باغ روڈ،
نزد ہمدرد دواخانہ، کراچی
Ph: 021-2217544

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

مکتبہ آئینہ قسمت
ناشر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

نام کتاب : انکشافات جفر
مصنف : حکیم سرفراز احمد زاہد
معاون : شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی
اشاعت اول: اپریل 2009ء
کمپوزنگ : شہزاد شاکر
ٹائٹل : شہزاد شاکر
پرنٹرز : حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور
پبلشرز : منجم شہزادہ سید محمد علی زنجانی
قیمت : 200 روپے
صفحات : 240

مکتبہ آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی D-125 نزد مین مارکیٹ گلبرگ
حضرت میراں حسین زنجانی روڈ گلبرگ II، لاہور پوسٹ کوڈ 54660
فون نمبر: 35752277-35857227

برانچ آفس کاشانہ زنجانی، آرام باغ روڈ، کراچی۔ فون: 32217544
پوسٹ کوڈ: 74200

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	شاہ مرداں۔ شیر یزداں	3	16	مستحصلہ در قون	103
2	سخن گفتنی	6	17	مستحصلہ مفتاح القلب	109
3	اظہار حقیقت	7	18	مستحصلہ مکعب مربع	116
4	ہم حکیم سرفراز احمد زاہد کو علامہ شاد گیلانی ثانی کہتے ہیں	9	19	مستحصلہ آسان بدوح ملین	124
5	گلدستہ عقیدت بنام استاد محترم حکیم سرفراز احمد زاہد	11	20	مستحصلہ جفری الجبرا	131
6	احوال مصنف	13	21	مستحصلہ بدوح ملین	143
7	علم جفر کیا ہے؟	19	22	مستحصلہ اکسیر القلب	165
8	اصطلاحات	27	23	قاعدۃ الحرفیہ	176
9	مستحصلہ علام الغیوب	54	24	مستحصلہ آسان فہم	169
10	قاعدہ نقشی آتشی	58	25	مستحصلہ موالید اربع	196
11	قاعدہ بدوح ملین	67	26	مستحصلہ سرّ الاسرار	203
12	مستحصلہ طرح عناصر السوال	78	27	زائرچہ الوفا	211
13	قاعدہ نقشی نمبر 2	84	28	زائرچہ الناریہ	222
14	مستحصلہ عظیم المراتب	90	29	قانون مستحصلہ	226
15	مستحصلہ احست	97	30	باب تسخیرات الارواح	235

شاہِ مرداں۔ شیرِ یزداں

استاد ملائکہ حضرت جبرائیل امین جب جنگ بدر امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالبؑ شیر خدا کے لیے اللہ کی جانب سے آسمانی تحفہ (ذوالفقار) تلوار لے کر آئے تو یہ شعر گنگنا رہے تھے۔

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوت پروردگار
لا فتی الا علیؑ لا سیف الا ذوالفقار

ترجمہ: علیؑ شاہ مرداں ہیں۔ اللہ کے شیر ہیں۔ ان کے ہاتھوں کی قوت اللہ کی ہے۔ علیؑ جیسا کوئی دوسرا نہیں اور ذوالفقار جیسی (تلوار) کوئی اور ممکن نہیں۔ (علماء کرام) اس تلوار کی خوبی بقول مولا یوں بیان کرتے ہیں۔ اس تلوار سے وہ کفار فنا ہوتے تھے جن کی نسل سے قیامت تک کوئی مسلم مرد و زن نے پیدا نہ ہونا تھا۔

ولایت کا منبع اولیاء اللہ کا مولا اور آقا اللہ کا شیر اور نبیؐ کا وارث مولود کعبہ باب العلم وہ علیؑ ہی ہیں۔ جو علم الجفر کے بانی ہیں۔ یہ علم رسول خداؐ نے انہیں تعلیم کروایا۔ اس علم کی ترویج و ترقی چھٹے امام حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے دور میں مدینہ منورہ مدرسہ جعفریہ میں ہوئی۔ روایت ہے کہ ایک وقت میں تین ہزار طلبہ وہ رہے تھے جو دیگر علوم کے ساتھ علم جفر بھی امام جعفر صادقؑ سے سیکھتے تھے۔ تب سے اب تک مبتدی جعفر اور جفر میں تمیز نہ کر سکے۔ اکثر اخبارات کے اشتہارات اور وزٹنگ کارڈ پر میں نے ماہر علم جفر کی بجائے ماہر علم جعفر لکھا دیکھا ہے۔ مبتدی جفار کے شوقین کو اصلاح کی ضرورت ہے۔ دن بدن علوم مخفی کا یہ شعبہ پیدا ہوتا جا رہا ہے۔

ادارہ آئینہ قسمت جو اپنے قیام کے 62ویں سال میں داخل ہو گیا ہے۔ اس کی ہمیشہ سے یہ خواہش رہی ہے کہ صاحب علم دوستوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ بانی ادارہ نجم اعظم شاہ زنجانی کی کتب کے علاوہ بھی کتب شائع کی جائیں۔ "**انکشافات جفر**" بھی اسی جذبہ کی عکاسی کرتی ہے۔

ہمیں خوشی ہے کہ عنقریب جناب بابر سلطان قادری صاحب بھی اپنی دو نئی کتب "**علم الجفر مظاہر جفر**" اور "**جفر الجامع**" شائع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امید ہے کہ ان ہر دو کتب علم الجفر کی اشاعت کی سعادت بھی ادارہ آئینہ قسمت کے حصہ میں آئے گی۔ انکشافات جفر حاضر ہے۔ اس کی لطافت کو پائیں اور ہمیں اپنی نیک آراء سے مطلع فرمائیں۔

ایڈیٹر آئینہ قسمت
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
19-07-09

عقل و دل و نگاہ کا مُرشد اولین ہے عشق
عشق نہ ہو تو شرع و دین بُت کدہ تصورات
اقبالؒ

انتساب واظہار تشکر کے پھول

شہنشاہ ولایت شہباز لامکان عاشق رسول مرشد کریم
حضرت سید سرسبز حسن ضیاءؒ چشتی صابری رحمۃ اللہ علیہ



کے حضور ہدیہ تشکر، جن کی فیضان نظر و شفقت سے میں حقیر سے ذرہ سے تاباں بن کر علم جفر و روحانیت میں پہچانا گیا۔

غلام اہل چشت و بہشت
فقیر حکیم سرفراز احمد زاہد چشتی صابری ضیائی

سُخن گفتنی

از علامہ ڈاکٹر حضرت بابر سلطان القادری مدظلہ تعالی

عزیزم سرفراز احمد زاہد میرے قدیمی شاگردوں میں سے ہیں۔ انہوں نے علم جفر سے اپنے تعلق کو اتنی وفاداری سے نبھایا کہ ہم جیسے کم ہمت لوگ اتنی دور تک اس علم کا ساتھ نہ دے پائے اور اپنا رُخ تصوف و رُوحانیت کی طرف موڑ لیا۔ لیکن میرے وفادار دوستوں اور بھائیوں نے اس علم میں وہ وہ کارہائے نمایاں سرانجام دیے کہ طوی وقت لگتے ہیں۔

ان دوستوں میں سربرآوردہ شخصیت میرے عزیز بھائی سرفراز احمد زاہد کی ہے۔

میں امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب مقبولیت کے ریکارڈ قائم کرے گی۔ عنقریب میری قدیمی کتاب "مظاہر جفر" جو ابھی تک منظر عام پر نہیں آئی، مجھے مل گئی ہے۔ اس کتاب کے بعد اسے سمجھنے میں بہت کچھ سہولت ہو جائے گی اور مظاہر جفر کے بعد آپ کے لیے "جفر الجامع" لکھ رہا ہوں۔ تو یہ کتاب "الکشافات جفر" اسی سلسلۂ جفر کی کڑی ہے۔ جیسا کہ میں نے کہا تھا۔ میں یہ سلسلہ جفر ترک کر چکا ہوں۔ اب آگے اسے سرفراز احمد زاہد نے بڑھایا ہے اور انشاء اللہ مزید بڑھ جائے گا۔

اس کتاب میں ایسے ایسے نایاب قواعد درج ہیں کہ "مدھش الالباب سر الاسرار فی علم الاخبار اور عبدالفتاح طوخی کی بڑی بڑی کتابوں میں درج علم الزائرچہ کا مقابلہ کرتے ہیں۔ یہ کتاب اس علم کو روشن اور زندہ رکھنے میں سنگ میل کا درجہ رکھتی ہے۔

بڑے بڑے جید اور ممتاز علماء اس علم کو سمجھ نہیں پائے۔ جو سرفراز احمد زاہد بڑی آسانی سے اور قابل فہم طریقے سے سمجھا گئے ہیں۔ دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت سرفراز احمد زاہد کو علم کی اشاعت قوت دے اور رحمتوں سے نوازے۔ آمین

احقر کمترین فقیر
بابر سلطان القادری عفی اللہ عنہ
12 اگست 2008ء

اظہار حقیقت

علامہ العصر جناب السید محمد ابوالحسن الموسوی المشہدی دام برکاتہٗ رقمطراز ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانبیاء والمرسلین محمد والہٖ الطیبین الطاھرین قال النبی ﷺ: العلم خلیل المومن و الحلم وزیرہ o والعقل دلیلہ والعمل قائدہ والرفق والدہ والبر اخوہ والصبر امیر جنودہ

جس طرح حصول علوم واجب ہے، اسی طرح ترویج علوم اور اشاعت علوم بھی واجب ہے۔

بزرگ علماء کرام اور عاملین کاملین کا طریقہ ہمیشہ یہ رہا ہے۔ وہ علوم غریبہ کی نشر و اشاعت میں انحصار ارواح کا برجستہ استادان بزرگوار ہوئے ہیں۔ جن کے لگائے گئے چمنستان علوم خفیہ کی سیر کے بعد آنے والے علماء علوم خفیہ و غریبہ نے خوشہ چینی کرتے ہوئے اپنی بساط فکر کے مطابق خوبصورت گلدستے تیار کیے ہیں۔ جن سے عوام الناس استفادہ کر رہے ہیں۔ یہ حقیقت ارباب علم و عرفان سے مخفی نہیں کہ تمام علوم کا صدور و صدور اول سے ہوا۔ اور باب العلم نے مدینۃ العلم کے علوم کا اجراء کائنات میں فرمایا۔ باب العلم کے در اقدس پر جبیں جھکانے والے ہی علوم غریبہ کو سمجھ پاتے ہیں۔ عصر حاضر میں علوم خفیہ کے دقیق مخزوم سے سیراب ہونے والے خوش نصیب عاملین و علماء جفر سب میں برجستہ شخصیت ہمارے عزیز دوست الحاج حکیم سرفراز احمد زاہد حفظہ اللہ ہیں۔ جو کہ طویل عرصہ سے علم جفر کی خدمت کر رہے ہیں۔ اور اب تک ان کے سینکڑوں علمی مقالات مختلف جرائد و رسائل میں شائع ہو چکے ہیں۔ جن سے یقیناً ہزاروں افراد نے استفادہ کیا ہے اور کر رہے ہیں۔ آپ اپنے علمی جواہر پاروں سے انتخاب کر کے علمی روحانی مرقع "الکشافات جفر" کے نام سے شائع کر رہے

ہیں۔ اس رسالہ شریفہ میں بہت سارے جفری قواعد پیش کیے ہیں اور کئی دقیق مستحصلہ جات حل کیے ہیں۔ خصوصاً مستحصلہ زرقون، مستحصلہ تطہیر المراتب، مستحصلہ مفتاح القلب، مستحصلہ جفری الجبرا اور طریق استخراج سہام القوۃ شائع کر رہے ہیں۔ نہایت آسان طریقہ سے حل کیے۔ جن سے اہل لیاقت یقیناً اپنے فکری مقام کے مطابق استفادہ کریں گے۔

خداوند کریم کی بارگاہ میں دعا ہے کہ جناب عامل راہ علوم حق الحاج حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب کی توفیقات میں برکت فرمائے تا کہ ہمیشہ علوم غریبہ کی خدمت کرتے رہیں۔ واللہ ولی التوفیق بحق محمد والہ الطاہرین صلوٰت اللہ علیہم اجمعین ۞

خادم علوم

السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی

۴۔ شعبان المعظم، میلاد باب الحوائج ۱۴۲۹ھ

494۔ سٹریٹ 106، سیکٹر 4/8-1، اسلام آباد

0345-5754551, 0300-5090814

ہم حکیم سرفراز احمد زاہد کو علامہ شاد گیلانی ثانی کہتے ہیں

از قلم: زیب آستانہ عالیہ: قادریہ، قلندریہ، چشتیہ
حضرت خواجہ علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری قلندری
(سجادہ نشین) حضرت بابا صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ

برادر عزیز جناب حکیم سرفراز احمد زاہد کا نام نامی اسم گرامی ماہرین علوم روحانیہ میں محتاج تعارف نہ ہے۔ آپ گزشتہ ربع صدی سے علم الجفر کے حصہ اخبار و آثار پر ملکی رسائل میں لکھ رہے ہیں۔ ایک زمانہ آپ کا گرویدہ ہے۔ آپ نے اپنی عمر عزیز کا بیشتر حصہ حصول علم کی نذر کیا ہے۔ جہاں آپ کو حضرت علامہ شاد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ جیسے کامل بزرگ سے فیض یاب ہونے کی سعادت حاصل ہے۔ وہاں حضرت علامہ بابر سلطان قادری دام برکاتہٗ جیسے کامل استاد بھی میسر آئے۔

یہی وجہ ہے کہ موصوف نے ''الکشافات جفر'' جیسی لاثانی اور اصول کتاب مرتب فرمائی ہے۔ زیر نظر کتاب علم الجفر کے حصہ اخبار پر مشتمل ہے جس میں عربی، عبرانی و سریانی مستحصلات کے ساتھ ساتھ اردو اور فارسی مستحصلات بھی دیے گئے ہیں۔ ''الکشافات جفر'' میں آپ کو مستحصلہ علام الغیوب، مستحصلہ قاعدہ خلیق آتشی، قاعدہ بدوح یلین، مستحصلہ طرح عناصر السوال، قاعدہ نقشی، مستحصلہ تطہیر المراتب، مستحصلہ احسن، مستحصلہ درقون، مستحصلہ مفتاح القلب، مستحصلہ مکعب مربع، مستحصلہ جفری الجبراء، زائرجہ الوفا، زائرجہ النارية، جیسے قواعد پڑھنے کو ملیں گے۔

مصنف موصوف نے ایک ایک مستحصلہ کے ساتھ کئی کئی مثالیں دے کر حل پیش کیا ہے۔ اگر تھوڑا سا غور کیا جائے تو جفر الاخبار بڑا ہی آسان ہو جاتا ہے۔ ایک وقت تھا کہ حضرت علامہ شاد گیلانی کے مستحصلات کا شہرہ تھا۔ ملک عزیز پاکستان بھر میں جتنے بھی ماہرین جفر الاخبار اب موجود ہیں۔ ان میں سے اکثریت علامہ شاد گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں

کی ہے۔ مگر علامہ موصوف کے سب سے زیادہ لائق شاگردوں میں سے ایک نام حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب کا ہے۔ جنہیں اگر شاد گیلانی ثانی کہا جائے تو بالکل بجا ہو گا۔ بیشک حکیم موصوف اس دور کے علامہ شاد گیلانی ہیں۔ ہم اپنے اس عزیز بھائی سے امید رکھتے ہیں کہ آپ علم الجفر الآثار پر بھی جلد ہی کتاب مرتب کریں گے۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب کو اور زیادہ سرفراز فرمائے اور ''الکشافات جفر'' کو شہرت دوام بخشے۔ آمین

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

سجادہ نشین: حضرت بابا پیر صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ

آستانہ عالیہ: قادریہ قلندری، چشتیہ

محلہ اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ

دواخانہ حکیم سرفراز احمد زاہد کے مشہور و معروف کورس

موٹاپا کورس

ایک ماہ میں 8 تا 10 کلو وزن شرطیہ کم ہو گا۔ انشاء اللہ عزوجل دل کے والو کا بند ہونا، بغیر آپریشن انشاء اللہ دل کے والو کھل کر طاقت ور ہو جائیں گے۔ اور دل کی بیماری مثلاً ہارٹ اٹیک وغیرہ سے مکمل نجات ہو گی۔

شوگر کورس

ہر قسم کی شوگر کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے اور شوگر کی وجہ سے نامردی بھی دور ہو جائے گی۔ ایک دفعہ ضرور آزمائیں۔

گلدستہ عقیدت بنام استاد محترم حکیم سرفراز احمد زاہد دام برکاتہٗ

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا ہے، سب تعریف کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ میرے استاد گرامی حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب کے نام نامی اسم گرامی سے کون صاحب علم واقف نہیں۔ روحانی علوم اور خاص کر علم جفر کے حوالے سے ایک عظیم اور مسلم شخصیت جو کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ یہ کتاب جو الکشافات جفر آپ کے پیش منظر ہے۔ عظیم مستحصلات جفر پر مبنی ہے۔ اس میں علم جفر آپ کو بحر بے کنار ملے گا۔ وہ علم جو ہمیشہ سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا تھا۔ حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب نے بڑے فراخ دلی کے ساتھ کتاب کی صورت میں عوام کے سامنے رکھ دیا ہے۔ استاد گرامی جناب حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب نے طشت از بام کر کے رکھ دیا ہے۔ شاد گیلانی ثانی استاد محترم جناب حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب حقیقتاً اس تعریف کے مستحق ہیں جو اک عظیم جفار اس کا مستحق ہو سکتا ہے۔ مبتدی و منتہی حضرات کے لیے علم جفر کا عظیم خزانہ کتاب میں درج ہے۔ صاحبان علم و فن کے لیے استاد محترم کی بڑی علمی کاوش ہے۔ جس سے مجھ جیسے طالب علموں کے علاوہ جفار حضرات بھی مستفید ہوں گے، علم جفر آئمہ معصومین پاک کا علم ہے۔ علم اخبار الجفر میں علم نجوم اور علم الرمل کی طرح ظن اور قیاس سے کام نہیں لیا جاتا۔ علم جفر میں سوال کا جواب فقرہ کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ جس میں جفار کا ظن و قیاس بالکل شامل نہیں ہوتا۔ مستحصلہ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہونی چاہیے کہ جواب کی سطر غیر اختیاری طور پر پیدا ہو جائے اور اس میں جفار کی اپنی مرضی کو دخل نہ ہو۔ اس علم اخبار الجفر کے ذریعہ ہر قسم کے سوالات کو حل کیا جا سکتا ہے۔ پردہ راز میں چھپے ہوئے ہر امور کو منکشف کیا جا سکتا ہے۔ تمام مشکل مسائل کا حل علم جفر کے ذریعے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ مستحصلہ عطیہ خداوندی ہے۔ انسان کی روحانی و ذہنی قوتیں تیز اور ارفع ہوں۔ ہمراہ محمدؐ و آل محمد اور رحمت خداوندی شامل ہو۔ جب ہی ان علوم کو سمجھا جا سکتا ہے۔ جب انسان کامل سعی کرتا ہے اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں جب انسان کی یہ سعی

مشکور ہو جاتی ہے تو علم جفر کی کچھ جھلک جفر کے طالب علم پر منکشف ہو جاتی ہے۔ علم جفر کو یہ اعجاز حاصل ہے کہ یہ ہمیشہ نا اہل پر مخفی رہتا ہے۔ محمدؐ و آل محمدؐ کی غلامی کے بغیر اس علم کا دروازہ نہیں کھلتا۔ حصول علم جفر کے دوران ایسے مستحصلات جفر بھی دیکھے جو ابتداء ہی سے مدخل مساحت تھے اور ایسے مستحصلات بھی نظر سے گزرے جن کو بیان کرتے ہوئے معلوم نہیں ان محترم جفار حضرات نے کتنی بار زہر کھایا ہوگا اور کتنی بار ان کی روح بھی تڑپ اٹھی ہوگی کہ جنہوں نے مستحصلہ کو بیان کرتے وقت (وہ مستحصلات جفر جن کے جوابات کے لیے الہامی قواعد کو استعمال کیا گیا) اتنی بڑی قربانی دی ایک ایسی قربانی جو علامہ شاد گیلانی بھی نہ دے سکے ہوں گے اور ایسے مستحصلات بھی نظر سے گزرے جن میں جفار حضرات نے اپنے مطلوبہ سوال کے جواب کے لیے تو وہ اعداد مستحصلہ کے قواعد پر استوار کر لیے۔ جن کی نسبت سے ان کے مطلوبہ سوال کا جواب تو حاصل ہو گیا مگر کوئی دوسرا اس قاعدہ سے حل نہ ہو سکا۔ مگر کتاب ہذا میں ایسا ہرگز نہیں ہے اس کا ہر قاعدہ حقیقی علم جفر کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یقیناً علم جفر پر یہ شاہکار تصنیف علم جفر کا عظیم صحیفہ ثابت ہوگی۔

از: حکیم سرفراز احمد زاہد کا شاگرد
محمد قاسم، اڈا پکی کوٹھی، تحصیل میلسی

دواخانہ حکیم سرفراز احمد زاہد کے مشہور و معروف کورس

هيپاٹائٹس

ہیپاٹائٹس A,B,C کے لیے تشریف لائیں۔ انشاء اللہ تسلی بخش علاج کیا جائے گا اور بفضل خدا تین ماہ میں رپورٹ بالکل صحیح ہو جائے گی۔
فالج، لقوہ، دردیں، گھنٹیا، خارش تر، الرجی، نزلہ، کیرا اور جگر کے امراض کے علاوہ مردانہ و زنانہ پوشیدہ امراض کا تسلی بخش علاج کیا جاتا ہے۔

احوال مصنف

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ O وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِیْ O وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ O

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلہ واصحابک یا حبیب اللہ، کروڑوں درود و سلام اس حبیب رب العالمین پر جن کی وجہ سے تخلیق کائنات ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے اپنی پہچان کے لیے آفرینش عالم فرمایا۔ پھر لوح و قلم بنائے اور الرحمٰن وہ علم البیان فرمایا۔ اس کے بعد آدم علیہ السلام ہمیں کو اسماء سکھائے۔ وہ اسماء مبارکہ جو کائنات میں تمام علوم کی بنیاد ہے۔ تمام کائنات میں جمادات، نباتات، حیوانات، موجودات میں تمام علوم اور بولی جانے والی زبانوں کی بنیاد صرف 28 حروف پر قائم ہے اور یہ روز اول سے لے کر تا قیامت اس میں تبدیلی نہ ہوگی۔ یہ میرے رب کا فضل و کمال ہے۔ دنیا میں مختلف علوم رائج ہیں۔ جن سے انسان راہنمائی حاصل کرتا ہے۔ ان علوم میں چاہے جسمانی علوم ہوں یا روحانی۔ مطلب یہ ہے کہ جب انسان کا وجود کائنات میں آیا تو صحت کے ساتھ بیماری لازم ٹھہری۔ بیماریوں کے تدارک کے لیے اللہ تعالیٰ نے انسان کو سوچنے سمجھنے غور و تدبر کرنے کی صلاحیت عطا فرمائی۔ بیماری جسمانی ہو یا روحانی ان کے لیے سب سے پہلے تعلیم کا بندوبست کیا گیا۔ اس مقصد کے لیے انبیاء کرام کو معلم کے طور پر بذریعہ وحی تعلیم عطا ہوئی۔ اور انہوں نے یہ علم انسان کو ودیعت کیے۔ انسان نے ہر زمانہ میں نئی نئی راہیں نکالیں۔ دیکھیں طب عیسائیوں میں تھی، سائنس یہودیوں میں اسی طرح روحانی علوم بھی انہی دونوں میں رائج تھے۔ مختلف روحانی علوم جن میں سحری علوم، نجوم رمل اور جفر مسلمانوں سے قبل بھی رائج تھے۔ نجوم میں اہل یونان ید طولیٰ رکھتے تھے۔ رمل میں بھی دسترس رکھتے تھے۔ خصوصاً علم جفر بھی مسلمانوں سے قبل یہود میں مروج تھا۔ اس کی تفصیل علم جفر کیا ہے؟ میں تحریر کی ہے۔ مسلمانوں میں یہ پاک علم حضرت جعفر صادقؓ کے ذریعہ عام ہوا اور مسلمانوں نے اس پر بہت کام کیا۔ کئی نئی اصطلاحات کی گئیں۔ لیکن اس بات کو ماننا پڑے گا کہ آج بھی مروج قواعد یونانی ہی ہیں، جن میں نجوم بھی شامل ہے۔

مجھے علم جفر کا شوق 1985ء میں ہوا۔ جب ایک رسالہ میں قاعدہ بدوح ملین دیکھا۔ بڑا

عجیب علم تھا۔ جس کا جواب فقرہ کی صورت میں نکلتا ہے۔ بہت عرصہ اسے سمجھنے میں گزرا۔ اگر کوئی بات پلے نہ پڑی۔ احساس ہوا کہ جب تک استاد سے باقاعدہ تعلیم نہ لی جائے اس وقت تک مشکل ہے اور اس کے لکھنے والے مصنف بابر سلطان کی تلاش شروع ہوئی۔ اس سے قبل ایک بات لکھنا ضروری سمجھتا ہوں۔ اس وقت بھی روحانیت سے بہت شغف تھا۔ سلسلہ نقشبندیہ کے اذکار و اسم ذات کا ورد بہت زور و شور سے جاری تھے۔ مراقبہ، ٹیلی پیتھی اور ہپناٹزم کی مشقیں عروج پر تھیں۔ عملیات وطب کا شوق ورثہ میں ملا تھا۔ میرے پڑدادا جالندھر میں روحانی بزرگ کے طور پر سکھ ہندو مسلم سب میں یکساں عزت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ میرے دادا اور ان کے بڑے تین بھائی بہت پائے کے طبیب ہوئے ہیں۔ ان میں میرے ایک دادا بہت بڑے کیمیا گر تھے۔ بچپن میں انہیں اس شغل میں دیکھا کرتا تھا۔ والد محترم بہت زبردست عامل تھے۔ گو والد محترم اور دادا حضور سے کچھ نہ حاصل کر سکا۔ جب شعور کی آگاہی ہوئی تو یہ بزرگ اس دنیا سے پردہ فرما گئے۔ والد محترم تو تین سال قبل اس دنیا سے پردہ کر گئے ہیں۔ رسالہ آئینہ قسمت میں ان کی وفات پر اطلاع چھپی تھی۔ اس وقت میں واپڈا آڈٹ میں تھا۔ جب علم جفر کی جستجو ہوئی۔ آخر بڑی تلاش بسیار کے بعد استادی بابر سلطان مدظلہ تعالیٰ سے ملاقات ہوئی۔ اس وقت تو خوبصورت نوخیز بابر سلطان تھا۔ ملاقات پر میرا تاثر عجیب تھا۔ میرے خیال کے مطابق کوئی بوڑھا شخص ہوگا۔ لیکن جب میں نے دروازہ بجایا تو میری عمر سے آدھی عمر کا نوجوان خوبصورت سامنے کھڑا تھا۔ کس سے ملنا ہے۔ کہا جناب بابر سلطان سے فرمایا میں ہی ہوں! میں بڑا حیران ہوا۔ بہر حال جفر کی تعلیم کی درخواست کی جو قبول ہو گئی۔ اس کے بعد تعلیم شروع ہو گئی۔ طریقہ کار یہ تھا کہ صبح آفس اور تین بجے کے بعد استاد محترم کی خدمت میں حاضری ہوتی۔ وقت کی قید نہ تھی، کسی قسم کا غم نہ تھا۔ نہ شادی، نہ فکر۔ علم جفر کے قواعد کبھی مسجد کے صحن میں کبھی قلعہ کہنہ قاسم باغ ملتان کے پلاٹوں میں بیٹھ کر سیکھے جاتے۔ اس کے بعد اتنا تعلق بڑھا میں اور استادی بابر سلطان ایک دوسرے کے گھر کے فرد نظر آنے لگے۔ 1988ء میں استاد محترم نے رسائل میں لکھنے کا حکم دیا تو پاکستان کے روحانی رسائل آئینہ قسمت، فلکیات کراچی کے علاوہ کئی اور میں مستقلہ پر لکھنا شروع کیا۔ اسی کے ساتھ ساتھ طبی رسائل میں طب پر سیر حاصل مضامین لکھتا رہا۔ کیونکہ اس وقت میں باضابطہ فاضل طب والجراحت کا کورس ملتان ابن سینا طبیہ کالج سے کر چکا تھا۔ طبی مضامین کی اشاعت کی وجہ سے ملک کے نامور طبی ماہرین واہل علم سے روابط بڑھے۔ ان روابط سے جفری مواد لکھا ہوا۔ تقریباً 20 سال سے لکھ رہا ہوں۔ ملک کی تمام جنتریوں میں کمالات جفر کے عنوان سے لکھتا رہا ہوں۔ اب بھی لکھ رہا ہوں۔ اس وقت ملک کے نامور عاملین جناب شاہد الیاس سیٹھی، سرور شباب صاحب، علامہ شاد گیلانی مرحوم صاحب کے علاوہ کیمیا گروں اور ماہرین علوم مخفی سے تعلق قائم ہوا۔ زنجانی صاحب سے بابر سلطان صاحب کے توسط سے 1988ء میں تعلق قائم ہوا۔ اسی دوران استادی بابر سلطان قاضی مدظلہ ملتان سے فیصل آباد منتقل ہوئے تو سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا۔ اس کے بعد جفر کی تلاش شروع ہوئی۔ اس سلسلہ میں کئی ماہرین جفر (جو اصل جفر جانتے تھے) سے ملاقات ہوئی۔ کافی سفر کیے۔ خدمتیں کیں۔ یہ صاحبان فن پوشیدہ تھے اور اپنے علم کو اپنے گناہوں کی طرح اولاد سے بھی چھپا کر قبروں میں جا سوئے۔ ایک صاحب فن کی دس سال تن من دھن سے خدمت کی حالت نزع سے قبل پاس بیٹھے لوگوں کو کہا کہ میں نے اپنا تمام علم حکیم سرفراز احمد زاہد ملتانی کو منتقل کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو اپنے نور سے منور کردے۔ مگر حقیقتاً نہیں دیا۔ لیکن اس بات کا ملال بالکل نہیں۔ علامہ شاد گیلانی مرحوم سے بھی فیض ملا اور ان سے ملا ہوا قاعدہ اس کتاب میں سب سے پہلے درج ہے۔ مجھے اس خدمت کے صلہ میں اتنا جفر ملا کہ دو مزید کتابیں لکھی جا سکتی ہیں اور یہ تمام علم گھر بیٹھے ملا۔ یہ سب میرے مولا کا کرم ہے۔ محبت آل رسول کا نتیجہ ہے۔ عاجزی وانکساری سے ملا اور میرے مرشد کریم حضرت سیدنا سر سبز حسن ضیاء چشتی صابری علیہ رحمۃ کی فیضان نظر کا نتیجہ ہے۔ جن کی نظر عنایت شفقت سے عزت شہرت اندرون اور بیرون ملک ملی اور جفر بھی آپ کی عطا سے ملا مگر دور دراز سفروں کے باوجود نہ ملا۔ جب تلاش ختم کی تو جفر کی اتنی بارش ہوئی کہ لبریز ہو گیا اور دینے والوں نے دروازہ کھٹکا کھٹکا کر دیا۔ یہ سب میرے مرشد کریم سید سر سبز کا کرنا ہے۔

اسی دوران سلسلہ نقشبندیہ سے خلافت ملی۔ 2000ء میں ملتان سے حیدرآباد تبدیلی ہو گئی۔ وہاں عید میلاد النبی کے جلوسوں کی قیادت بھی کی۔ 2002ء میں واپس ملتان آ گیا۔ واپس تبدیلی میں حضرت شاہ زنجانی صاحب کی بھی کوششیں شامل ہیں۔ بلکہ تبدیلی کی سب سے پہلے اطلاع بھی آپ نے ہی دی تھی۔ یہ تبدیلی ایک درویش سید بختیار حسین گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی کوششوں سے ہوئی تھی۔ واپسی پر سلسلہ چشتیہ نظامیہ بنگلہ بلے والا عارف والا روڈ ساہیوال حضرت سید اشتیاق حسین اجمیری مینتی سے خلافت اور شجرہ شریف ملا۔ بذریعہ سید بختیار حسین گیلانی رحمۃ

اللہ علیہ شمع شبستان نوری کے مصنف حضرت اقبال احمد نوری رحمۃ اللہ علیہ کی جانب سے دستار بندی ہوئی۔ یہ سب انعامات ہیں جو علم جفر کی تعلیم کی بنا پر نصیب میں تھے اور حاصل ہوئے۔ اس رب العالمین کا ہر لمحہ شکر گزار ہوں اور سجدہ ریز ہوں کہ ایسے ایسے انعامات دیے جو خواب وخیال میں بھی نہ تھے۔ میں بھی اپنے روحانی استاد کی طرح روایتی پیری مریدی سے کوسوں دور ہوں۔

اس کتاب انکشافات جفر کو لکھوانے اور علم جفر کو کتابی صورت میں لانے کے لیے تیار کرنے کا سہرا حضرت محترم سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب مدظلہ تعالیٰ کے سر ہے۔ انہوں نے ہی مجھے یہ کتاب لکھنے پر مجبور کیا۔ میں نے کئی دفعہ انکار کیا۔ مجھے نمود و نمائش کی طلب نہ ہے۔ لیکن شاہ صاحب کے بار بار کہنے اور ان کی شفقت پیار نے یہ کام مجھ سے کروالیا۔

محترم شاہ صاحب مجھے پچھلے 8 سال سے کہہ رہے تھے کہ جفر کو کتابی شکل میں لاؤں۔ اس کے لیے اندرون اور بیرون ملک سے بھی دوست احباب آمادہ کرتے رہے۔ لیکن میرا جواب ہوتا کہ جب اپنا ذاتی گھر ہوگا اور ایڈریس بھی ذاتی ہوگا تب لکھوں گا۔ دو سال حیدرآباد قیام کے بعد ملتان واپسی پر ایک سال بعد اپنا ذاتی مکان خریدا تو ایک ماہ بعد زوجہ محترمہ مرض کینسر میں مبتلا ہوگئی۔ یہ تقریباً ایک سال کا دوران علاج کا عرصہ بہت کٹھن اور تکلیف دہ تھا۔ شاہ صاحب اور استاد محترم حوصلہ دیتے رہے۔ اسی دوران والد محترم کا انتقال ہوگیا۔ جس وقت زوجہ محترمہ ہسپتال میں تھی اس وقت والد محترم کو منوں مٹی کے حوالے کر رہا تھا۔ یہ امتحان اور ابتلا کا زمانہ تھا۔ لیکن اللہ کے فضل و کرم میرے آفس کے دوستوں، میرے افسر اعلیٰ محمد نواز صدیقی ڈپٹی چیف آئی ٹی واپڈا ملتان کے تعاون لاہور میں فضل محمود بٹ میرے ساتھی کی کوشش اور میرے محکمانہ یونین کے ممبران محمد قاسم نیازی میرے دوست میاں محمد ندیم اسلم اور شاہ زنجانی صاحب استادی بابر سلطان قادری کی دعاؤں کے نتیجہ میں زوجہ محترمہ کو صحت کاملہ عطا ہوئی اور زندگی ملی۔ اس دوران میری 10 سال کی معصوم بیٹی فریدہ سرفراز کا حوصلہ اور اس کی معصوم محبت نے مجھے ثابت قدم رکھا اور زوجہ محترمہ کو دوبارہ زندگی دی۔ اس میں میرے روحانی استاد اور راہبر مرشد محمد حسن عثمانی مدظلہ تعالیٰ اور احمد حسن عثمانی مدظلہ تعالیٰ کی دعاؤں کے طفیل سب راستے آسان ہوئے۔ محترم شاہ صاحب میرے گھر ملتان بھی تشریف لائے۔ میں ایور گرین سکول انتظامیہ کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے بیماری کے دوران میری بیٹی کا خیال رکھا۔ میں اپنے تمام دوستوں مہربانوں کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔ جنہوں نے اس کٹھن مرحلہ میں میری حوصلہ افزائی کی۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو خوش رکھے اور اسی مشکل وقت کے دوران جن لوگوں نے میری مشکلات میں اضافہ کرنے کی کوشش کی ان کو بھی اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے نوازے۔ ہر کسی نے اپنے اپنے حصے کا کام کیا۔ لیکن اس دوران محسنوں اور دشمنوں کا ادراک ہوا۔ دعا گو ہوں اللہ تعالیٰ کسی کو بھی ایسے کٹھن مرحلے سے نہ گزارے اور اپنی حفظ و امان میں رکھے۔

قصہ مختصر شاہ زنجانی صاحب کی بار بار یاد دہانی پر اگست 2007ء میں کتاب شروع کی۔ دو تین ماہ تو اسی بات میں صرف ہوگئے کہ کون سا قاعدہ شامل کروں۔ پھر ارادہ ہوا کہ جو شائع ہو چکا ہے اسے چھوڑ کر نئے قواعد لکھوں۔ اسی دوران ایک دو کتابیں جفر کی نظر آئیں۔ ان کتب میں ایک ہی قاعدہ کو تختہ مشق بنایا گیا۔ آخر میں چند قاعدے اسی حالت میں استادی بابر سلطان کے دیے جو میرے پاس بھی تھے۔ تب سوچا کہ علم لکھوں اور اصل لکھوں۔ جب کتاب لکھنی شروع کی تو معلوم ہوا کہ کتاب لکھنا کتنا مشکل کام ہے۔ ایک ایک قاعدہ چن کر معیاری مثالوں کے ساتھ لکھنا جوئے شیر لانے کے مترادف تھا۔ بعض اوقات مستحصلہ حل کرنے کے دوران طویل وقفہ آجاتا۔ حروف منہ چڑاتے۔ دو دو ماہ تک ہاتھ نہ لگاتا مگر ارادہ بن بن کر ٹوٹتا۔ کئی دفعہ دل نے کہا کتاب کا کام چھوڑ دوں۔ کیا کرنا ہے۔ لیکن اسی دوران دوستوں کے فون آتے کہ زاہد صاحب کتاب چھپ گئی، انہیں جواب دیتے ہوئے بڑی شرمندگی ہوتی۔ اسی دوران شاہ صاحب بھی یاد دہانی کراتے رہے۔ آخر کتاب مکمل ہوگئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس دوران میرے ساتھ اللہ رب العزت کا فضل و کرم شامل رہا۔ ایک ایک لمحہ کا شکر ادا نہیں کرسکتا۔ میرے مولا کا کرم میرے مرشد کریم کی روحانی امداد و نظر عنایت شاہ صاحب کی حوصلہ افزائی۔ قربان جاؤں دو دو ماہ کے وقفہ سے چھوڑا ہوا قاعدہ حل کرنے بیٹھتا تو ایک گھنٹہ میں تین چار مثالیں ایسے حل ہو جاتیں جیسے جفر کی بارش ہو رہی ہو اور الہامی طور پر قاعدہ ایسے محسوس ہوتا کہ یہ تو معمولی قاعدہ ہو۔ میں نے اس دوران بڑے بڑے واقعات دیکھے۔ جتنے قواعد حل کیے ہیں۔ ان سب کی مثالیں 100% درست ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کتاب لکھوانے میں سارا کریڈٹ محترم شاہ زنجانی صاحب کو جاتا ہے۔ کیونکہ سید بادشاہ کی دعائیں میرے ساتھ تھیں۔ دعا گو ہو کہ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی اولاد پر اپنی رحمتوں کی بے پناہ بارش کرے۔ قواعد حل کرنے کے دوران میری نور نظر لخت جگر پیاری بیٹی فریدہ سرفراز بڑا تنگ کرتی رہی اس کی معصوم حرکتیں مشکل ترین قواعد حل کرنے میں بڑی معاون ثابت ہوئیں۔

اپنے محترم دوست پیر علامہ حکیم خواجہ سرور شباب مدظلہ تعالیٰ سجادہ نشین دربار عالیہ

حضرت بابا صوفی بہادر علی قادری رحمۃ اللہ علیہ اور اپنے شاگرد محمد قاسم اڈہ پکی کوٹھی میلسی کا بے حد شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے بار بار باور کرایا کہ کتاب مکمل کریں۔ اس کتاب میں میں نے بہت محنت کی ہے۔ آج تک جتنی جفر پر کتب لکھی گئی ہیں انشاء اللہ علمی طور پر اسے سب پر فوقیت ہو گی۔ اپنے اساتذہ کرام جناب علامہ ڈاکٹر بابر سلطان قادری مدظلہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں۔ ان کی نظر التفات مجھ پر ہر وقت رہی۔ اپنے مرشد کریم رحمۃ اللہ علیہ کا غلام ہوں۔ جن کے فیضان سے میں علم میں بہرہ ور ہوا اور میری اندرون و بیرون ملک پہچان ہوئی۔ انشاء اللہ جلد اس کتاب کا حصہ دوم تحریر کرنا شروع کر دوں گا۔ جس میں بے مثل قواعد ہوں گے۔ جو آج تک منظر عام پر نہیں آ سکے۔ اس میں جفر جامع کے قواعد بھی ہوں گے۔ اس کے ساتھ ہی علم الآثار الجفر پر اپنی 20 سالہ تجرباتی زندگی کا نچوڑ ہوگا۔ تحریر کرنا شروع کر دی ہے۔ یہ بھی ایک منفرد کتاب ہے۔ اس کے ساتھ ہی طب پر مجربات واکسیر زاہدی کے نام سے کام شروع ہے۔ اب سلسلہ چل پڑا ہے۔ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے وعدے نبھانے کی ہمت و طاقت دے۔ سب کام اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق کے ساتھ ہی ہیں۔ بندہ تو کچھ بھی نہیں۔ میں بھی اپنے رب کے حضور بدست دعا ہوں کہ مولا کریم اپنے حبیب پاک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور مولا پنج تن پاک کے صدقہ میں علم کی اشاعت اور ترویج عام کرنے میں طاقت دے۔ آمین ثم آمین۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ۔

والسلام

الفقیر حکیم سرفراز احمد زاہد چشتی صابری
کاشانہ سرفراز، ہاؤس نمبر 7، سٹریٹ نمبر 5،
رحمان کالونی، کالرو روڈ،
اللہ شافی چوک، ملتان
فون نمبر-061-4517668
موبائل:0300-6331210
ویب سائٹ www.sarfrazjafar.com
۲۷ اگست ۲۰۰۸ء بروز بدھ
۲۴ شعبان ۱۴۲۹ھ

علم جفر کیا ہے؟

ایک منفرد تحقیق یا حقیقت

تحقیق یا حقیقت میں صرف حروف کی نشست کی تبدیلی سے معمولی فرق پڑتا ہے۔ تحقیق بھی حقیقت ہوتی ہے اور درست حقیقت ہی تحقیق ہوتی ہے۔ علم جفر کیا ہے۔ یہ ایک سوال ہے۔ جس کے بارے میں ہر ذی شعور انسان حقیقت معلوم کرنا چاہتا ہے۔ علم جفر کیونکہ ایک الگ شعبہ ہے۔ لوگ اسے بھی نجوم سمجھتے ہیں۔ حالانکہ یہ نظریہ درست نہ ہے بلکہ حقیقت یا تحقیق یہ ہے کہ!

علم جفر کو اگر فنی اور سائنٹیفک اصولوں کو مدنظر رکھ کر پرکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ علم حروف کا الجبرا ہے۔ جس کے ذریعے ہر سوال کا جواب فقرہ کی صورت میں ڈھل کر آتا ہے۔ علم نجوم، رمل اور علم الید کی طرح اس میں ظن اور قیاس کو دخل نہیں۔ یوں تو دنیا میں بے شمار علوم ہیں اور ایک سے ایک اعلیٰ و افضل ہے۔ لیکن جو شرف و بزرگی علم جفر کو حاصل ہے۔ وہ دوسرے کسی علم کو نصیب نہیں۔ کیونکہ ہر علم کی بزرگی اور شرافت کا دارومدار اس کی غرض و غائت پر ہوتا ہے۔ جس علم کے اغراض و مقاصد اعلیٰ وارفع ہوتے ہیں وہی علم افضل و اشرف ہوتا ہے۔ علم جفر انسان کو ہر شعبہ ہائے زندگی میں مشعل راہ و سنگ میل کا کام دیتا ہے۔ اس سے نہ صرف حوائج دنیوی پیدا ہوتے ہیں بلکہ آئندہ حالات وواقعات گذشتہ بھی آئینہ حال میں ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔

یہ علم باب علم سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا زندہ کرشمہ ہے۔ آپ کے بعد حضرت سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام کے نام سے منسوب ہو کر شہرت پا گیا۔ اور کثرت استعمال سے جعفر سے جفر ہو گیا۔ علامہ فخر الدین رازی نے جفر کے معنی چاہ روشن پر از آب اور جبل کی کھال کے لیے ہیں۔ اگر جفر کے معنی عربی لغت میں دیکھیں تو کہیں یہ لکھا ہوا نہ ملے

کا کہ جفر جعفر کا مخفف ہے۔ اس کے معنی ہیں چمڑے کے وہ متعدد لکھے ہوئے ورق یا ایک جگہ سے نکلنے والی ندیاں۔ ہو سکتا ہے کہ ابتدا یہ علم محفوظ کرنے کے لیے امام علیہ السلام کے شاگردوں نے بیل کی کھالوں پر لکھا ہو۔ اس علم کو کائنات کے حالات کا آئینہ سمجھ کر ''چاہ روشن پُر از آب'' کے معنی لیے گئے ہوں۔ لیکن یہ صرف لغوی معنی ہیں۔ ان معنوں کا علم جفر اور اس کے آثار و اخبار سے کوئی تعلق نہیں۔ حقیقت میں علم جفر اعداد و حروف کی اس قوت کا نام ہے۔ جس کے ذریعے حوادث عالم کو قبل از وقت معلوم کر لیا جاتا ہے۔ علم جفر جسے حروف و اعداد کی باقاعدہ سائنس تسلیم کیا جا چکا ہے۔ اس کے ذریعہ درپیش مسائل کی عقدہ کشائی کے ساتھ ساتھ تکمیل حاجات کے لیے مدد لی جاتی ہے۔

اگر ہم حقیقت کی آنکھ سے دیکھیں تو پتہ چلتا ہے کہ یہود بھی اسلام آنے سے قبل علم جفر جانتے تھے۔ اکثر جگہ تذکرہ ملتا ہے۔ مثلاً ایک حدیث ہے کہ ایک یہودی نے الـــم سن کر اپنی قوم کو کہا کہ اسلام صرف 71 برس رہے گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہونے والی کتاب توریت کا چھٹا اور ساتواں حصہ جس میں ابجد کے خواص اور اعداد و موکلات و مہروں سے متعلق ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ علم حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اتارا گیا۔ میں ایسے محترم بزرگ اور صاحب علم فقہ جعفریہ سے واقف ہوں جنہوں نے علم جفر یہودیوں سے سیکھا ہے۔

اس سے ظاہر ہوا کہ علم جفر الہامی علوم میں سے ہے اور انبیاء علیہ السلام کا ہے اور ان کے بعد درجہ بدرجہ اور سینہ بہ سینہ چلتا ہوا حضرت امام جعفر صادق کو بھی مل سکتا ہے۔ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ آپ نے بھی چند نکات بیان فرمائے ہیں۔ ایک تحقیق یہ بھی ہے۔ اس علم کو زمانہ قدیم میں علم الحروف کہتے تھے۔ حروف و زبان کی تخلیق کے ساتھ ساتھ ہی علم الحروف نے جنم لیا ہوگا۔ بقول عام جفار اور مسلک جعفریہ کے مطابق اس علم کی ابتدا حضرت علی کرم اللہ وجہ سے ہوئی اور امام جعفر صادق نے اپنے شاگردوں کو تعلیم فرمایا۔ اس کے اصول و ضوابط بھی آپ نے ہی مقرر فرمائے۔ ویسے تو یہ بھی کہا جاتا ہے حضرت آدم نبینا علیہ السلام کی تخلیق کے بعد منصب خلافت پر سرفراز فرمانے سے پہلے اللہ تعالیٰ نے جن اسماء کا علم عطا فرمایا تھا۔ وہی مبارک نام اس علم کی بنیاد ہیں۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حضرت امام حسین

علیہ السلام کو علم جفر میں کمال حاصل تھا۔ جب امیر معاویہ نے آپ کے لشکر کے سرداروں کی تعداد اپنے ساتھ ملا لی۔ تو آپ نے صلح کی گفت گو شروع کر دی۔ لشکریوں میں زیادہ لوگ کوفہ کے تھے۔ جن کے ظاہر و باطن میں بڑا فرق تھا۔ بعض لوگوں نے اس صلح پر اعتراض کیا کہ ہم پر اعتماد نہیں۔ امام نے فرمایا مجھے اعتبار ہے لیکن تم سے زیادہ تعداد قابل اعتماد نہیں۔ آپ نے فرمایا میں نے علم جفر سے جواب حاصل کیا ہے اور موجودہ اور سابقین جفار کی طرف سے آپ کے ساتھ قاعدہ ابجد اکثر کتب میں منسوب کیا جاتا ہے۔ ثبوت کے طور پر یہ سوال پیش کیا جاتا ہے۔ کیا اہل کوفہ میری امداد کریں گے۔ عربی میں ایسے لکھا گیا۔

سوال: اسینصروفی اهل الکوفه؟

جواب: لا ینصر الکوفی لا یوفی

کہ یہ آپ کی مدد کریں گے اور نہ وفا۔

مگر میں اس بات کو قطعی طور پر قبول نہیں کرتا۔ کیونکہ یہ ظنی قواعد آپ کی شان مبارک سے ہیچ ہیں۔ کیونکہ خاندان نبوت قلم دوات اور ان ظنی قواعد کا محتاج نہ تھا۔ وہ پاک ہستیاں جو نواسہ رسول رحمت للعالمین ﷺ ہوں۔ کسی مسئلہ کو معلوم کرنے کے لیے سوال قائم کر کے جواب نکالیں اور وہ بھی ایک معمولی ظنی قاعدہ سے۔ جس کی اپنی کوئی حیثیت نہ ہو۔ کیا خاندان نبوت کو اتنے پاپڑ بیلنے پڑتے تھے؟ مجھے افسوس ہوتا ہے ایسے لوگوں نے معمولی شہرت کے لیے ایسے گستاخانہ فعل سرانجام دیے اور ایسی باتیں آپ کی شان مبارک سے منسوب کیں۔ وہ ہستیاں جن کو جبریل علیہ السلام کھلائیں، جو افضل الانبیاء کا نواسہ اور اسد اللہ غالب امیر المومنین کا لخت جگر ہو، جن کے آگے دنیا کے رائج اور دنیائے آفرینش سے لے کر اس وقت تک تمام حالات کھلی کتاب کی طرح ہوں۔ افسوس صد افسوس ان پر جنہوں نے ظنی باتوں کو کائنات کی برگزیدہ ہستیوں سے منسوب کیا اور اس سے بھی زیادہ ان پر جنہوں نے آنکھیں بند کر کے اس پر یقین کر لیا۔ فرض کر لیں اگر یہ سچ ہے تو وہ مومنین اہل علم یہودیوں سے علم کیوں سیکھیں؟

چونکہ یہ ایک پاک علم ہے اور مستند قواعد کے تحت جواب کے حروف غیر اختیاری طور پر پیدا ہوتے ہیں۔ جن کو ترتیب دینے سے ایک بامعنی فقرہ بن جاتا ہے۔ جو سوال کا حتمی جواب ہوتا ہے۔ یہ سب یونانی قواعد ہیں جن میں اعداد اور نجوم کا آمیزہ شامل ہے۔ چونکہ یہ علم انبیاء

میں سے ہے۔ لہٰذا اس میں ایک خاص خصوصیت ہے کہ یہ تمام طریق پر کسی کو نہیں آتا۔ یہ علما کا ورثہ ہے اور خاص خاص علماء کے فہم تک اس کی رسائی ہوتی ہے۔ یہ علاوہ ہوتے ہیں جن کے قلب پر واردات اترتی ہے اور وہ متقی لوگ ہوتے ہیں۔ یا یوں سمجھ لیں کہ جب تک آپ اپنے آپ کو وارث علوم انبیاء ثابت نہیں کریں گے اس وقت تک ادراک تک نہیں پہنچتا۔ جس شخص پر عنایت ایزدی ہوگی اس کو آ کر فرشتے بھی تعلیم دے دیتے ہیں۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ میں کسی کو کوئی راز بتا دوں تو نہیں بتا سکتا۔ اس علم کی علم الاخبار کی شاخ کو مستحصلہ کہتے ہیں۔ اس کا جواب قلب پر وارد ہوتا ہے۔ بعض اصحاب نے چند گوشے اس علم کے بے نقاب کیے ہیں۔

میں نے اس بارے بڑی تحقیق کی ہے۔ پاکستان میں اہل سنت میں جتنے جفار گزرے ہیں یا اس وقت موجود ہیں۔ وہ سب سلسلہ قادریہ سے روحانی طور پر منسلک تھے۔ سید حیات شاہ اللہ آباد، استادی بابر سلطان قادری فیصل آباد، مولانا شمس الدین میلسی، علامہ شاد گیلانی، بابا امان اللہ دھریجہ مرحوم اور بھی کئی اساتذہ کرام۔ جو اصل جفر جانتے تھے یا جانتے ہیں۔ بابا امان اللہ دھریجہ علیہ الرحمۃ کو دوران چلہ قاعدہ احست سات طریق سے تعلیم ہوا تھا۔ مصر میں ابوالفتاح طوخی نے اور ایران میں علماء کرام کے علاوہ آج ملائیشیا، مصر، انڈونیشیا میں علم جفر جاننے والے ہیں۔ ان لوگوں کے پاس علم ہے۔ الکل کچھ قواعد نہیں۔ سابقہ ادوار میں اردو میں چند کتابیں لکھی گئیں مگر ان میں بھی مستحصلہ بند ہی رکھا اور آج تک نہ مکمل سکا۔ عربی میں بھی کتب کافی لکھی گئیں۔ اب پاکستان میں پچھلے بیس سال میں جو کتب لکھی گئی ہیں ان میں مستحصلہ بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بہرحال عربی ابجد کے 28 حروف ہیں اور اردو میں 35 حروف ہیں۔ ابجد کے 28 حروف ہیں اور ان کے جوڑوں سے جو حروف بنتے ہیں وہ لامتناہی سلسلہ ہے۔ دنیا کی بے شمار زبانیں اسی قسم کے حروف سے بنتی ہیں اور قیامت تک یہ سلسلہ ختم نہ ہوگا۔ جہاں تک مستحصلہ کا تعلق ہے اگر چند حروف متشابہ نکال دیے جائیں تو بھی نفس کلام میں فرق نہیں پڑتا۔ مثلاً ث یا س یا ص کو لیں۔ ان کی آوازیں متشابہ ہیں۔ اگر سلام کو صلام کر کے لکھیں یا ثابت کو سابت کر کے لکھیں تو بولنے میں حرف تو صحیح آئے گا مگر املاء میں قوم کا یہ تسلیم شدہ طریقہ نہیں کہ ثابت کو سابت کر کے لکھا جائے۔ یہ کوئی قرآنی آیات تو نہیں کہ ضرور ثابت کو ثابت ہی لکھو۔ لیکن جب قوم نے مان لیا

کہ ثابت کو سابت نہیں لکھا جا سکتا، ورنہ غلط ہوگا تو اس لیے سب ثابت لکھتے ہیں تا کہ صحیح لکھا جا سکے۔ مستحصلہ میں اسی لیے بعض حروف کے بدلے کو جائز سمجھتے ہیں جب کلمات صحیح نہ بن سکیں۔ بات یہ ہے کہ ہماری اردو زبان میں 28 حروف نہیں بلکہ 35 ہیں اور وہ 28 حروف میں لکھی بھی نہیں جا سکتی۔ غلط ہو جائے گی۔ جیسے پ، ٹ، چ، ڈ، ژ، ڑ، گ وغیرہ حروف ابجد میں نہیں ہیں۔ علم جفر تو 28 حروف سے مکمل ہے۔ لیکن جب اسے اردو میں ڈھالنا ہوگا تو یا تو چند حروف کا اضافہ کرنا ہوگا اور نئے قواعد مرتب کرنا ہوں گے۔ کیونکہ ہمارے ناموں میں کلام میں ان حروف کا آنا ضروری ہے۔ لیکن چونکہ ابجد میں اضافہ نہیں کیا جا سکتا اور نئے قواعد مرتب کرنے کی ہمت بھی نہیں یا اتنا علم ہی نہیں کہ اس میں یہ کمال پیدا کر سکیں۔ تو پھر بہتر یہی ہے کہ سوال عربی میں لکھیں اور جواب حاصل کریں۔ قدیم قواعد کام دیں گے۔ لیکن اردو میں جواب حاصل کرنے کے لیے بہت سے قواعد میں ترمیم کرنی پڑتی ہے اور امدادی حروف کا سہارا بھی لینا پڑتا ہے، جو مجبوری ہے۔ بہرحال مروجہ ابجد کو مرکب کر کے سات جملے بنا لیے گئے ہیں۔ ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ۔ یہ جملے بے معنی ہیں یا بامعنی۔ اس کے متعلق اہل علم کا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ان کے کوئی معنی نہیں۔ صرف مراتب اعداد ملحوظ رکھ کر جملے بنا لیے گئے ہیں۔ بعض کہتے ہیں کہ ابن مرہ جو عرب کا مشہور عالم تھا۔ اس کے آٹھ بیٹے تھے۔ یہ اس کے بیٹوں کے نام ہیں۔ لیکن اس بات سے بھی اختلاف ہے۔ کیونکہ تمدن عرب سے پہلے یہودی چھ جملوں سے کام لیتے تھے اور ان کی زبان 22 حرفوں سے مرکب تھی۔ بعد کے چھ حروف ث، خ، ذ، ض، ظ، غ ان کی زبان میں نہ تھے اور ان کے اعداد چار سو تک محدود تھے۔ یعنی قرشت کی تک تک اور کہتے ہیں ابجد سے قرشت تک مدائن کے چھ بادشاہوں کے نام تھے۔ لیکن یہ بھی اختلافی امر ہے۔ وجہ یہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے احکامات کی کتابوں بارے پہلے ذکر کیا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے گھر میں پرورش پانے کی وجہ سے دنیوی اور سحری علوم کی پوری تعلیم ملی تھی۔ ان کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ سے جو تعلیم پیغمبرانہ ہوئی تھی وہ چھٹے اور ساتویں احکام میں موجود ہے۔ اس میں ابجد بعینہ اسی ترتیب میں ہے۔ جسے ہم استعمال کرتے ہیں۔ (نوٹ: یہ احکام میں نے بذات خود نہیں دیکھے ان کی تلاش میں ہوں لیکن معلومات کے طور پر مواد موجود ہے۔ حکیم

سرفراز احمد زاہد) اور ان کے جو اعداد اس وقت مقرر ہیں۔ وہی اعداد حروف کے ان احکامات میں درج ہیں۔ یہ 22 حروف ہیں اور یہ کہنا درست ہے کہ حروف کے خواص ان کے اعداد اور ان کی ترتیب یعنی ابجد خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اتاری۔ انگریزی زبان میں بھی حروف ابجد کی ترتیب سے ہی بنی ہے۔ جس میں زمانہ کے ساتھ ساتھ تبدیلیاں آ چکی ہیں۔ یا زبان کا لہجہ تبدیل ہو کر کچھ کا کچھ ہو گیا ہے اور کچھ ترتیب بھی بدل گئی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

ABCD	ابجد
KLMN	کلمن
QRST	قرشت

یہ تو صحیح طور پر موجود ہیں۔ آخری چار حروف WXYZ بھی ضظغ کی طرح ملحق قسم کے ہیں۔ توریت کے احکامات میں ساتویں حصہ کی آیت 119 کو ملاحظہ کریں۔ تمام ابجد کے حروف اور خواص اور اعداد لکھے گئے ہیں۔ اور یہی ابجد کی مروج ترتیب ہے۔ لہٰذا یہ کلمات نہ ابن مرہ کے بیٹوں کے نام ہیں، نہ مدائن کے بادشاہوں کے نام تھے۔ یہ جس قدر تحقیق پرانی کتب میں لکھی گئی ہے، موہوم ہے اور لغو ہے۔

عبرانی حروفِ تہجی:

عبرانی حروف	تلفظ	ابجد عبرانی	حروف مفرد	اعداد
	الف	الف	ا	۱
	بےتھ	بے	ب	۲
	جمل	جیم	ج	۳
	دالتھ	دال	د	۴
	ہی	ہا	ھ	۵
	واؤ	واؤ	و	۶
	زائن	زا	ز	۷
	کیتھ	حا	ح	۸
	طیتھ	طا	ط	۹
	یود	یا	ی	۱۰
	کاف	کاف	ک	۲۰
	لامڈ	لام	ل	۳۰
	میم	میم	م	۴۰
	نون	نون	ن	۵۰
	سامک	سین	س	۶۰
	عین	عین	ع	۷۰
	فی	فا	ف	۸۰
	صادی	صاد	ص	۹۰
	قوف	قاف	ق	۱۰۰
	ریش	را	ر	۲۰۰
	شین	شین	ش	۳۰۰
	تاؤ	تا	ت	۴۰۰

اہل عرب نے بعد میں اپنی زبان کے مطابق چھ حروف بڑھا کر عددی تعداد ایک ہزار تک کر لی۔ عبرانی زبان میں 22 حروف اور اعداد 400 تک تھے۔ وہ جفر کے سوال کس طرح حل کرتے تھے۔ اس کی کوئی مثال اور نمونہ کسی کتاب سے نہیں مل سکا۔ چونکہ قدیم عرب کے لوگوں نے بعد کے دو جملے بڑھائے اور تعداد ایک ہزار تک مقرر کر لی۔ اس لیے جفر کے قواعد بھی انہوں نے مرتب کیے۔ ابن مرہ بھی انہی لوگوں میں سے ہوگا۔ صاحب قاموس نے پوری ابجد کا عربوں کو موجد قرار نہیں دیا۔ آخری دو جملوں کا موجد تسلیم کیا ہے اور یہ موقف صحیح ہے۔ اس لیے لازمی یہود اور عربوں کے طرز تکلم میں فرق ہوگا۔ اہل عرب نے یہود کے 22 حروف کے بعد 6 حروف اور اضافہ کر کے 28 حروف کا مجموعہ قائم کیا اور سات پر تقسیم مکمل کر لی۔ چار چار حروف کے جملے بنا

ہے۔ ہر جملہ کی تقسیم بہت دنوں پر بھی تقسیم ہوگئی۔ اتنی تفصیل کے بعد یہ تو بات ثابت ہے۔

علم جفر اس پاک علم کا نام ہے جو زبان اور ثقافت سے ہٹ کر اس کے روحانی اثرات سے متعلق ہے۔ اس میں علم الآثار جو حروف اور اس کی قیمتوں یعنی اعداد سے تعلق رکھتا ہے۔ لیکن علم الاخبار محض حروف بعض قواعد کے ماتحت الٹ پھیر ہے جس کا حساب سے تعلق ہے۔ مستحصلہ اسی کو کہتے ہیں۔ یہ ایسا علم ہے جس کو حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے اور بعض اوقات تو قدرتی طور پر ایسا پوشیدہ ہو جاتا ہے کہ اچھوں اچھوں کے قوائے عملیہ بے کار ہو جاتے ہیں۔ دماغ سوزی کوئی نتیجہ نہیں دیتی۔ اس لیے مشہور ہو گیا کہ روحانی قوتیں اگر کسی کے اندر ہیں تو سطر مستحصلہ نکل آتی ہے۔ یعنی حروف مستحصلہ کی تبدیلی روح میں اترنے والی خبر کے مطابق کر لی جائے تو جواب نکل آئے گا اور یہ بات حرف بہ حرف صحیح ہے۔ اس بات کا اندازہ اس کتاب میں درج بعض مستحصلات کے حل کے موقع پر ہوا کہ ایک سوال کبھی ایک ایک ماہ تک حل نہ ہوا جب کرم ہوتا تو ایک دن میں کئی کئی سوالات حل ہو جاتے۔ ایسے معلوم ہوتا جیسے مستحصلہ کے حروف الہامی طور پر ذہن میں اتر رہے ہوں۔

علم جفر دنیا میں ناپید نہیں بلکہ اس کے جاننے والے دنیا میں کم و بیش موجود ہیں۔ اس علم کے ذریعہ ہر قسم کے دینی اور دنیوی معاشرتی سوالات حل کر سکتے ہیں۔ بات کا جواب بات سے ملتا ہے۔ زندگی میں جو بات پوچھنے کے لائق ہو وہ جفر سے پوچھی جا سکتی ہے۔ آپ ہر قسم کے سوالات کاروبار، ملازمت، مقدمہ، امتحان، جسمانی مسائل، مشکلات، ناکامیوں کی وجہ اور ان کا حل معلوم کر سکتے ہیں۔ اسی علم کے ذریعے لاعلاج امراض کی تشخیص، معالج کا نام، مقام اور علاج معلوم کر سکتے ہیں۔ اسم اعظم معلوم کیا جا سکتا ہے۔

میں گذشتہ 20 سال سے اس علم پر لکھ رہا ہوں اور پاکستان میں واحد شخص ہوں جو اس علم کے ذریعہ ہر سال زنجانی جنتری میں ملکی اور غیر ملکی و سیاسی حالات پر پیش گوئیاں کر رہا ہوں اور اکثر صحیح ثابت ہوئی ہیں۔ زنجانی جنتری میں جفری پیش گوئیوں کی مقبولیت کو دیکھ کر دوسری جنتریوں میں بھی کئی نام نہاد جفاروں نے کوششیں شروع کر دی ہیں۔ جس میں کامیابی بہت دور ہے۔ ابھی آخری پیش گوئی پرویز مشرف کے اقتدار کی تھی جو 100% کامیاب ہوئی، یہ ایک سچا علم ہے، اس کی قدر کریں۔

فقیر حکیم سرفراز احمد زاہد

اصطلاحات

ہر علم میں ماہرین فن اصطلاحات بغرض اختصار استعمال کرتے ہیں۔ علماء جفر نے اس علم کو عام لوگوں سے پوشیدہ کرنے کی غرض سے یا پھر برائے اختصار اس علم میں خود وضع کردہ اصطلاحات کا اس قدر فراوانی سے استعمال کیا ہے کہ آسان سے آسان جفر بھی مرکوز ہو کر رہ گیا۔ بعض قواعد تو اس قدر مرموز کیے گئے کہ قابل ترین جفار بھی فہم کرنے سے قاصر رہے میں نے بہت کوشش اور تحقیق کے بعد ان اصطلاحات کی تشریح کو آسان الفاظ میں بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔ شائقین جفر کو چاہیے کہ ان اصطلاحات مرموزہ کو خوب ذہن نشین کر لیں کہ آئندہ بیان کیے گئے مستحصلات خفیہ و خبریہ کو سمجھ کر بآسانی حاصل کر سکیں۔ سب سے پہلے جفر کے دو معروف شعبوں کا ذکر کروں گا۔ مقاصد اور قواعد کے لحاظ سے علم جفر کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1- حصہ اخبار　　2- حصہ آثار

ان دونوں شعبوں کی اختصار کے ساتھ وضاحت کروں گا۔ لیکن پہلے حصہ آثار اور دوم اخبار ہے۔

1- علم جفر کا حصہ آثار:

پہلے حصہ کا نام حصہ آثار ہے اس میں حروف ابجد اور ان کے طلسمی اعداد کی پوشیدہ قوتوں کو مقصد کے مطابق متحرک کر کے خاص اوقات میں ان اثرات کو الواح و نقوش کی شکل میں جذب کیا جاتا ہے۔ جس سے عالم سفلی اور علوی میں ارتعاش پیدا ہوتا ہے اور سائل اپنا مطلب و مقصد حاصل کر لیتا ہے۔ اس کے علاوہ وظائف و عملیات وضع کیے جاتے ہیں۔ غرضیکہ انسانی زندگی میں جس قدر بھی واقعات و حادثات پیش آ سکتے ہیں۔ ان کے تدارک

کے لیے اس حصہ سے کام لیا جاتا ہے۔

2- حصہ اخبار:

اخبار خبر کی جمع ہے۔ خبر سے مراد کسی چیز کے متعلق معلوم کرنا۔ حصہ اخبار میں استخراج مستحصلات کے ان قواعد پر بحث کی جاتی ہے۔ جن کے ذریعے کسی سوال یا درپیش مسئلہ کا حل بذریعہ مستحصلہ حاصل کیا جاتا ہے۔ علم الاخبار علم جفر کی نہایت اعلیٰ قسم ہے۔ اس حصہ کا انسانی قوت تخیلہ اور قوت حافظہ سے گہرا تعلق ہے۔ اس کے علاوہ حساب اور الجبرا میں ماہر ہونا بھی بہت ضروری ہے۔ چنانچہ جفار کی ہر دو صورتیں جس قدر عمدہ ہوں گی مستحصلہ اسی قدر واضح ہوگا۔

علماء جفر نے اس علم کو سیکھنے کے چند قواعد مقرر کیے ہیں۔ ان اسرار و رموز کو جاننے کے لیے چند اصطلاحات رائج کی ہیں تمام علم کا دارومدار انہی ابتدائی باتوں پر ہے۔ اس میں سب سے اول قدم ابجد ہے تمام کائنات کا نظام 28 حروف کے تحت ہے۔

3- ابجد:

ابجد حرف کی ترتیب کا نام ہے۔ جس کے تحت حروف کی مختلف مقادیر (مقدار کی جمع) مقرر کی گئی ہے۔ ان مقررہ مقادیر کے لحاظ سے سوالات کے جوابات کا استخراج کیا جاتا ہے۔ کل 28 حروف ہیں۔ عربی میں 28 حرف ہی ہیں لیکن اردو میں چند حروف کا اضافہ ہے۔ مثلاً پ، ٹ، چ، ڈ، گ وغیرہ فالتو حروف ہیں۔ عربی میں یہ شامل نہیں ہیں۔ کل ابجد 28 ہیں۔ یہ تعداد منازل قمر کے مطابق ہے۔ اصطلاحات جفر میں ان ابجدوں کو لسان الغیب کہتے ہیں۔ ابجد کے تمام حروف کے اعداد 5995 ہیں۔ علماء جفر نے دو مشہور ابجدوں سے مختلف طریقوں سے مزید 28 اباجد استخراج کی ہیں۔ پہلی ابجد قمری کہلاتی ہے۔ یہ علم جفر میں ریڑھ کی ہڈی کہلاتی ہے۔ اسے زبانی یاد ہونا ضروری ہے۔ ہر حرف کا مرتبہ کا عدد اور اس کی قیمت زبانی از بر ہونا ضروری ہے اگر جفر سیکھنا ہے تو۔

دو مشہور اور ابتدائی اباجد مندرجہ ذیل ہیں۔ باقی جتنی بھی ابجدیں استخراج ہوتی ہیں انہی دو ابجد سے استخراج کی جاتی ہیں۔

1- ابجد قمری 2- ابجد شمسی

ابجد قمری:

علم جفر کا حصہ اخبار ہو یا حصہ آثار میں قمری بنیادی حیثیت کی حامل ہے۔ حروف کے اعداد ہوں یا نقوش اور الواح تیار کرنی ہوں تمام اعداد قمری سے ہی تیار ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس ابجد کو قمر (چاند) سے منسوب کیا جاتا ہے اور ابجد شمسی یا لعت کو شمس یعنی سورج سے مماثلت ہے اور یہ آتشی اور جلالی بھی ہے۔

ابجدی قمری:

مرتبہ	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
عدد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
مرتبہ	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
عدد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اعداد مراتب: کل اعداد 1 تا 9 ہیں۔ باقی سب ان میں جمع کرنے سے بنتے ہیں۔ مفرد اعداد صرف 9 ہیں۔ اسی ابجد قمری میں 9 عدد ہیں۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

اب اگر ان کو ایک درجہ ترقی دیں تو 1 کا 10 ہو جائے گا۔ 2 کا 20 ہو۔ ابجد میں

ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰

یہ اعداد دہائی یعنی عشرات کہلاتے ہیں۔ پہلے عدد اکائی ہیں۔ اب ان اعداد کو ایک درجہ اور ترقی دیں تو 10 کا 100 ہو جائے گا۔ مثلاً 20 کو ایک درجہ ترقی دی تو 200 ہو

گیا۔ یہ اعداد سیکڑہ کہلائیں گے۔ عددی زبان میں میات کہتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰

اب آخر میں حرف غ بچ گیا۔ اب 100 کو ترقی دی تو 1000 ہوا اور غ (۱۰۰۰) ہوا۔ اسے دوسرے لفظوں میں یوں بھی لکھ سکتے ہیں۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	← آحاد
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	
ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	← عشرات
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	← میات
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	
غ	-	-	-	-	-	-	-	-	← الوف
۱۰۰۰									

اس ترتیب کو ہم مرتبہ، ہم رتبہ بھی کہتے ہیں۔ یہ مستحصلہ حاصل کرنے میں بہت کار آمد ہے۔ علاوہ ازیں اسے یوں بھی لکھ سکتے ہیں۔

ایقغ (1)، بکر (2)، جلش (3)، دمت (4)، ھنث (5)، وصخ (6)، زعذ (7)، حفض (8)، طظ (9)۔ یوں نقرات بنیں گے۔ اس ترتیب سے لکھی گئی ابجد کو ابجد ایقغ بھی کہتے ہیں۔ اس کا ذکر آگے آئے گا۔

ابجد آدم:

ابجد آدم حروف ابجد کی ترتیب بھی جو ہم اول قاعدہ اردو میں پڑھتے ہیں۔

ابجد اتث:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص
ض	ط	ظ	ع	غ	ف	ق	ک	ل	م	ن	و	ه	ی
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اس ابجد سے عملیات میں کام بہت کم لیا جاتا ہے کیونکہ اس سے تیار کردہ اعمال بڑے جلالی ہوتے ہیں اور رجعت کا بہت خوف ہوتا ہے۔ اگر اس کی رجعت ہو جائے تو اس کا مداوا بہت مشکل ہوتا ہے ہاں بعض جگہ اس سے کام لیا جاتا ہے۔ لیکن اس کے اثرات بہت جلدی ظاہر ہوتے ہیں لیکن نقصان کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے چنانچہ عملیات میں اس کی بجائے ابجد قمری سے ہی کام لیا جاتا ہے یہ کیونکہ قمر سے منسوب ہے اگر اس میں غلطی بھی ہو جائے تو رجعت کا ڈر یا خوف نہیں ہوتا اور نقصان نہیں ہوتا۔

ابجد ایقغ:

جب ہم ابجد قمری کو اعداد مفردہ کے نیچے بار بار لکھتے ہیں تو ابجد ایقغ وضع ہوتی ہے۔ اس کا پہلے ذکر آ چکا ہے۔ لیکن اصول ایقغ کے مطابق یوں ہے۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
اساس	ا	ی	ق	غ	ب	ک	ر	ج	ل	ش	د	م	ت	ه	نظیرہ
نظیرہ	ن	ث	و	س	خ	ز	ع	ذ	ح	ف	ض	ط	ص	ظ	اساس
	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

ابجد ارغی:

یہ ابجد شمسی سے 9-9 کی طرح سے استخراج ہوتی ہے۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
اساس	ا	ر	غ	ی	ذ	ع	ه	د	ظ	و	خ	ط	ن	ح

نظیرہ	ض	م	ج	ص	ل	ث	ش	ک	ت	س	ق	ب	ز	ف
	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

یہ ابجد حصر اخبار اور قواعد خفیہ میں بہت استعمال ہوتی ہے۔ ابجد ارغی (1)، ابجد اہطح (2)، ابجد قمری (3)۔ یہ تسعات اہطح کہلاتی ہیں اور مستحصلہ کی جان ہیں۔

ابجد اعظم:

یہ ابجد، ابجد قمری سے چار چار کی طرح سے استخراج ہوتی ہیں۔ قواعد مستحصلہ میں یہ کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے حروف اربع عناصر بھی کہلاتے ہیں۔ اسے یوں بھی لکھتے ہیں۔ جہاں حروف کی طبع معلوم کرنی ہو تو اسے لازمی استعمال کرتے ہیں۔

حروف آتش	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
حروف بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
حروف آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
حروف خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

یہ حروف کی تقسیم ہے۔ ابجد یوں ہوگی۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	
اساس	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	نظیرہ
نظیرہ	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	اساس
	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

ابجد احست:

ابجد احست سے بہت قواعد حل ہوتے ہیں۔ زیر نظر کتاب میں اس کا استعمال بہت ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ا	ح	س	ت	ب	ط	ح	ث	ج	ی	ف	خ	د	ک
ص	ذ	ہ	ل	ق	ض	د	م	ر	ظ	ز	ن	ش	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجد اصخذ:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ا	ص	خ	ذ	س	ہ	ت	ل	ب	ق	ط	ض	ج	د
ث	م	ج	ر	ی	ظ	ف	ز	غ	ن	و	ش	ک	ع
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجد اجہز طکم یا عزیزہ:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجد قطب:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	و	ا	ل	ع	ظ	ی	م	خ	ق	ح	ز	ت	ف
ص	ن	ذ	غ	ر	ب	ش	ک	ض	ط	ہ	ج	د	ث
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجد قطب اعداد میں استعمال نہیں ہوتی۔ یہ ابجد ایک شعر سے منسوب ہے۔ جس کے حروف 44 ہیں۔ یہ ابجد علم جفر میں استخراج مستحصلہ کے لیے بہت اہم ہے۔ زیر نظر کتاب میں اس کا استعمال بڑے احسن طور پر کیا گیا ہے۔

دی گئی ابجد میں ہی مستحصلہ پوشیدہ ہوتا ہے۔

جمل کبیر:

کسی سوال کے اعداد ابجد قمری سے لے کر ان تمام اعداد کے میزان کو جمل کبیر

کہتے ہیں۔ جیسے

س	ر	ف	ر	ا	ز
۶۰	۲۰۰	۸۰	۲۰۰	۱	۷

۶۰ + ۲۰۰ + ۸۰ + ۲۰۰ + ۱ + ۷ = ۵۴۸ یہ جمل کبیر کہلاتا ہے۔

ان کے حروف بنائے: ۸ = ح، ۴۰ = م، ۵۰۰ = ث، حروف: ح م ث

جمل وسیط:

کسی عدد کا ایک مرتبہ کم کر کے حروف بنانا مثلاً:

اعداد 548، ان ۸+۵۴=۶۲ اور حروف ب س ہوئے۔

بسط صغیر:

بسط وسیط سے پیدا شدہ اعداد کا ایک ایک مرتبہ کم کر کے حروف بنانا جیسے

۶۲ = ۶+۲ = ۸ حرف ح بنا۔

بسط اصغر:

بسط صغیر کے اعداد کا ایک مرتبہ کم کر کے حروف بنانا۔ یہ سب قاعدہ بدون ملین میں بسا اوقات بعد حاصل کیے جاتے ہیں۔ باقی قواعد میں نہیں۔

اساس:

وہ بنیادی حروف یا سطر جس سے سوال کا جواب حاصل کرنے کے لیے حروف پیدا کیے جاتے ہیں۔ اساس کسی بھی مستحصلہ کی بنیاد ہے۔ اسی پر ہی مستحصلہ کی دیوار کھڑی ہوتی ہے۔ اساس قائم کرنے کے بہت طریقے ہیں۔ ہر قاعدہ کی مناسبت سے اساس قائم ہوتی ہے۔

تخلیص:

کسی سوال کے حروف سے جو حروف تکرار کریں ان کو نکال دینا صرف ایک دفعہ حرف کا آنا ضروری ہے۔ یعنی تکرارات کو خارج کرنا۔ مثلاً سوال ہے:

قلعہ کہنہ قاسم باغ کس شہر میں ہے؟

بسط:

اس سوال کو الگ الگ حروف میں لکھا تو

ق ل ع ہ ک ہ ن ہ ق ا س م ب ا غ ک س ش ہ ر م ی ن ہ ی

ان کی تخلیص کی تو یہ حروف حاصل ہوئے۔

تخلیص: ق ل ع ہ ک ن ا س م ب غ ش ر ی

تکرارات چھوڑ کر تخلیص کی تو مندرجہ بالا حروف حاصل ہوئے۔ یہ سطر تخلیص ہے۔

اسی پر آگے مختلف مراحل میں عمل کیا جاتا ہے۔

نظیرہ:

نظیرہ کا مطلب ہے تبدیل کرنا، ابجد قمری میں اوپر کے حروف نیچے والے حروف کا نظیرہ ہیں اور اوپر والے حروف کا نظیرہ نیچے والے حروف ہیں یا یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہر حرف کا پندرھواں حرف اس کا نظیرہ ہوتا ہے۔ مثلاً ا کا نظیرہ س ہے اور س کا نظیرہ الف ہے۔ د کا نظیرہ ث ہے اور خ کا نظیرہ ی ہے۔ ابجد میں نچلے حروف کو ان کے اوپر کے حروف سے تبدیل کریں۔ ایک دوسرے کے اوپر نیچے کا حروف ایک دوسرے کا نظیرہ ہوتا ہے۔ مثلاً

حروف: ا و ج د س ش

نظیرہ: س ر ف ر ا ز = سرفراز

تکسیر موخر صدر:

تکسیر کا لفظ کسر سے نکلا ہے۔ کسر کے معانی ٹوٹ پھوٹ کے ہیں۔ اصطلاح جفر میں تکسیر کے معنی ہیں حروف کی سطر کو قواعد کے مطابق الٹ پلٹ کرنے کے ہیں۔ مندرجہ بالا قسم تکسیر کی شرح کچھ یوں ہے کہ حروف کو اس طرح گردش دی جائے کہ مطلوبہ سطر کا آخری حرف لیں۔ اسے سطر کے پہلے حرف کے نیچے لکھ دیں۔ پھر اس سطر کا پہلا حرف شروع سے لیں۔ اسے آخری حرف کے آگے لکھ دیں۔ پھر آخر سے ایک حرف پھر شروع سے حرف لے کر تمام سطر کے حروف کی نشست تبدیل کر دیں۔ اس طرح تمام حروف کی جگہ تبدیل ہو جائے گی۔ یہ نئی سطر موخر صدر کہلائے گی۔ مثلاً

سطر: ک م ر ر ز ا ف س ی ح

موخر صدر: ح ک ی م س ر ف ر ا ز

یہ عمل بار بار دہرایا جاتا ہے۔

تکسیر صدر موخر:

مندرجہ بالا تکسیر موخر صدر کا عکس ہے۔ وہاں ہم نے آخری حرف پہلے لیا تھا اور پہلا حرف بعد میں۔ لیکن اس میں پہلا حرف اپنی جگہ قائم رہے گا۔ آخری حرف اس کے آگے لکھ دیں گے۔ پھر شروع کا حرف لیں گے اس کے بعد آخر سے حرف لیں گے۔ اسی طرح تمام سطر کے حروف گردش کر جائیں گے۔ مثلاً

مطلوبہ سطر: ح ی س ف ا م د ح ز ر ر م ک

صدر موخر: ح ک ی م س ر ف ر ا ز ا ح م د

اقسام حروف:

حروف کئی قسم کے ہیں۔ یہاں میں ان سب کو فرداً فرداً بیان کروں گا۔ جن کی ضرورت قواعد خبریہ میں ہوتی ہے۔ ان کا ہر طالبعلم جفر کے لیے جاننا ضروری ہے۔

حروف صولتہ:

یہ کل تیرہ حروف از روئے جفر قرار دیے گئے ہیں۔ ان کی تعریف اس طرح سے ہے کہ ان پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ علاوہ ازیں انہیں حروف چپ بھی کہتے ہیں۔ یہ حصہ آثار الکلم میں کلیدی حیثیت کے حامل ہیں۔ انسانی زندگی کے تقریباً 50% مسائل کے حل پر محیط ہیں۔ ان سے طلسمات بھی تیار ہوتے ہیں۔ حصہ اخبار میں ان سے کئی مستحصلات منسوب ہیں۔ وہ یہ ہیں:

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ ---- ۱۳ حروف

حروف ناطقہ:

حروف غیر منقوطہ یعنی نقطے والے حروف صامت کہلاتے ہیں۔ ان کا تذکرہ ہو چکا

ہے۔ اب حروف منقوطہ یعنی نقطے والے حروف جن کو جفر میں حروف ناطقہ کہتے ہیں۔ ان کی تعداد 51 ہے۔ وہ یہ ہیں:

ب ت ث ج خ ذ ز ش ض ظ غ ن ق ف اور ی ---- ۱۵ حروف

بلحاظ اردو ی غیر منقولہ ہے یعنی اس کے ساتھ کوئی نقطہ نہیں۔ لیکن بلحاظ عربی ي دو نقطے رکھتی ہے۔

حروف نورانی:

یہ حروف تعداد میں چودہ ہیں جو حروف قرآن پاک کی آیات کے شروع میں استعمال ہوئے ہیں جیسے الم۔ حم۔ طس وغیرہ ان کو تخلیص کیا تو یہ تعداد میں 14 ہوئے، وہ یہ ہیں:

ہوگی۔ یہ میزان مفرد یا جفت اعداد میں ہوگی۔ اس سطر سے سطر مستحصلہ کے اعداد کو لینا ہے اور تسعات ابجد سے جواب لیں گے۔ حرف مستحصلہ لینے کا قانون گو مشکل ہے لیکن یہ سب مبتدی کے لیے ہوتا ہے۔ ایک ماہر کے لیے کوئی مشکل نہیں، اعداد خود بولتے ہیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ عدد مفرد خود ناطق ہوگا یا اگر عدد مرکب یعنی جفت ہے تو اس کا عدد اکائی ناطق ہوگا یا عدد دہائی ناطق ہوگا۔ دونوں کو جمع کرنے سے عدد مفرد ناطق ہوگا یا دونوں اعداد کو نفی کرنے عدد مستحصلہ حاصل ہوگا۔

13- **محذوفات:** صاحب قاعدہ کا فرمانا ہے۔ اگر سطر مستحصلہ میں سلسلہ حروف میں کوئی حرف فقرہ مکمل نہ کر رہا ہو تو سطر تکرار حروف سے کوئی عدد قطع کر کے میزان کو درست کر کے حاصل عدد کا حرف لیا جاتا ہے۔ یا عدد سے ترفع یا تنزل کا عمل کیا جاتا ہے۔

لیکن میرے تجربے کے مطابق ایسا مرحلہ کبھی کبھار آتا ہے۔ ایسی رعائتیں سابقہ جفار اکثر استعمال کرتے تھے۔ جس میں ہم شکل ہم آواز حروف کی تبدیلی یا کسی حرف کا اضافہ یا کمی جائز سمجھی جاتی تھی۔ یہ کام اصل جفر میں ہے۔ مزید تفہیم کے لیے حل شدہ مثالوں پر غور کریں۔ انشاءاللہ آسانی سے سمجھ جائیں گے۔

سوال ۱: یا علیم! سید فقیر حسین شاہ بن محسن بی بی کو اپنی موجودہ زوجہ کے بطن سے فرزند نرینہ پیدا ہوگا؟

بسط: ک ی اس ی د ف ق ی ر ح س ی ن ش اہ ب ن م ح س ن ب ی ب ی ک وا
پ ن ی م و ج و د ہ ز و ج ہ ک ی ب ط ن س ی ف ر ز ن د ن ر ی ن ہ پ ی دا
ہ و گ ا = ۶۸ حروف

اب ان کو الگ الگ چاروں عناصر پر تقسیم کیا۔ دیکھو ذیل کی ابجد اعظم کے عناصری نقشے۔

نقشہ حروف آتش اعظم:

حروف اعظم ناری	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ز	میزان ۵۸۴÷۲۸
کل تعداد حروف	۵	۶	۱	۲	۲	۱	x	باقی ۲۴
ضرب فی نفسہ	۵	۳۰	۹	۸۰	۱۶۰	۳۰۰	x	حرف = خ

نقشہ حروف بادِ اعظم:

حروف اعظم بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	میزان ۹۵۲÷۲۸
کل تعداد حروف	۶	۵	۱۱	۸	x	۱	x	باقی صفر یعنی ۲۸
ضرب فی نفسہ	۱۲	۳۰	۱۱۰	۴۰۰	x	۴۰۰	x	حرف = غ

نقشہ حروف آب اعظم:

حروف اعظم آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	میزان ۳۸۰÷۲۸
کل تعداد حروف	۲	۲	۴	۳	۱	x	x	باقی ۱۶
ضرب فی نفسہ	۶	۱۴	۸۰	۱۸۰	۱۰۰	x	x	حرف = ع

نقشہ حروف خاک اعظم:

حروف اعظم خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	میزان ۶۲۴÷۲۸
کل تعداد حروف	۴	۱	x	x	۳	x	x	باقی ۸
ضرب فی نفسہ	۱۶	۸	x	x	۶۰۰	x	x	حرف = ح

اعداد حروف آتش = ۵۸۴ ـ خ   حروف خانہ جفر: خ غ ع ح
اعداد حروف باد = ۹۵۲ ـ غ   ۶۰۰ ۱۰۰۰ ۷۰ ۸
اعداد حروف آب = ۳۸۰ ـ ع   =۱۶۷۸
اعداد حروف خاک = ۶۲۴ ـ ح
میزان = ۲۵۴۰
جمع حرف خانہ جفر اعداد = ۱۶۷۸ = حروف: ح ی ر د غ
جمل کبیر = ۴۲۱۸
حروف جمل کبیر = ح ی ر د غ
حروف خانہ جفر = خ غ ع ح
امتزاج = ح خ ی غ ر ع د ح غ   اساس
کل تعداد حروف = ۹ = ط   نقاط = ۵ ـ ہ
اب سطر اساس کمل بنی = ح خ ی غ ر ع د ح غ ط ہ

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
اساس	ح	خ	ی	غ	ر	غ	و	ح	غ	ط	ھ
نظیرہ	ت	ی	خ	ت	و	ب	ص	ت	ن	ش	ق
موخر صدر	ق	ت	ش	ی	ت	خ	ت	ن	ص	و	ب
اعداد ابجد	۱	۳	۵	۱	۵	۶	۴	۵	۱	۲	۳
جمل مربع	۲	۶	۸	۵	۶	۸	۷	۹	۱	۸	۵
عشرات	۲	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
تکرار حروف	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۱	۱	۱
میزان	۷	۱۳	۲۶	۱۹	۲۰	۲۳	۲۱	۲۲	۱۵	۱۹	۱۲
عدد مستحصلہ	۷	۱	۲	۱	۲	۵	۲	۳	۶	۱	۱
ناطق	ع	ق	ر	ا	ب	ھ	د	ک	ی	ھ	ی
	عمر			اب		ہو		گی		ہے	

دوسرا جواب: ۵۷ ۱۵۲۱۸ ۵۶ ۲۱

ناطق: زن ج اب ن ھ ی ھ اب

جواب: زن بانجھ ہے اب

جس طرح بھی ناطق کریں، جواب ایک ہی آئے گا۔ خوب غور کریں۔ بے حد آسان مستحصلہ ہے۔

سوال 2: یاعلیم! پرویز اختر بن امیر بیگم کو قرض سے کب تک نجات ملے گی؟

بسط کیا: پ ر و ی ز ا خ ت ر ب ن ا م ی ر ب ی گ م ک و ق ر ض س ی ک ب ت ک ن ج ا ت م ل ی گ ی۔ تعداد حروف = ۳۹

اب ان تمام حروف کو چاروں عناصر یعنی ابجد اعظم کے عناصری نقشہ میں ظاہر کیا۔

حروف اعظم آتش	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ	میزان ۱۲۳÷۲۸
کل تعداد حروف	۳	ـ	ـ	۳	ـ	ـ	ـ	باقی ۱۱
حاصل ضرب	۳	ـ	ـ	۱۲۰	ـ	ـ	ـ	حرف = ک

حروف اعظم بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	میزان ۲۱۸۰÷۲۸
کل تعداد	۴	۲	۶	۲	ـ	۳	۱	باقی ۲۸
حاصل ضرب	۸	۱۲	۶۰	۱۰۰	ـ	۱۲۰۰	۸۰۰	حرف = خ

حروف اعظم آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	میزان ۲۷۰÷۲۸
کل تعداد	۱	۱	۵	۱	۱	ـ	ـ	باقی ۱۸
حاصل ضرب	۳	۷	۱۰۰	۶۰	۱۰۰			حرف = ص

حروف اعظم خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	میزان ۱۴۳۰÷۲۸
کل تعداد	ـ	ـ	۱	ـ	۴	۱	ـ	باقی ۲
حاصل ضرب	ـ	ـ	۳۰	ـ	۸۰۰	۶۰۰		حرف = ب

اعداد حروف آتش = ۱۲۳ ـ ک = ۲۰

اعداد حروف باد = ۲۱۸۰ ـ خ = ۶۰۰

اعداد حروف آب = ۲۷۰ ـ ص = ۹۰

اعداد حروف خاک = ۱۴۳۰ ـ ب = ۲

میزان = ۴۰۰۳ ۷۱۲

جمع اعداد خانہ جفر = ۷۱۲

= ۴۷۱۵

حروف = ھ ی ذ د غ

ک خ ص ب

اخراج = ھ ک ی خ ذ ص د ب غ اساس ۰

کل تعداد حروف = ۹ = ط تعداد نقاط = ۶ ـ و

ھ ک ی خ ذ ص د ب غ ط و} اصل اساس

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
اساس	ھ	ک	ی	خ	ذ	ص	د	ب	غ	ط	و
نظیرہ	ق	ز	خ	ی	ک	د	ص	ح	ن	ش	ر
موخر صدر	ر	ق	ش	ز	ن	خ	ح	ی	ص	ک	د

اعداد ابجد	۲	۱	۵	۷	۵	۶	۷	۱	۹	۲	۴
ربعات	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳
جمل مرجع	۳	۳	۸	۲	۶	۸	۱	۵	۱	۴	۷
عشرات	۲	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
تکرار حروف	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱
میزان	۱	۶	۲۶	۲۲	۲۰	۲۳	۱۷	۱۵	۱۵	۱۱	۱۶
عدد متصلہ	۱	۶	۸	۴	۲	۲	۶	۶	۴	۲	۵
ناطق	ق	ر	ض	د	و	ب	ر	س	ت	ک	ہ
جواب	قرض			دو		برس			تک		ہو(ادا)

سوال 3: یا علیم اسباب زہرا بنت کوثر فاطمہ پر سحر جادو کس نے کیا ہے؟

بسط کیا: س ی م اب زہ راب ن ت ک وث رف اطم ہ ب رس ح رج ادوک س ن ی

ک ی ا ہ ی؟ کل حروف = ۳۹

حروف اعظم آتش	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ	میزان ۱۸۹÷۲۸
تعداد حروف	۵	۳	۱	۲	۱	ـ	ـ	باقی ۲۱
حاصل ضرب	۵	۱۵	۹	۸۰	۸۰			حرف = ش

حروف اعظم باد	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض	میزان ۵۵۸÷۲۸
تعداد حروف	۵	۳	۱	۲	۱	۱	ـ	باقی ۲۶
حاصل ضرب	۲	۱۲	۳۰	۱۰۰	ـ	۳۰۰		حرف = ض

حروف اعظم آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ	میزان ۷۵۰÷۲۸
تعداد حروف	۱	۱	۳	۳	ـ	۱	ـ	باقی ۲۲
حاصل ضرب	۳	۷	۲۰	۱۸۰	ـ	۵۰۰		حرف = ت

حروف اعظم خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ	میزان ۸۱۲÷۲۸
تعداد حروف	۱	۱	ـ	ـ	۴	ـ	ـ	باقی صفر ۲۸
حاصل ضرب	۴	۸	ـ	ـ	۸۰۰	ـ	ـ	حرف = غ

اعداد حروف آتش = ۱۸۹ ـ ش = ۳۰۰

اعداد حروف باد = ۵۵۸ ـ ض = ۸۰۰ خانہ جفر جامع = ش ض ت غ

اعداد حروف آب = ۷۵۰ ـ ت = ۴۰۰

اعداد حروف خاک = ۸۱۲ ـ غ = ۱۰۰

میزان = ۲۳۰۹ ۲۵۰۰

جمع حروف جفر جامع = ۲۵۰۰

= ۴۸۰۹

حروف = ط ض د غ

حروف جفر جامع = ش ض ت غ

امتزاج = ط ش ض ض د ت غ غ اساس

تعداد حروف = ۸ = ح تعداد نقاط = ۹ ـ ط

اساس = ط ش ض ض د ت غ غ ح ط

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
اساس	ط	ش	ض	ض	د	ت	غ	غ	ح	ط
نظیرہ	ث	ز	ل	ل	ص	ح	ن	ن	ت	ث
موخر صدر	ث	ث	ت	ز	ن	ل	ن	ل	ح	ص
اعداد ابجد	۵	۵	۴	۷	۵	۳	۵	۳	۸	۹
ربعات	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲
جمل مرجع	۶	۷	۷	۲	۶	۵	۸	۷	۹	۲
عشرات	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
تکرار حروف	۱	۲	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۱	۱
میزان	۱۴	۲۵	۲۳	۲۱	۱۹	۱۶	۲۲	۱۹	۲۱	۱۵
عدد متصلہ	۳	۵	۳	۱	۹	۶	۲	۱	۱	۵
جواب	ز	ن	ج	ا	د	و	ک	ی	ا	ہ
	زن		جادو				کیا			ہے

* * *

مستحصلہ آسان بدوح یلین

بدوح یلین ایک بہترین قاعدہ ہے علم جفر میں جتنا یہ قاعدہ پسند کیا جاتا ہے۔ شاید ہی کوئی دوسرا قاعدہ اس کی برابری کر سکے یا مقبول شائقین جفر ہو۔ جتنا یہ قاعدہ مشہور اور اچھا ہے۔ اتنی ہی اس کی قسمیں تیار ہو چکی ہیں۔ کئی احباب نے ماضی میں ذہنی کاوشوں سے اس کی نئی نئی اختراعات کیں۔ مگر یہ قاعدہ اپنی جگہ انفرادیت قائم رکھے ہوئے استادان جفر میں استادی المکرم حضرت بابر سلطان قادری مدظلہ تعالی، سید غلام عباس گیلانی مرحوم، جی این کھوکھر اور مائیک سنگ ہندی ابادان نے اپنی بہترین کاوشیں اس علم کی ترویج و ترقی میں پیش کیں۔ علم جفر پھیلانے میں تمام سہرا علامہ شاہ گیلانی مرحوم کے سر ہے۔ علم جفر میں بہت کام ہوا۔ اس کو بام عروج پر استاد محترم نے پہنچایا۔ اس سے قبل میرے استاد بھائی جناب لیاقت اللہ قریشی مرحوم نے خزینہ جفر لکھ کر اسے آسان پیرائے میں پیش کیا۔ میں تو بہت بعد میں اس میدان میں آیا۔ جفر کے ساتھ ایسا رشتہ جڑا کہ ہر سانس میں رچ بس گیا۔ میں نے بڑے بڑے ماہر جفر دیکھے ہیں۔ لیکن جنھوں نے ہم مرتبہ نظیرہ کے چکر میں پڑے ہوئے زندگیاں گزار دیں۔ لیکن جواب کے استخراج میں بالکل صفر۔

قاعدہ بدوح یلین اکیس طریقوں سے حل ہوتا ہے۔ اس سے قبل ایک قاعدہ بدوح یلین پیش کر چکا ہوں۔ یہ مستحصلہ بدوح یلین اس سیریز کا آسان ترین مستحصلہ ہے۔ یہ قاعدہ ہر قسم کے سوالات کے جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ لیکن اگر حل کرنے والے کی ذہنی صلاحیت ہی اس پائے کی نہ ہو تو وہ حروف کی بھول بھلیوں میں گم ہو جائے گا اور سر پٹختا رہے گا۔

مجھے یاد ہے آج سے تقریباً دس سال قبل میں نے ایک خاص قاعدہ سے اپنی کل عمر نکال کر پورا حل زنجانی صاحب کو رسالہ میں شائع ہونے کے لیے بھیج دیا۔ زنجانی صاحب نے ایک مختصر تحریر کے ساتھ وہ اصل مضمون واپس بھیج دیا اور لکھا:

> ''حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب ایسے راز آشکار نہیں کیا کرتے اور نہ لوگ اسی مرتبے کے قاعدہ کو حل کر سکیں گے اور الٹا تنقید کریں گے۔ اس

> لیے اسے واپس کر رہا ہوں۔ اسے چھپائیں۔''

میں نے اس قاعدہ سے ایک دو سوال حل کیے۔ ان حل شدہ جواب میں جو وقت دیا گیا اس میں ایک گھنٹے کا بھی اضافہ نہ ہوا۔ خیر یہ تو ایک بات میں بات تھی۔ علم جفر جواب دیتا ہے۔ بشرطیکہ اسے حل کرنے والا آل رسول کے پاکیزہ گھرانہ کے در کی خاک کو اپنی آنکھوں کا سرمہ بنائے۔

اس کے قواعد بڑے سادہ ہیں۔ ان قوانین کو مکمل تشریح کے ساتھ لکھ رہا ہوں۔ تدبر اور غور کرنا آپ کا کام ہے۔ علم پیش کرنا میرا کام ہے۔ آگے آپ کا نصیب!

قوانین بدوح یلین:

1- سب سے پہلے یا علیم! لکھیں اور اپنا سوال مکمل واضح اور جامع انداز میں تحریر کریں۔ سائل کا نام معہ والدہ اور سکونت ضرور ساتھ ہو۔

2- تمام سوال کے اعداد حاصل کریں۔ ان میں تعداد حروف سوال اور تعداد نقاط حروف سوال بھی شامل کر کے حروف بنا لیں۔

3- ان حروف کو ملفوظی کر کے ایک سطر میں لکھ لیں۔ اب ان حروف کی گنتی کریں اور تعداد کے مطابق حروف بنا کر بغیر ملفوظی کیے اساس میں شامل کریں۔ اب دوبارہ ملفوظی حروف کے نقاط گن لیں اور ان کے بھی حروف بنا کر ملفوظی کیے بغیر سطر اساس میں شامل کر لیں۔ یہ سطر اول سطر اساس ہوگی۔

4- سطر اساس سے ہر حرف کو اس کے نظیرہ سے تبدیل کر دیں۔ ابجد قمری میں ہر حرف کا پندرھواں حرف یا اوپر کا حرف نیچے والے حرف کا اور نیچے والا اوپر والے حرف کا نظیرہ ہوتا ہے۔

5- سطر نظیرہ کو ایک بار موخر صدر کریں۔

6- چوتھی سطر میں یعنی سطر موخر صدر کے ہر حرف کے نیچے اعداد بدوح یلین لکھ دیں۔ طریقہ یہ ہے کہ خصوصی سوالات مثلاً پوشیدہ چیزوں کے متعلق ہو تو اعداد صغیر اور اگر فضا میں معلق اور سیارگان وغیرہ کے اندر کا سوال ہو تو اعداد وسیط لیں گے۔

نقشہ اعداد بدوح یلین:

مسادات	ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م

کبیر	۱۶	۲۰	۲۷	۲۸	۲۰	۴	۸
وسیط	۸	۲۴	۱۴	۲۸	۲۴	۱۶	۴
صغیر	۴	۱۴	۲۰	۲۸	۲۶	۸	۱۶
اصغر	۲	۶	۱۰	۱۴	۱۸	۴	۸

ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
کبیر	۴	۲۰	۸	۲۴	۱۴	۱۴	۲۸
وسیط	۱۶	۲۴	۴	۱۴	۲۰	۲۰	۲۸
صغیر	۸	۱۴	۱۶	۲۰	۲۴	۱۰	۱۴
اصغر	۴	۶	۸	۱۰	۱۴	۵	۷

تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
کبیر	۲۴	۴	۱۶	۲۴	۴	۱۴	۲۰
وسیط	۱۴	۱۶	۸	۱۴	۱۶	۲۰	۲۴
صغیر	۶	۸	۴	۶	۸	۱۰	۱۴
اصغر	۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶

ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
کبیر	۲۸	۴	۴	۸	۱۴	۱۶	۱۶
وسیط	۲۸	۱۶	۱۶	۴	۲۰	۸	۸
صغیر	۲۸	۸	۸	۱۶	۲۴	۴	۴
اصغر	۱۴	۱۸	۴	۸	۱۴	۱۶	۲

یہ اعداد بڑے خاص ہیں۔ ان کی قدر کریں۔

-7 پانچویں سطر اعداد قانون کی ہے۔ ہر خانہ میں عدد قانون ۳ لکھتے جائیں اور جن خانوں میں یہ پانچ حروف ہوں گے۔ ان کے نیچے عدد قانون نہ لکھیں۔

"ق ش ث ذ ظ"

ان حروف کو موخر صدر کی سطر میں ملحوظ رکھیں۔

-8 اگلی سطر ربعات کی ہوگی۔ ہر چار خانوں میں اعداد تبدیل کر کے لکھیں۔ پہلے چار

خانوں میں ۱۱۱۱، دوسرے چار خانوں میں ۲۲۲۲، تیسرے چار خانوں میں ۳۳۳۳، چوتھے چار خانوں میں ۴۴۴۴ اور اگلے پانچ خانوں میں ۵۵۵۵ لکھیں۔

-9 اعداد ربعات کی سطر مکمل کرنے کے بعد سطر عشرات لکھنی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ سطر اساس کے اوپر ترتیب وار نمبر خانہ لکھیں۔ اب سطر عشرات کے لیے سطر ربعات کے آخری عدد کے نیچے 1 سے 9 تک لکھنا شروع کر دیں اور 9 کے بعد دوبارہ ایک سے شروع کریں۔ اس طریق پر سطر عشرات مکمل کریں۔

-10 اگلی سطر تکرار حروف کی ہوگی۔ جو حرف سطر موخر صدر میں جتنی بار تکرار کر کے اتنی بار اس کے نیچے عدد تکرار لکھتے جائیں۔ مثلاً کوئی حرف پہلی بار آیا ہے تو اس کے نیچے 1 کا عدد لکھیں۔ پھر آگے دیکھیں اگر دوبارہ آیا ہو تو 2 لکھیں۔ اس طرح جتنی بار وہ حرف آئے، اسی تعداد کا عدد لکھتے جائیں۔ اسی طرح سطر مکمل کریں۔

-11 اس کے بعد سطر تکرار جنس لکھنی ہے۔ پیچھے نقشہ بدوح بلین تحریر کر دیا ہے۔ اسے سامنے رکھیں اور سطر موخر صدر میں دیکھیں۔ پہلا حرف کس جنس سے تعلق رکھتا ہے۔ مثلاً پہلا حرف ترقی کا یا مساوات کا یا کسی اور قسم کا پہلی بار آئے تو اس کے نیچے ایک کا عدد لکھ دیں۔ دوسری بار آئے تو 2 لکھیں، تیسری بار آئے تو 3 لکھیں، اسی کے مطابق تمام سطر مکمل کریں۔

-12 اس کے بعد ان چھ سطور کے اعداد کی میزان کر لیں۔ یعنی 1- سطر اعداد بدوح بلین +2- سطر عدد قانون +3- سطر ربعات +4- سطر عشرات +5- سطر تکرار حروف +6- سطر تکرار جنس۔

ان سب اعداد کو جمع کر کے لکھیں۔ اگر مجموعہ 28 سے بڑھ جائے تو 28 تفریق کر کے لکھیں۔ تمام اعداد میزان مکمل ہونے پر یہ سطر اعداد مستحضرہ کہلائے گی۔

-13 اعداد مستحضرہ کے ابجد قمری میں مراتب کے لحاظ سے حروف لکھیں۔ ان کو حروف مستحضرہ کہتے ہیں۔

-14 اب سطر حروف مستحضرہ سے حروف مستحصلہ کی سطر لینی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ موخر صدر کے طریق پر حروف مستحضرہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے جدول بدوح بلین ترفع و تنزل کے طریق پر حرف مساوات کو حرف ترقی سے حرف تنزل کو حرف ترفع سے، ترقی کے حرف کو مساوات سے تبدیل مکمل کر لیں۔ اگر حروف مستحضرہ خود یا

اس کا نظیرہ جواب میں ناطق ہو رہا ہو تو اسے لکھ لیں۔ حروف مستحصلہ کا چناؤ مشکل ہے۔ آپ ذرا سا تدبر کریں گے تو کامیاب ہو جائیں گے۔

15- حروف مستحصلہ کو ایک بار موخر صدر کریں۔

16- حروف مستحصلہ خود ناطق ہوں گے یا نظیرہ سے ناطق ہوں گے۔ بڑا واضح اور عین سوال کے مطابق جواب سامنے آئے گا۔

اب اس قاعدہ کو مثالوں سے سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں۔ سمجھنے کی کوشش کریں۔ اس سے پہلے کہ میں مثال حل کروں۔ آپ کی آسانی کے لیے جدول ترقی و تنزل یعنی بدوح بلن آپ لوگوں کی آسانی کے لیے درج کر رہا ہوں تا کہ حروف مستحصلہ کو استخراج میں آسانی رہے۔

جدول استخراج مستحصلہ:



ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م	مساوات
ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ترفع
س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ	تنزل
ح	ص	ر	ت	خ	ض	غ	ترقی

شاب کو س سے تبدیل کر دیں۔ س کو ب سے، الف کو ح سے اور ح کو الف سے تبدیل کریں گے۔ اسی طرح تمام سطر مستحضرہ کو سطر مستحصلہ میں ڈھال لیں گے۔

سوال 1: یا علیم! کیا سرفراز احمد زاہد بن طلال محمد حسن عثمانی جلالی سے روحانی فیض مکمل پائے گا؟

اعداد سوال = ۳۵۲۳

تعداد حروف = ۶۴

تعداد نقاط = ۳۱

میزان = ۳۶۲۸

حروف = ح ک خ ج ع

ملفوظی کیا = ح ا ک ا ف خ ا ج ی م ع ی ن

حروف = ۱۳ = ج ی

نقاط = ۹ = ط

ان حروف کو حل کرنے کے لیے ۱۴ اسطور بنالیں۔ پھر ان پر سارا عمل کریں۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
اساس	ح	ا	ک	ا	ف	خ	ا	ج	ی	م	خ	ی	ن	ج	ی	ط
نظیرہ	ت	س	ذ	س	ج	ی	س	ف	خ	ظ	ن	خ	خ	ف	خ	ث
موخر صدر	ث	ت	خ	س	ف	ذ	خ	س	خ	ج	ن	ی	ظ	س	خ	ف
اعداد بدوح بلن	۴	۸	۱۲	۳	۴	۵	۲	۳	۱۲	۶	۷	۱۲	۶	۳	۱۲	۴
عدد قانون	ـ	۳	۳	۳	۳	ـ	۳	۳	۳	۳	۳	۳	ـ	۳	۳	۳
ربعات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۴	۴	۴	۴
عشرات	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
تکرار حرف	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۱	۱	۱	۱	۳	۳	۲
تکرار جنس	۱	۱	۲	۲	۳	۴	۳	۵	۴	۱	۱	۲	۶	۷	۵	۸
اعداد مستحضرہ	۱۴	۲۰	۲۴	۱۴	۱۶	۱۴	۱۲	۲۴	۴	۲۱	۲۱	۲۶	۲۱	۲۳	۱	۲۲
حروف مستحضرہ	ن	ر	خ	ن	ع	ن	ل	خ	د	ش	ش	ض	ش	ث	ا	ت
حروف مستحصلہ	ن	ہ	ی	ظ	ا	ظ	ل	خ	ف	ح	ش	ض	ب	ی	ا	ت
موخر صدر	ت	ن	ا	ہ	ی	ی	ب	ظ	ض	ا	ش	ظ	ح	ل	ف	خ
نظیرہ	ح	ن	س	ہ	ی	ی	ع	م	ل	ا	ز	م	ل	ض	ف	ی
جواب	حسن			ہے		علی				لازم				فیض		

ہم نے جفر سے اپنے بارے روحانی فیض بارے پوچھا تھا کہ مکمل فیض ملے گا۔ لیکن یہاں پر جفر نے اس بزرگ ہستی بارے وضاحت بھی کر دی لیکن نام کے ساتھ تا کہ کسی قسم کا شک نہ ہے کہ یہ حسن بہت علمی یعنی روحانیت میں کمال مقام کے حاصل ہیں اور لازمی طور پر فیض ملے گا، انشاءاللہ۔ اس میں کوئی شک بھی نہیں ہے۔ یہی ہستی اس وقت اس عاجز کو روحانی منازل کی طرف گامزن کیے ہوئے ہے۔

سوال 2: یا علیم! کیا نور احمد ریاض بن رحمت بی بی طلب حق کا طالب ہے؟

اعداد سوال = ۲۳۰۲

تعداد حروف = ۳۷

تعداد نقاط = ۲۲

میزان = ۲۳۹۱

حروف = اس ش ب غ

ملفوظی کیا = ال ف س ی ن ش ی ن ب ا غ ی ن

حروف = ۱۴ = دی

نقاط = ۱۵ = ھی

سطر اساس = ال ف س ی ن ش ی ن ب ا غ ی ن دی ھی

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸
اساس	ا	ل	ف	س	ی	ن	ش	ی	ن	ب	ا	غ	ی	ن	د	ی	ھ	ی
نظیرہ	س	ض	ج	ا	غ	غ	ذ	خ	ح	غ	س	ن	غ	غ	ص	غ	ق	ث
موخر صدر	خ	س	ق	ض	غ	ج	ص	ا	ح	خ	ث	غ	ن	ز	س	ث	غ	غ
اعداد	۱۴	۸	۲	۱۶	۱۲	۶	۱۸	۲	۲	۱۲	۱۲	۲	۷	۱۳	۳	۱۲	۱۳	۲
عدد قانون	۳	۳	ـ	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳
ربعات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۴	۴	۵	۵
عشرات	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
تکرار حرف	۱	۱	۱	۱	۲	۱	۱	۱	۱	۳	۳	۲	۱	۱	۲	۵	۰	۳
تکرار جنس	۱	۲	۲	۳	۴	۱	۵	۲	۶	۷	۸	۹	۱	۳	۲	۱۰	۱۱	۱۲
اعداد مستحضرہ	۲۰	۲۳	۱۲	۲	۲۸	۱۷	۴	۱۳	۱۶	۹	۱۰	۲۶	۲۲	۲	۱۸	۹	۶	۲۶
حروف مستحضرہ	ہ	ث	ن	ب	ع	ف	ہ	ل	ع	ط	ی	ض	ت	ب	ص	ط	ن	ض
حروف مستحصلہ	ہ	ی	ل	س	م	ف	ف	ل	ا	غ	ی	ض	ت	ح	ص	ط	ض	س
موخر صدر	س	ط	ش	ی	ط	ل	ص	س	ح	م	ت	ف	ض	ف	ی	ل	ش	ا
نظیرہ جواب	ب	ر	ش	ث	ط	ل	ص	ا	ب	م	ث	ف	ل	ف	ی	ش	ی	ب
الجواب	لم	مخلص				طالب				مخلل				فیض			ہے	

مستحصلہ بتا رہا ہے کہ یہ مخلص طلب حق کا طالب نہیں ہے۔ اس کی قسمت میں فیض نہیں ہے۔ نہ اس کی اسے جستجو ہے۔ اللھم صلی علی محمد وال محمد۔

* * *

مستحصلہ جفری الجبرا

علوم خفیہ کا آپس میں باہمی ربط ہے اور اس کی مختلف شاخیں ہیں لیکن ان تمام علوم میں جو علم جفر کو انفرادیت حاصل ہے وہ دوسروں کو نہیں۔ اس میں سائل کا جواب ایک مربوط فقرے کی صورت میں آتا ہے۔ یہ علم چونکہ سینہ بہ سینہ منتقل ہوتا رہا ہے۔ یونانیوں کی جب اصل علم تک رسائی نہ ہوئی تو انہوں نے کئی حسابی قواعد استخراج کیے۔ آج کل جو بھی جفر ہے۔ یہ سب یونانی قواعد پر ہے۔ اس میں چاہے بدوح لین ہو یا ابوطالبی سب حسابی قواعد ہیں۔ اس لیے انہیں جفری الجبرا کہنا مناسب ہے کیونکہ ان قواعد کے اصول اتنے ٹھوس اور مکمل ہیں کہ ان میں تبدیلی ناممکن ہے۔ یہ یونانیوں کا ہی کمال ہے کہ حسابی قواعد بھی ایسے ایسے عظیم استخراج کیے جو آپ کو لوح تقدیر بھی پڑھ کر بتا دیں گے۔ یہ مت سمجھیں کہ علم غیب ہے، بالکل نہیں۔ اصل علم جفر تو آل رسول کے گھرانے کا پاکیزہ علم ہے۔ جس کی ترویج و ترقی میں حضرت امام جعفر صادق کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ اسی مناسبت سے بعض کم فہم اور کم علم لوگ علم جفر کو علم جعفر کہتے ہیں۔ جو قاعدہ لکھ رہا ہوں، یہ مجھے حضرت علامہ شاد گیلانی مرحوم کی قلمی بیاض سے ملا تھا۔ گو انہوں نے اسے شائع بھی کرایا تھا۔ لیکن مشکل اور گنجلک ہونے کی بنا پر کسی نے بھی اس پر ریسرچ نہیں کی۔ صرف ایک صاحب تھے جناب ڈاکٹر سعید اختر صاحب۔ انہوں نے اسے آسان بنانے کی کوشش کی تھی لیکن پھر بھی لوگ اسے نہ سمجھ سکے۔ میں نے اس قاعدہ پر بڑی مغز ماری کی اور ہر قسم کے سوالات حل کیے۔ یہ قاعدہ آپ کو ہر قسم کے سوالات کے جواب دینے کی اپنے اندر صلاحیت رکھتا ہے۔ اس میں سب سے مشکل کام اعداد میں تناسب پیدا کرنا ہے۔ اگر کوئی اس عمل کو سمجھ لے تو قاعدہ بہت ہی آسان ہو جاتا ہے۔ یہ قاعدہ دو طریقوں سے حل ہوتا ہے۔ ایک طریقہ تو سیدھا سادھا اعداد کی جمع تفریق سے جواب پیدا کیا جاتا ہے۔ دوسرا طریقہ نبض کی رفتاروں سے اعداد پیدا کیے جاتے ہیں۔

اس قاعدہ سے بیماری نسخہ گم شدہ مقام پر ہر قسم کے جوابات لے سکتے ہیں۔

مستحصلہ حل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔ سوال کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ حصہ اول کو چار حصوں میں لکھا جاتا ہے اور ہر ایک کا عدد احاد کر کے چار ہندسوں کا عدد بنالیں۔

زاہد	احمد	سرفراز	حکیم	مثلاً
۱۷	۵۳	۵۴۸	۷۸	
۸	۸	۸	۶	عدد احاد

(ii) اعداد تناسب پیدا کرنا:

اس قاعدہ میں سب سے مشکل مرحلہ اعداد میں تناسب پیدا کرنا ہے اور اسی میں الجھن کا شکار ہوا جاتا ہے۔ میں تفصیل سے لکھ رہا ہوں۔

مثلاً پہلا عدد = ۸۸۸۶ ہے۔

ان اعداد کا صفیرہ یہ ہے: ۶+۸+۸+۸ = ۳۰ = استعلاق ۳ ہوا۔

اب عدد دوم ۸۸۸۶ + ۳۰ = ۸۹۱۶ ہوا۔

ان کا صفیرہ یا استعلاق کریں۔ ۶+۱+۹+۸ = ۲۴ صفیرہ = ۶ ہے۔

دوبارہ دیکھیں = پہلے عدد ۸۸۸۶ کا صفیرہ ۳ ہے۔

دوسرے عدد ۸۹۱۶ کا صفیرہ ۶ ہے۔

۳ اور ۶ میں ۳ کا فرق ہے۔

اس لیے اگر دوسرے عدد ۸۹۱۶ میں سے ۳ نفی کر دیں تو باقی ۸۹۱۳ ہوا اور اس کا صفیرہ ۳+۱+۹+۸ = ۲۱ = ۳ ہوا۔

لہٰذا دونوں اعداد ۸۸۸۶ اور ۸۹۱۳ میں اب تناسب پیدا ہو گیا ہے۔ یہی اصل گر ہے۔ جسے سمجھنا بہت ضروری ہے۔

دوسری مثال یہ ہے: مثلاً ہمارے پاس اعداد ہیں ۲۸۹۸ ان کا میزان ہوا۔ ۸+۹+۸+۲=۲۷۔ اب ۷+۲ کو جمع کریں تو مفرد بنا ۹۔

اس قاعدہ میں جواب پیدا کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس مستحصلہ میں نہ تو جفری اصطلاحات استعمال ہوتی ہیں وار نہ ہی ۴ ۵ یا ۷ یا ۱۵ سطور تک قاعدہ پر تکلف

عمل کرنے پڑتے ہیں۔ اس میں شروع سے آخر تک حسابی عمل ہے اور اعداد کا گورکھ دھندہ ہے۔ اگر یہ قاعدہ سمجھ آجائے تو جواب حاصل کرنا منٹوں کا کام ہے۔ اب جواب لینے کا طریقہ یہ ہے کہ اعداد کے نیچے ابجد ابتج کے مطابق اعداد لکھے جاتے ہیں۔ مثلاً ہمارے پاس یہ چار اعداد ہیں۔ ۲۔۱۔۲ ۲

حروف ب ی ر ب یعنی پہلا عدد احاد سمجھ کر اس کے نیچے احاد کا حرف لکھ دیں۔ دوسرا حرف عشرات سمجھ کر نیچے عشر کا حرف لکھیں۔ تیسرے عدد کو میات یعنی سینکڑہ کا عدد سمجھ کر میات کا حرف لکھیں۔ چوتھا عدد اگر 1 ہو تو یہ الوف کا ہے اور غ آئے گا اور اگر 1 کی بجائے کوئی دوسرا عدد ہے تو حسب سابق حروف لکھیں گے۔

اس قاعدہ میں نظیرہ وہم مرتبہ اور ترفع تنزل کا بڑا عمل دخل ہے۔ ترفع سے مراد ابجد قمری میں ایک حرف اگلا اور تنزل ایک حرف پچھلا لینا ہوتا ہے۔

اوپر دوسری مثال میں ۲۸۹۸ کا استعلاق ۲۷ ہے اور مفرد ۹۔

دوسرا عدد ۲۸۹۸+۲۷=۲۹۲۵ استعلاق ۱۸ اور مفرد ۹ ہوا۔

یہ قاعدہ آپ کو ہر قسم کے سوالات کے جوابات %100 درست دے گا۔ جس میں گم شدہ بارے معلوم کرنا، بیماری کا معلوم کرنا، کسی مریض کا مرض سمجھ نہ آئے تو اس قاعدہ سے مرض کے بارے معلوم کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ مرض کا نسخہ بھی بتاتا ہے۔ نسخہ تجویز کرنے میں اس قاعدہ کی انفرادیت ہے۔ حکماء کرام کے لیے یہ قاعدہ انمول تحفہ ہے۔ مریض کی مرض کے عین مطابق شفا بخش نسخہ خود بخود نکل آتا ہے۔

اس قاعدہ کی بنیاد چار اعداد احاد پر قائم ہے۔ یہی اس کی اساس ہے۔ اس کے علاوہ اس میں نام سائل معہ والدہ، سکونت اور عمر وغیرہ کی ضرورت پڑتی ہے۔

لیکن سوال لکھنے کا خاص طریق ہے۔ مثلاً

۱۔	علاج	کینسر	در	سینہ
اعداد=	۱۰۴	۳۴۰	۲۰۴	۱۲۵
عدد احاد=	۵	۷	۶	۸
۲۔	علاج	مرض	درد	مرارہ

اعداد=	۱۰۴	۱۰۴۰	۲۰۸	۴۴۶
عدد احاد=	۵	۵	۱	۵

دوسرے سوالات: مثلاً چوری بارے، اس طرح قائم کریں۔

۱۔	وزد	زیورات	طلائی	کیست
	۱۵	۲۲۳	۵۱	۴۹۰
	۶	۳	۶	۴
۲۔	وزد	زر	نکل	کیست
	۱۵	۲۵۰	۴۲	۴۹۰
	۶	۷	۶	۴
۳۔	وزد	کار	کرولا	کیست
	۱۵	۲۳۱	۲۵۷	۴۹۰
	۶	۵	۵	۴

دیگر سوالات:

(۱) کتنے سال عمر ہوگی۔
(۲) جایا عمر کتنے سال ہوگی۔
(۳) کس قدر اولاد ہوگی۔
(۴) گندم کتنی مہنگی ہوگی۔
(۵) کس مرض سے موت ہوگی۔
(۶) اسم زوجہ منکوحہ چیست۔
(۷) اسم مادرش چہ است۔
(۸) فلاں کے دل میں کیا ارادہ ہے۔
(۹) فلاں اب کس جگہ مقیم ہے۔
(۱۰) گریختہ اغواشدہ کہاں ہے۔
(۱۱) فلاں چیز کس شخص کے پاس ہے۔

اس قسم کے سوالات حل کرنے میں اعداد اس طریقہ سے حل کریں۔

پہلا عدد: طالع وقت معلوم کریں۔ یعنی جو برج طلوع ہو رہا ہو اس کے اعداد لے لیں۔ یہ اعداد 9 پر طرح کریں۔

دوسرا عدد: ساعت کا۔ یعنی سوال حل کرتے وقت کس ستارے کی ساعت ہے۔ اس کے اعداد سے دوسرا عدد حاصل کریں۔

تیسرا عدد: روز کا یعنی جس دن سوال حل کر رہے ہیں۔ مگر ایام کو فارسی میں لکھیں۔ مثلاً شنبہ، یک شنبہ، دوشنبہ، سہ شنبہ، چہار شنبہ، پنج شنبہ اور جمعہ۔ ان سے اعداد لے کر عدد احاد لیں۔

چوتھا عدد: ماہ قمری یعنی اسلامی محرم، صفر، ربیع الاول تا ذوالحجہ تک۔ اس ماہ کے اعداد کا مفرد لے کر عدد احاد لکھ لیں۔

ان چاروں قسم کے اعداد سے عدد احاد بنا لیں۔

1- نام یوم　2- تاریخ　3- ماہ عیسوی　4- سنہ عیسوی

یہ دوسرا طریقہ ہے:

مثالیں حل کرنے سے قبل ایک بات اور لکھنا ضروری ہے۔ بیماری کا نسخہ معلوم کرنے کے لیے اعداد احاد لینے کا طریقہ لکھا ہے۔ ایک دوسرا طریقہ مریض کی نبض دیکھ کر چار عدد احاد لیے جاتے ہیں۔ نبض سے اعداد لینے کے لیے یوں کریں۔ مریض کی کلائی پر اپنی چاروں انگلیاں رکھیں۔ جہاں نبض چلتی ہے، گھڑی سامنے رکھیں اور ہر انگلی کے نیچے نبض چلنے کی رفتار فی منٹ الگ الگ نوٹ کریں۔ عموماً ڈاکٹر حضرات مریض کی رفتار فی منٹ دیکھتے ہیں۔

جو اعداد حاصل ہوں ان کو 9 پر تقسیم کریں، جو باقی بچے اسے نوٹ کر لیں۔ اس طرح آپ کو چار اعداد حاصل ہو جائیں گے۔ یہ چاروں اعداد مختلف ہوں گے۔ حکمت کے اصول کے مطابق ہر انگلی کے نیچے نبض کی رفتار مختلف ہوگی۔ آپ خود تجربہ کر سکتے ہیں۔ مثلاً

پہلی انگلی کے نیچے نبض کی رفتار = ۷۵÷۹=باقی۔۳
دوسری انگلی کے نیچے نبض کی رفتار = ۸۰÷۹=باقی۔۸
تیسری انگلی کے نیچے نبض کی رفتار = ۷۹÷۹=باقی۔۷
چوتھی انگلی کے نیچے نبض کی رفتار = ۶۰÷۹=باقی۔۶

اب یہ اعداد حاصل ہوئے۔ ۳ ۸ ۷ ۶

یہ تو ہے کہ اگر مریض آپ کے سامنے ہے۔ بالفرض مریض اپنے گھر میں ہو یا دور ہو اور آپ نبض کا تجربہ نہ کر رہے ہوں تو پھر پہلا طریقہ اپنے عمل میں لائیں۔ ایک فقرہ متعلقہ مرض سے لکھیں۔ جیسا کہ اوپر مخصوص فقرات لکھے گئے ہیں اور چار اعداد حاصل کریں۔ اب اس قاعدہ کی مثالیں حل کر رہا ہوں۔ خوب غور کریں۔ مجھے امید ہے آپ اس قاعدہ کو سمجھ جائیں گے۔ اگر اس قاعدہ کو آپ نے سمجھ لیا تو آپ جفر جانتے ہیں۔ یہ حسابی کلیہ ہے۔ ۲ اور ۲ کی طرح نہیں ہے۔ یہ علم جفر ہے۔

مثال نمبر 1:

مثال حل کرنے سے قبل میرے ذہن میں سوال پیدا ہوا کہ قارئین اتنی مختصر تشریح کو سمجھ کر کوئی سوال حل کر سکیں گے۔ غور کیا تو جواب نفی میں آیا۔ تو ذہن نے مثال حل کرنا گوارہ نہ کیا اور اندر سے آواز آئی کہ اس قاعدہ کے علم جفر میں مقام کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید آسان الفاظ میں تشریح کر دی جائے تاکہ کوئی پہلو بھی تشنہ نہ رہے اور قاعدہ حل کرنے میں آسانی ہو جائے۔ چنانچہ اس کی تشریح بالکل آسان الفاظ میں دوبارہ لکھ رہا ہوں اور اگر اب بھی کوئی صاحب اتنی آسان تشریح کو سمجھتے ہوئے قاعدہ حل کرنے سے قاصر ہو تو اس کے لیے میرا مخلصانہ مشورہ یہ ہے کہ جفر کو چھوڑ کر کوئی اور علم سیکھ لے۔ یہی اس کے لیے بہتر ہے۔ میں اپنا ذاتی تجربہ بتاتا ہوں۔ میں اس کی ضربوں میں مدتوں الجھا رہا۔ یہاں تک کہ یہ کتاب کا حصہ بھی مستحصلہ بن گیا۔ جب مثالیں حل کرنے کا وقت آیا پھر وہی سابقہ الجھن، آخر کتاب رکھ دی کہ جب تک قاعدہ سمجھ نہ آئے گا، اس وقت تک آگے نہ بڑھوں گا۔ اس علم کا لکھنے کا کیا فائدہ۔ جسے صاحب کتاب خود بھی نہ سمجھ سکے۔ یقین کریں کہ میں نے کتاب رکھ دی اور اللہ رب العزت سے مولائے کائنات اور پیارے حبیب پاک ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے قاعدہ کو آسان سمجھ آنے کی دعا کی اور اپنے استاد محترم کا تصور کیا۔ اللہ گواہ ہے کہ چند سیکنڈ غور کرنے پر ایک شعلہ لپکا، دماغ روشن ہو گیا۔ قاعدہ آن واحد میں حل ہو گیا۔ یہ میرے مولا کا فضل و کرم ہے۔ اب یہ قاعدہ میرے آگے چٹکی بجانے کے برابر ہو گیا۔ اسی لیے آپ بھی مایوس نہ ہوں اور آسان تشریح دوبارہ سن لیں اور عام سادہ حسابی طریقے پر سمجھا رہا ہوں۔

(ا) سوال کے حصہ اول کو چار حصوں میں لکھیں (پچھلے صفحات پر فقرے کو چار حصوں میں لکھنے کا طریقہ بتایا گیا ہے) اور ہر ایک کا عدد احاد بنا کر مرکب کر کے لکھیں۔
(ب) پہلے مرحلہ کے چاروں اعداد کا دوبارہ عدد احاد بنا لیں۔
(ج) سوال کے حصہ دوم کے اعداد لیں پھر ان کا استحقاق کر کے عدد لکھیں۔
(د) ان اعداد کا احاد لیں۔
(ہ) جز ج اور د کو آپس میں جمع کر لیں۔
(و) اعداد ہ سے د کو منفی کر دیں۔
(ز) عدد ہ میں سے د کو نفی کریں۔
(ح) ا اور ز کو آپس میں جمع کر دیں۔
(ط) عدد ج سے د کو نفی کر کے عدد ط کو ب سے تقسیم کریں۔ حاصل قسمت حاصل کریں، باقی کو چھوڑ دیں۔
(ی) عدد ج + عدد ط جمع کر کے مجموعہ حاصل کر لیں۔
(ک) ح کے عدد کو عدد ی سے ضرب دیں۔

جو اعداد حاصل ہوں۔ ان کے مراتب کے مطابق حروف بنا لیں اور ان حروف مستحصلہ کو ہم مرتبہ نظیرہ یا ترفع و تنزل سے ناطق کر لیں۔ انشاء اللہ عین سوال کے مطابق جواب ملے گا۔ اب مثال حل کر رہا ہوں۔

مثال نمبر 1: مرحلہ اول

ا۔	فریدہ	بخت	صوفیہ	بانو		
عدد احاد=	۲	۲	۲	۵		(۲)عدد احاد
	سبب	لاغری	جسم			
اعداد	۶۴	۱۲۴۱	۱۰۳	=	۱۴۰۸	(۴)عدد احاد
عدد احاد=	۱	۸	۴	=	۱۳	
					۱۴۲۱	(۸)احاد

عدد ۱۴۲۱ میں ۴ کی زیادتی ہے۔ چنانچہ ۴ نفی کیا۔

۱۴۲۱ - ۴ = ۱۴۱۷ = ۱۳ = ۴

اب اعداد تام میں عدد تاسب مطابق عدد سوال میں جمع کریں گے۔

اعداد تام = ۵ ۲ ۲ ۲

اعداد تاسب سال = ۱ ۴ ۱ ۷

میزان = ۶ ۶ ۳ ۹ یہ رقم اول ہے اسے نگاہ رکھیں۔

مرحلہ دوم:

۱۴۰۸ + ۴ = ۱۴۱۲ کو عدد اعداد تام سے تقسیم کیا۔

۱۴۱۲ ÷ ۲ = ۷۰۶

۱۴۱۲ میں ۷۰۶ کو جمع کیا تو

۱ ۴ ۱ ۲

۷۰۶

۲ ۱ ۱ ۸ یہ رقم دوم ہے اسے بھی نگاہ رکھیں۔

مرحلہ سوم:

رقم اول × رقم دوم

۶۶۳۹ × ۲۱۱۸ = ۱۴۰۶۱۴۰۲

اعداد مستحصلہ = ۱ ۴ ۰ ۶ ۱ ۴ ۰ ۲

حروف = ب ت غ د ت غ

ناطق = بک ھد ت ن

بھوک تن

یعنی بچی کھانا صحیح نہیں کھاتی، اس لیے جسم لاغر ہے۔

مثال نمبر 2:

مرحلہ اول:

سرفراز	احمد	زاہد	فلاں	
۸	۸	۸	۳	= ۲۷-۹

مرحلہ دوم:

حصہ اول کے اعداد = ۳۸۸۸ مفرد کیا = ۹ آیا۔

حصہ دوم:

	کل	عمر	کتنے	سال	
	۵۰	۳۱۰	۴۸۰	۹۱	= ۹۳۱ = ۴ مفرد
عدد مفرد =	۵	۴	۳	۱	= ۱۳

جمع کیا = ۹۳۱ + ۱۳ = ۹۴۴ = عدد مفرد ۸

۴ کی زیادتی ہے تو ۴ تفریق کریں گے۔

۹۴۴ - ۴ = ۹۴۰ = مفرد ۱۳ - ۴

۹۴۰ + ۳۸۸۸ = ۴۸۲۸ رقم اول

اب دوبارہ رقم دوم حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل عمل کریں گے۔

اب ۹۳۱ + عدد مفرد (۴) = ۹۳۵

۹۳۵ کو عدد مفرد ۹ پر تقسیم کیا = ۹۳۵ ÷ ۹ = ۱۰۳ باقی ۸

باقی ۸ کو حذف کر دیا۔ ۱۰۳ + ۹۳۱ = ۱۰۳۴

اب ۱۰۳۴ — رقم دوم ہے۔

رقم اول اور دوئم کو آپس میں ضرب دیں گے۔

۴۸۲۸ × ۱۰۳۴ = ۴۹۹۲۱۵۲

اعداد مستحصلہ = ۲ ۵ ۱ ۲ ۹ ۹ ۴

اعداد الجمع = ب ن ق ب ص ظ د

ناطق = ون ی ب م دت

جواب = نوے ب مدت

یعنی کل عمر سائل کی نوے برس ہوگی۔

اب یہ تو ہوگئی کل عمر کتنے سال ہوگی؟ جواب آیا نوے سال ہوگی۔ لیکن اگر ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ سائل کی بقایا عمر کتنے سال ہوگی حصہ دوم کا جواب اسی طریقہ سے معلوم کر سکتے ہیں۔

1۔ مرحلہ وہی رہے گا۔ صرف سوال کا دوسرا حصہ تبدیل ہوگا۔

حصہ دوم:

	بقایا	عمر	کتنے	سال	ہوگی؟	
اعداد ہوئے:	۱۱۴	۳۱۰	۴۸۰	۹۱	۴۱	=۱۰۳۶
	۱۱۴	۳۱۰	۴۸۰	۹۱	۴۱	=۱۰۳۶(۱) مفرد
مفرد کیا:	۶	۴	۳	۱	۵	= ۵ مفرد

۱۰۳۶ کا عدد احاد ایک ہے۔ ۱۰۳۶

۱۴ کا عدد احاد ۵ ہے۔ +۱۴

۱۰۵۰

۱۰۳۶+۱۴ = ۱۰۵۰ اس کا مفرد ہوا۔ (۶)

لہٰذا ۵ کی زیادتی ہے۔ چنانچہ ۵ تفریق کریں گے۔

۱۰۵۰ - ۵ = ۱۰۴۵ اس کا مفرد ۱۰ = ۱ ہوا۔

اسی طرح دونوں کا عدد مفرد کا آپس میں تناسب برابر ہوگیا۔

اب مرحلہ اول کی رقم یعنی سائل کے نام کے اعداد ۳۸۸۸ ہیں۔

اب ۱۰۴۵+۳۸۸۸ کو آپس میں جمع کیا۔

تو ۱۰۴۵+۳۸۸۸ = ۴۹۳۳ رقم اول

(ii) رقم دوم لینے کا طریقہ یہ ہوگا۔

اصل اعداد سوال = ۱۰۳۶

ان کا مفرد = ۱

جمع کیا = ۱۰۳۷

ان سوال کے حصہ اول کے اعداد ۳۸۸۸ کے مفرد سے تقسیم کیا۔ اس کا مفرد ۹ ہے۔

۱۰۳۷÷۹ = ۱۱۵ باقی حذف کردیں۔

اب ۱۰۳۶+۱۱۵ = ۱۱۵۱............ یہ رقم دوم ہوگی۔

حصول جواب کا طریقہ:

رقم اول × رقم دوم

۴۹۳۳ × ۱۱۵۱ = ۳ ۸ ۸ ۷ ۷ ۶ ۵

اعداد کا مستحصلہ = ۳ ۸ ۸ ۷ ۷ ۶ ۵

حروف مستحضرہ = ج ف ض ز ع خ ہ

ناطق = جز ت ب س ی ن

جز پینتیس

یعنی بقایا عمر 35 سال ہے۔

قارئین محترم اس قاعدہ میں بہت سخت ذہنی ورزش کرنی پڑتی ہے۔ لیکن جواب عین سوال کے مطابق حاصل ہوتا ہے۔ دعا گو ہوں اللہ تعالیٰ آپ کا ادراک کھولے۔ آمین

* * *

لوح زحل

ستارہ زحل کو ترفع و تنزل سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جب یہ سعد ہوتا ہے تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات دیتا ہے۔ نحس ہونے کی صورت میں مصائب و آلام خوف اور ڈر کا سبق دیتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح پر متاثر ہوتا ہے۔ یاد رکھیے یہ دنیا اسباب کی ہے۔ ایسا سبب ضرور تلاش کرنا چاہیے جو انسان کو مصائب سے بچائے۔ اس کے مرتبے کو استحکام دے اور عظمت حاصل ہو۔ دنیوی مقام کے ساتھ ساتھ وہ مقام جہاں انسان ہر جگہ لاچار ہو جائے تو وہاں ایک اور سبب کو اختیار کرنا چاہیے۔ وہ سبب روحانی علوم سے استمداد حاصل کرنا ہے۔ ان علوم میں خاص امتزاجی حالت سے ایسی الواح تیار کی جاتی ہیں جو ذرائع اور اسباب لاتی ہیں۔ جس سے بدقسمتی خوش قسمتی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ ان الواح میں سے ایک لوح زحل کی بھی ہے۔ جس کے مندرجہ خواص ہیں۔

(۱) نحوست زحل خواہ وقتی ہو یا پیدائشی لوح کی برکت سے رفع ہوتی ہے۔

(۲) نحوست کے بعد جلد اسباب بنانے کے لیے لوح بے انتہا مؤثر ثابت ہوگی۔

(۳) تسلط بر مخلوق اور استحکام کے لیے کہ تنزلی نہ ہو۔

(۴) حصول جائیداد یا جن کے پاس جائیداد نہ ٹھہرتی ہو یا زمیندار ہوں اور چاہتے ہوں کہ عزت اور جائیداد کا قیام و بحال رہے۔

(۵) تعمیر مکانات کے وقت اگر بنیادیں رکھیں تو مضرات سے محفوظ و مکینوں کے لیے خوشحالی ہے۔

(۶) خلقت میں ناموری، تسخیر سلطنت، حصول مرتبہ، خلقت پر بزرگی، الیکشن میں کامیابی کے لیے ہو۔

(۷) وہ کاروباری افراد جن کی بڑی بڑی ملیں، فرمیں ہیں، جن کے ماتحت بہت سے ملازمین کام کرتے ہیں۔ چاہیں کہ قیام مرتبہ اور غلبہ بر مخلوق رہے یہ لوح مؤثر ہے اگر لوح زحل کو پاس رکھا جائے تو ایک مخفی اثر رکھنے والی باقوت چیز آپ کی زندگی کو بدل دے گی۔ جلد یا بدیر اس کے اثرات خود دیکھیں گے۔ اور لازماً دوسروں سے آپ اپنے آپ کو مختلف قوت اور خوشی کا مالک پائیں گے۔

حکیم سرفراز احمد زاہد (ماہر علوم مخفی و جفر)

مکان نمبر 7، گلی نمبر 5، رحمان کالونی، کالر روڈ، اللہ شافی چوک، ملتان

مستحصلہ بدوح یلن

سابقہ صفحات میں چند قواعد مشہور مستحصلہ بدوح یلن کے تحریر کیے ہیں۔ لیکن اہم علم کے لیے وہ عموی قواعد ہیں۔ ایک تو وہی آسان بھی ہیں اور عام فہم بھی۔ لیکن اصل بدوح یلن تو بہت دور کی بات ہے۔ ایک قاعدہ آج سے تقریباً چالیس سال قبل کافی تختہ مشق بنا تھا۔ وہ قاعدہ ۲۸ ابجد سے حل ہوتا ہے۔ یعنی مستحصلہ کے ہر حرف کے لیے مستحصلہ استخراج کرنے کے لیے الگ الگ ابجد استعمال میں آتی ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اگر سطر اساس میں ۱۲۸ ابجد استعمال ہوں گی۔ وہ قاعدہ بہت مشکل تھا۔ اس پر ایک دو کے علاوہ کسی نے بھی محنت کرنے کی کوشش نہ کی۔ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں جتنے بھی اس وقت جفار ہیں اس قاعدہ کو حل کرنے کی کوشش نہیں کر رہا ہے۔ اس کتاب میں میں نے اپنا ایک منفرد انداز اپنایا ہے اور تمام علمی قواعد پیش کیے ہیں تا کہ آئندہ آنے والے ماہرین اس سے استفادہ حاصل کر سکیں گے۔ جس طرح ایک مرض کے سینکڑوں نسخے ہوتے ہیں اور ہر نسخہ کسی نہ کسی خصوصیت کا حامل ہوتا ہے۔ بعض نسخے بڑے پیچیدہ اور تیار کرنے میں مہینوں محنت لیتے ہیں، پھر وہ اکسیر بن جاتے ہیں اور مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیتے ہیں۔ ان کے مقابلے میں بعض نسخے کو معمولی اجزا پر مشتمل ہوتے ہیں اور چٹکلے کہلاتے ہیں۔ وہ بڑے بڑے نسخوں کے مقابلے میں حیران کن اثرات دیتے ہیں۔ اسی طرح علم جفر بھی بے شمار مستحصلات پر مشتمل ہے اور ہر مستحصلہ کسی نہ کسی خاص خصوصیت کا حامل ہوتا ہے۔ لیکن مستحصلہ ''بدوح یلن'' ایک ایسا اکسیر صفت نسخہ ہے کہ جو اس سے ذرا چھو گیا کندن بن گیا۔ جس کی رسائی اس منبع فیض تک ہوگئی وہ بقدر ظرف فیض یاب ہوئے بغیر نہ لوٹا۔ اسی مستحصلہ کے متعلق مندرجہ ذیل اشعار بہت مشہور ہیں۔ کہا جاتا ہے ان اشعار میں مستحصلہ کے متعلق ہے۔

۱۔ سوال از جفر جامع گر نمائی   یکن متصلہ بہرِ خود آساں
۲۔ نیابی تا ندانی ایں معماء   اگر یابی بدانی سرّ یزداں
۳۔ چناں قسمت کہ می دانی تخارج   اگر دانی ز اول قسمِ آں
۴۔ بقسمت چار کن ہر حرف خود را   بجائے خود بگداز بہر درماں
۵۔ ترفع یا ترقی در اساس است   مساوات و تنزل ناظر آں
۶۔ تو بدوح یلن رادہ ترفع   غضخ ترصع ترقی دہ تو چنداں
۷۔ تنزل ''ظا و ذال و ثا و شقفس''   مساوات ''اجھز طکم'' داخل داں
۸۔ اگر یابی مکن ظاہر بہ ہر کس   چو اسم اعظم اور اکن تو پنہاں
۹۔ مکن ہرگز سوال از شیخ ناداں   ازیں سرکہ ایزد کرد پنہاں
۱۰۔ چو دانستی سوال از ہرچہ خواہی
بکن بشنو جواب بخود اساں

مندرجہ بالا اشعار میں بڑے اسرار پوشیدہ ہیں کیونکہ ان میں ان قواعد کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جن پر اس قاعدہ کی بنیاد ہے۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ پہلے اشعار کے بعد ایک شعر اس کا اور ہونا چاہیے تھا جس بسط عزیزی کا ذکر ہوتا۔ کیونکہ تمام قاعدہ اسی کلیہ و قانون پر منحصر ہے۔ (وہ شعر یا تو اخفائے راز کی وجہ سے وضع ہی نہیں کیا گیا یا مجھے حاصل نہ ہو سکا۔ سرفراز) لیکن مجھے ایک حل شدہ مثال جو ۲۰ سال سے میرے پاس ہے۔ جہاں سے مجھے دستیاب ہوئی اتنا عرصہ قبل یاد ہے ان بزرگ کے پاس تھی اور انہیں بھی کہیں سے ملی تھی۔ اس پر انہی اشعار سے ملتے جلتے پانچ اشعار لکھے گئے ہیں۔ وہاں شعر نمبر ۲ یوں ہے۔

ترقی و ترفع با تنزل   مساوات کند با اہل فرمان

اور نویں شعر کے پہلے مصرع میں ''شیخ نادان'' کی بجائے ''شیخ دانا'' لکھا ہے اور آٹھویں شعر کے دوسرے مصرع میں ''چو اسم اعظم اور کن'' کی جگہ ''جان اسم اعظم اوراد از پنہاں'' لکھا ہے۔ اشعار میں بھی تبدیلی ہے لیکن اوزان برابر ہیں۔ اب بسط عزیزی درج کرتا ہوں۔

بُسطِ عزیزی:

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
اساس	ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
نظیرہ	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
نمبر شمار	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸

اس بسط عزیزی کو چار حصوں میں اس طرح تقسیم کیا گیا کہ سطر اساس کے سات سات حروف سے دو قسم (ترفع و ترقی) حاصل کیں اور سطر نظیرہ کے سات سات حروف سے دوسری دو قسمیں یعنی مساوات و تنزل پیدا کیں۔ چنانچہ سطر اساس کے اول سات حرف جن کا مجموعہ ''بدوح یلن'' ہے حرف ترفع کہلاتے ہیں اور آخری سات حرف جن کا مجموعہ ''غضخ ترصع'' ہے حروف ترقی کہلاتے ہیں۔ سطر نظیرہ کے اول سات حرف جن کا مجموعہ ''اجھز طکم'' ہے حروف مساوات کہلاتے ہیں اور آخری سات حرف جن کا مجموعہ ''ظذث شقفس'' ہے حروف تنزل کہلاتے ہیں۔ اس طرح جو اقسام اربعہ حاصل ہوئیں۔ ان کی تشریح درج ذیل جدول سے ملاحظہ فرمائیں۔

جدول ترقی و تنزل:

حروف مساوات	ا	ج	ھ	ز	ط	ک	م
حروف ترفع	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
حروف تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
حروف ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ

تقسیم بالا کا اہم ترین مقام استخراج اعداد ہے۔ مسئلہ اعداد پر کسی نے بحث نہیں کی ہے۔ اگر کہیں ان اعداد کے حصول کا اجمالاً ذکر کیا گیا ہے تو مساوات ترقی کے اعداد کا طریق استخراج ایک ہی لکھا ہے۔ حالانکہ یہ اصولی بات ہے کہ جب ہر ایک قسم کا طریقہ استخراج الگ الگ ہے تو ان دونوں کا بھی علیحدہ علیحدہ استخراج کرنے کا طریقہ ہونا چاہیے۔

ورنہ الگ الگ تقسیم کا کیا فائدہ؟ دونوں اقسام کو ایک ہی قسم سے ہونا چاہیے تھا۔

اس سے پہلے کہ اعداد استخراج کرنے کا طریقہ لکھوں یہ بتانا اشد ضروری ہے کہ اقسام اربعہ میں مفرد اعداد لیے جاتے ہیں۔ صفرین ساقط کر دی جاتی ہیں۔ مثلاً ی کے عدد ۱۰ ہیں اور ق کے عدد ۱۰۰ اور غین کے ۱۰۰۰ اگر اقسام ہذا میں ان تینوں حروف کو عدد ایک تحت ہی لکھا جائے گا۔ یہ ابجد اصغر بھی کہلاتی ہیں۔ یا ہم مرتبہ حروف بھی کہلاتے ہیں۔ لیکن بدوح یلین میں یہ سب باتیں اعداد کے مجموعہ کے ضمن میں آئے گی۔ جہاں دو اعداد میں سے صرف اکائی کا عدد لیا جاتا ہے۔ مثلاً میزان اگر ۱۲ آئے تو ۲ کا عدد لیں گے اور اگر ۲۷ ہو تو ۷ کا عدد لیں گے۔ اب چاروں اقسام حروف کے اعداد کے استخراج کا طریقہ لکھ رہا ہوں۔ چنانچہ قسم اول مساوات ہے اس لیے اس اعداد عدد اصلی کے مساوی ہوں گے کسی قسم کی تبدیلی یا ترمیم نہیں کی جائے گی۔

مثلاً

ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م
۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴

لیکن عموماً بدوح یلین حل کرنے والے یہ سمجھتے ہیں کہ عدد اصلی کے مساوی دوسرے اعداد ملانا چاہئیں۔ یعنی ان کو دوگنا کر لینا چاہیے۔ اگر یہ ضروری ہے تو کس کو کہیں گے؟ البتہ عمل میں تا حد مساوی اعداد ہی لیے جائیں اور اعداد زائد سے احتراز کیا جائے تو وہ ایک الگ صورت ہوگی۔

قسم دوم ترفع کے اعداد بذریعہ رفعت اس طرح حاصل کریں کہ جس حرف کے عدد مقصود ہوں اس کے ہم پہلو یا حرف آئندہ کے اعداد لے لیں۔ کیونکہ یہ عدد، عدد اصلی سے زیادہ ہیں۔ جیسے ہمیں ب کے اعداد لینا مطلوب ہیں، حروف ترفع میں ب کے د ہے۔ جس کے عدد ۴ ہیں۔ جو ب کے عدد ۲ سے زیادہ ہے۔ لہٰذا ب کے عدد قسم ۴ ہوں گے۔ اس تمام حروف ترفع کے حاصل کردہ اعداد یہ ہوں گے۔

ب	د	و	ح	ی	ل	ن
۴	۶	۸	۱۰	۳	۵	۷

قسم سوم تنزل:

اس کے عدد عدد اصلی کا نصف ہوں گے۔ مثلاً س کے عدد ۶ ہیں۔ اس کے نصف ۳ ہوئے۔ چنانچہ س کے عدد ۳ ہوئے۔ اسی طرح ف کے عدد ۸ ہیں۔ اس کے نصف ۴ ہوئے۔ یہی ۴ ف کے عدد ہیں۔ لیکن آگے ایک مشکل پیش آئے گی۔ یعنی ایسے حروف آئیں گے جن کے اعداد نصف نہیں ہو سکتے۔ مثلاً ق کا عدد ایک ہے ش کا ۳۔ اس قسم کے اعداد کو نصف کیسے کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ۳ کا عدد قانون جو آئندہ ہر حرف کے ساتھ ملا کر اس کے مجموعہ کو نصف کر لیں گے لیکن یہ بات یاد رہے کہ آپ نے دیکھا ہوگا جب مستحصلہ بدوح یلین حل کیا جاتا ہے تو ہر جگہ قوانین میں لکھا ہوتا ہے کہ تمام حروف کے نیچے عدد قانون ۳ لکھیں گے۔ لیکن چار حروف ق ش ث ذ ظ کے نیچے ۳ کا عدد قانون نہیں لکھیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کسی کو معلوم نہیں کہ ان کے نیچے عدد ۳ کیوں نہ لکھیں۔ یہ راز بھی میں آپ کو بتاتا ہوں کہ ۳ کا عدد اس لیے ان کے نیچے نہ لکھیں گے کیونکہ پہلے ان عدد اصلی میں ۳ کا عدد شامل کر کے ان کے مجموعہ کو نصف کیا گیا ہے۔ اس لیے دوبارہ شامل نہیں کیا جا سکتا۔ صرف انہی حروف کے نیچے لکھا جاتا ہے جن میں پہلے ان کی شمولیت نہ ہوئی ہو۔ چنانچہ ق کے عدد ایک پر ۳ کا اضافہ کیا تو ۴ ہوئے۔ نصف ان کا ۲ ہوا۔ اس طرح ق کے عدد ۲ ہوئے۔ اس طرح تمام اعداد تنزل یہ ہوئے۔

س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶

قسم چہارم ترقی:

حروف ترقی کے اعداد حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر حرف کے عدد اصلی کو دگنا کر دیں۔ مثلاً ع کے عدد ۷ ہیں۔ ان کو دگنا کیا تو ۱۴ ہوئے۔ دہائی کو حذف کیا تو ۴ رہے۔ یہی عدد عین کے ہیں۔ اس طرح تمام حروف ترقی کے اعداد درج ذیل ہیں۔

ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
۴	۸	۴	۸	۲	۶	۲

چاروں اقسام کی تشریح ہوگئی۔ لیکن اس طرح سمجھ نہ آسکی ہو تو اس کی جدول درج

کر رہا ہوں۔

جدول اعداد بدوح ملین:

حروف ساوات	ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م
اعداد	۱	۳	۵	۷	۹	۲	۴
حروف ترغ	ب	د	و	ح	ی	ل	ن
اعداد	۴	۶	۸	۱۰	۳	۵	۷
حروف تنزل	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
اعداد	۳	۴	۲	۳	۴	۵	۶
حروف ترقی	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ
اعداد	۴	۸	۴	۸	۲	۶	۲

مداخل یا بسائط:

یہ اصطلاح اکثر مستحصلات میں استعمال ہوتی ہے۔ چونکہ اس مستحصلہ میں بھی آئی ہے۔ اس لیے اس کی تشریح بھی ضروری ہے۔ مداخل کسی لفظ یا جملہ کے کل اعداد کو کہتے ہیں۔ چونکہ علم جفر میں سلسلہ اعداد ہزار پر ختم ہو جاتا ہے اور اکائی سے ہزار تک چار مراتب ہوتے ہیں۔ اس لیے مداخل بھی چار ہوتے ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۔ مدخل کبیر ۲۔ مدخل وسیط
۳۔ مدخل صغیر ۴۔ مدخل اصغر

کسی لفظ یا جملے کے اعداد جو ابجد سے حاصل ہوں ان کو مدخل کبیر یا بسیط کبیر یا جمل کبیر کہتے ہیں۔ مثلاً سرفراز احمد زاہد کے اعداد ابجد قمری سے ۶۱۸ ہیں۔ یہ اعداد مدخل کبیر کہلائیں گے۔ اب ان اعداد کے ایک مرتبہ کم کرنے کو مدخل وسیط کہتے ہیں۔ جیسے ۶۱۸ میں ۸ + ۱ = ۶۹ ہوا یہ وسیط ہوا۔ اب اگر ۶۹ کا ایک مرتبہ کم کریں تو ۹ + ۶ = ۱۵۔ یہ مدخل صغیر ہوا۔ اب ۱۵ک ایک مرتبہ کم کیا جیسے ۵ + ۱ = ۶۔ یہ مدخل اصغر ہوا۔ اس طریقے سے

اعداد کے مداخل بنائے جائیں گے۔

طریق استخراج:

آپ جس سوال کا جواب نکالنا چاہتے ہیں۔ اس کے اعداد ابجد قمری یا جو بھی اس مستحصلہ سے متعلقہ ہے، سے نکالیں۔ ان اعداد میں اپنے سوال کے حروف اور حروف کے نقاط کو شمار کر کے شامل کریں۔ جو اعداد حاصل ہوں گے، وہ مدخل کبیر کہلائیں گے۔ مثلاً اس سوال ''کعبہ کس شہر میں ہے؟'' کے اعداد ۷۹۷ ہیں۔ اس سوال کے کل حروف ۱۴ ہیں اور نقاط ۹ ہیں۔ تمام اعدد کو جمع کیا تو کل اعداد ۸۲۰ ہوئے۔ ان کے حروف بنائے تو ''ک ض'' ہوئے۔ یہاں ایک چیز کی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ عام طور پر صرف سوال کے اعداد لیے جاتے ہیں، شمار نقاط و حروف کو نہیں لیا جاتا۔ اس صورت میں یہ مشکل بعض اوقات پیش آ جاتی ہے۔ ہو سکتا ہے جو اعداد ہمارے اس سوال کے ہیں وہ ہی عدد کسی دوسرے سوال کے بھی پیدا ہوتے ہیں۔ ایسی صورت میں جواب غیر متعین ہو جاتا ہے۔ تو اس وقت کیا کریں؟

علامہ شاد گیلانی مرحوم فرماتے ہیں۔ ''سب سے بڑی خامی مجھے سطر اساس میں نظر آتی ہے۔ علم جفر سے سوال کے اعداد حاصل کیے جاتے ہیں۔ جن سے سطر اساس قائم ہوتی ہے۔ مگر اصولاً یہ بات قطعی غیر قانونی نظر آتی ہے اور میری نظر میں اس کی اصلاح کرنا ضروری ہے۔ فرض کریں اگر دو متضاد قسم کے سوالوں کے اعداد ایک جیسے ہوں (تو قاعدہ خواہ جس قدر صحیح کیوں نہ ہو) کس سوال کا جواب پیدا کرے گا؟

یہی بات میں نے ایک اور جفار سے معلوم کی تھی تو انہوں نے بھی فرمایا تھا۔ سوال میں تبدیلی کریں یا ساعت وغیرہ شامل کر کے اعداد میں تبدیلی کریں لیکن جیسا کہ میں نے اوپر تشریح میں لکھا ہے کہ سوال کے اعداد لینے کے بعد اس میں تعداد حروف اور تعداد نقاط بھی شامل کریں تو اوپر جو نقص پیدا ہوا تھا بڑی حد تک دور ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اگر یہی اعداد کسی دوسرے سوال کے ہوں گے لیکن تعداد حروف اور نقاط میں مطابقت نہ ہوگی۔ بس یہی فرق ہر دو میں حدِ فاصل کا کام دے گا۔

اب اعداد سے حروف پیدا کرنے کے بعد ان کو ملفوظی کریں اور بسط کر کے لکھیں۔

مثلاً مثال مذکورہ کے حروف دی ب ح کو ملفوظی کیا۔ (یاد رہے یہ سوال ہے؟ بابا فرید الدین گنج شکر کا مزار کس شہر میں ہے؟) اس کے کل اعداد ۱۹۵۷ ہیں۔ تعداد حروف ۳۵ اور تعداد نقاط ۲۲ ہے۔ ان سب اعداد کو جمع کیا تو مجموعہ ۲۰۱۴ ہوا۔ اس کے حروف (دی ب ح) ہے۔ ان کو اب ملفوظی کرنا ہے۔ دال ی اب اخ ی ن ان کو گنتی کریں جو عدد آئے اس کا حرف بنا لیں۔ مثلاً یہ ۱۰ حروف ہیں۔ اس کا ی بنا۔ اب نقاط شمار کریں۔ ان کی تعداد ۷ ہے۔ حرف ز بنا ان کو ایک سطر میں لکھا تو یہ سطر اساس کہلائے گی۔ مثلاً دال ی اب اخ ی ن ی ز

اس طرح جواب مختصر آئے گا اور اگر آپ جواب تفصیل سے چاہتے ہیں یا مذکورہ طریقہ سے قائم کردہ سطر اساس سوال کا جواب نہ دے تو پھر سطر اساس اس طرح قائم کریں کہ اعداد سوال و شمار حروف و نقاط جمع کر کے حروف بنائیں اور پھر ان کا یعنی اعداد کا وسیط صغیر لیں اور سب کے حروف بنا کر ملفوظی کریں اور پہلے کی طرح الگ الگ لکھ کر شمار حروف و نقاط کے حروف بنا کر ایک سطر اساس بنا لیں۔

مثلاً اعداد سوال مع شمار حروف و نقاط ۲۰۱۴ ہوئے۔ حروف دی ب ح بنے۔ وسیط ۲۰۵ ہوا۔ حروف ہ ر بنا۔ صغیر ۲۵ ہوا اور حروف ہ ک ہوا۔ اصغر ۷ ہوا اور حروف ز بنا۔ ان کو ملفوظی کر کے ایک سطر میں لکھا۔

د ا ل ی ا ب ا خ ی ن ہ ا ر ا ہ ا ک ا ف ز ا

کل حروف ۲۱ ہیں۔ حروف اک نقاط ۹ ہیں۔ حرف ط۔ چنانچہ سطر اساس اس طرح قائم ہوئی۔

اساس: د ا ل ی ا ب ا خ ی ن ہ ا ر ا ہ ا ک ا ف ز ا ا ک ط = ۲۴ حروف

یہاں ایک اور بات سمجھ لیں۔ اگر کبھی اس طرح سطر اساس قائم کرنے سے بھی جواب حاصل نہ ہو تو مقلوب المراتب حروف سے سطر اساس قائم کریں۔ یعنی پہلے ہزار، پھر سینکڑہ، پھر دہائی اور پھر اکائی سے حروف پیدا کریں۔ اس طرح سطر اساس یوں ہوگی۔

اساس: ح ی ن ب ا ی ا د ا ل ر ا ہ ا ک ا ف ہ ا ز ا ک ا ط

جب سطر اساس قائم کر لیں تو دوسری سطر سطر نظیرہ کی ہوگی۔ ابجد قمری اوپر والے

حرف کا نیچے والا نظیرہ ہوتا ہے اور نیچے والے کا اوپر والا یا ہر حرف کا پندرھواں حرف نظیرہ ہوتا ہے۔ مثلاً

سطر اساس: د ا ل ی ا ب ا خ ی ن ی ز
سطر نظیرہ: ص س ض خ س ح س ن خ غ خ ش
موخر صدر: ش ص خ س غ ض خ خ ن س س ح

اب آگے کا عمل ملاحظہ فرمائیں۔ مستحصلہ بدوح یلن میں اسی طرح تیسری سطر سے مستحصلہ کا استخراج کیا جاتا ہے۔ جس کا طریقہ حسب ذیل ہے۔

1-اعداد حروف:

ہر حرف کے نیچے اس کے عدد جو بدوح یلن کی جدول اعداد میں درج ہیں، لکھ دیں۔

2-اعداد قانون:

اس کے بعد حروف (ق ش ث ذ ظ) کے نیچے ماسوائے بریکٹ کے اندر چاروں حروف ۳ کا عدد شروع سے آخر تک لکھیں۔

3- عشرات:

اعداد عشرات کے بارے میں علمائے فن کا اختلاف ہے۔ بعض کا قول ہے کہ عشرات (یعنی دس دس خانے) اگر پورے ہوں جیسے کل تعداد حروف تکسیر ۱۰۔ ۲۰ یا ۳۰ وغیرہ ہوں تو عشرات اس طرح پر کریں کہ اول دس خانوں میں ہر خانے کے نیچے ایک ایک لکھ دیں اور گیارہ سے بیس خانے تک ہر خانے کے نیچے ۲۔۲ لکھ دیں۔ اب اگر تیسرا عشرہ بھی ہے تو اکیس سے تیس خانے تک تین تین لکھتے چلے جائیں۔ علی ہذا: لیکن اگر عشرات ناقص ہوں جیسے کل حروف ۲۶ یا ۱۵ ہوں تو اس کے پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اگر حروف کل کی تعداد مثلاً ۱۵ یا ۲۵ ہے تو پہلے خانے میں ۵، دوسرے میں ۴، تیسرے میں ۳، اسی طرح ایک ایک کم کرتے جائیں۔ جب ایک پر پہنچ جائیں تو دس تک جو خانے باقی بچیں۔ ان میں صفر لگا دیں۔ فرض کیجئے آپ کی سطر تکسیر کے کل حروف کی تعداد ۱۹ ہے تو عشرہ اول اس طرح پر کیا جائے گا۔

تعداد حروف: ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴ ۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸ ۱۹

عشرات: ۷ ۶ ۵ ۴ ۳ ۲ ۱ ۰ ۰ ۰ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲ ۲

بعض جفار بقیہ خانوں میں صفر کی بجائے ایک ایک لکھ کر دس خانے مکمل کرتے ہیں۔ پھر دیگر عشرات کو حسب قاعدہ سابق پر کرتے ہیں۔

یعنی عشر دوم کے ہر خانے میں دو، دو اور عشر سوم کے ہر خانے میں تین تین لکھتے ہیں۔ علی ہذا القیاس

طریق دوم:

عشرات کے پر کرنے کا ایک طریقہ تو حسب اول الذکر تھا۔ جس کی بالتفصیل تشریح ہو چکی۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ آخری خانے سے ایک دو تین وغیرہ اعداد لکھے جائیں اور جب دسویں خانے میں پہنچیں تو صفر لکھ دیں۔ پھر دوبارہ ایک دو تین سے شروع کریں اور یہی عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک کہ کل خانے ختم ہو جائیں۔ مثلاً ۱۵ حروف تکسیر ہیں تو عشرات اس طریقہ سے پر کیے جائیں گے۔ مثلاً

خانے یا حروف	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
عشرات	۵	۴	۳	۲	۱	۰	۹	۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

میرے نزدیک یہ طریقہ پہلے طریقے سے زیادہ جامع اور پائیدار ہے۔ گو جواب پہلے طریقے بھی دیتے ہیں۔ لیکن وہ خامیوں سے خالی نہیں۔ پہلا نقص یہ ہے کہ اس عمل سے عشرات ناقص الطرف سے ناقص الطرفین ہو جاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

خانے	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
عشرات	۵	۴	۳	۲	۱	۰	۰	۰	۰	۰	۲	۲	۲	۲	۲

مثال مذکورہ میں کوئی عشرہ مکمل نہیں، عشرہ اول تو عموماً ناقص ہوا ہی کرتا ہے۔ لیکن اس میں عشرہ دوم بھی مکمل نہیں رہتا۔ اس کے صرف ۵ خانے باقی رہ جاتے ہیں۔ اسی طرح درمیانی حصہ بھی مکمل نہیں کیونکہ صفر کی قیمت نہیں۔

دوسری خامی جو اس طرح عشرات لینے سے پیدا ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک ہی ایک عدد کا اعادہ دس خانے تک ہوتا رہتا ہے۔ جس کے یہ معنی ہیں کہ حروف کی مقامی حیثیت کم از کم ایک ربع چار خانے تک ختم ہو جاتی ہے۔ یعنی کسی حرف کے جو عدد ربع کے پہلے

خانے میں ہوں گے۔ وہی دوسرے، تیسرے اور چوتھے خانے میں بھی ہوں گے۔ حالانکہ تبدیلی مقام کے ساتھ تبدیلی اعداد لازمی چیز ہے۔ ورنہ تبدیلی بے سود، مثلاً اس کے ۳ عدد ہیں۔ ۳ عدد قانون کے جمع کیے میزان ۶ ہوا۔ اب یہ اگر پندرھویں خانے میں ہے تو عشر دوم کے دو عدد اس مزید اضافہ کر دیے جائیں گے۔ کل ۸ ہوئے۔ اب اس میں ربع چہارم کے چار عدد مزید بڑھائے تو کل اعداد ۱۲ ہوئے یہی عدد چودھویں، تیرھویں اور سولھویں خانے میں بھی ہوں گے۔ کچھ تبدیلی نہ ہوگی، اگر کچھ تبدیلی ہوگی تو صرف تکرار حرف کی وجہ سے ہوگی نہ کہ مقامی حیثیت سے۔ گویا قاعدہ ہذا تکرار کے سہارے قائم ہے۔ اگر یہ سہارا نہیں تو کچھ نہیں۔ اسی وجہ سے اس میں تکرار لازمی طور پر لی جاتی ہے۔ برخلاف عشرات کے دوسرے طریقے کے یہ طریق مستقل بذاتہ ہے۔ ہر خانے میں ایک نیا عدد ہوتا ہے۔ اسی پر اکتفا نہیں بلکہ تبدیلی مزید کے لیے ہمہ وقت تیار رہتا ہے۔ جو تکرار حروف وجنس وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے۔ خود محتاج سہارا نہیں۔ لیکن سہارا ملے تو انکار بھی نہیں۔

4- ربعات:

ربعات ربع کی جمع ہے۔ چار خانوں کا ایک ربع ہوتا ہے جو بھی ربع ہوتا ہے۔ اس کے چاروں خانوں میں وہی عدد لکھ دیا جاتا ہے۔ مثلاً پہلا ربع ہے تو ایک ایک اور اگر دوسرا ہے تو ۲-۲ مثلاً

خانے	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
عشرات	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۴	۴	۴	۴

اسی طرح یہ سلسلہ آخری خانے تک جاری رہتا ہے۔ البتہ اگر عشرات دوسرے طریق پر لیے گئے ہیں تو یہ سلسلہ ربعات چوتھے ربع پر ختم نہیں ہوتا۔ کیونکہ یہ سلسلہ بھی تبدیلی اعداد کا معاون ثابت ہوتا ہے۔ حروف ترقی وتنزل میں ربعات اور عشرات اکثر لیے جاتے ہیں اور مساوات وترفع میں صرف وقت ضرورت لیے جاتے ہیں، ورنہ ترک کر دیے جاتے ہیں۔

5- عدد متصلہ:

عدد متصلہ یا عدد خانہ ربعات کی دوسری شکل کا نام ہے۔ اس میں ربعات کے

خانوں کو شمار کیا جاتا ہے۔ یعنی ربع خواہ کوئی ہو پہلے خانے میں ایک، دوسرے میں دو، تیسرے میں ۳ اور چوتھے میں چار لکھے جاتے ہیں۔

خانے	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
عدد مستحصلہ	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳	۴	۱	۲	۳

ربع اول میں عموماً عدد ربع کو ترک کر دیا جاتا ہے اور عدد ربع کی بجائے عدد مستحصلہ ہی لکھا جاتا ہے۔ پھر دوسرے ربع سے عدد ربعات شروع کیے جاتے ہیں۔ نیز حروف ترفع و مساوات میں بھی ربعات کو ترک کر دیا جاتا ہے اور ربعات کی بجائے عدد مستحصلہ یا عدد خانہ لیے جاتے ہیں۔

6- تکرار:

اگر ایک حرف بار بار آئے تو اس کو تکرار حرفی کہتے ہیں اور اگر اقسام اربعہ یعنی مساوات، ترفع تنزل و ترقی میں سے کسی ایک قسم کے حروف بار بار آئیں تو اس کو تکرار جنسی کہتے ہیں۔

تکرار خواہ حرفی ہو یا جنسی عشر کے طریق دوم میں صرف چار تک لی جاتی ہے۔ یعنی اول بار کوئی حرف مکرر آئے تو اس کے نیچے ایک لکھ دیا جاتا ہے۔ دوسری بار مکرر آئے تو دو، تیسری بار مکرر آئے تو تین، چوتھی بار مکرر آئے تو چار لکھا جاتا ہے۔ اس کے بعد بھی سلسلہ تکرار جاری ہے۔ چار، تین، دو ایک پر ختم ہو کر پھر اسی طرح ایک سے سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ عشر کے طریق ہذا میں تکرار صرف وقت ضرورت لی جاتی ہے۔ ورنہ ترک کر دی جاتی ہیں کیونکہ یہ طریقہ خود مستقل بذاتہ ہے محتاج تکرار نہیں۔ برخلاف عشر کے طریق اول کے کہ وہ چلتا ہی محض تکرار کے سہارے ہے۔ اس میں تکرار لازمی اور ضروری ہے۔ لیکن اس طریقہ عشر میں جو لوگ ت کرار چار تک لیتے ہیں۔ وہ غلطی پر ہیں۔ کیونکہ چار کی تکرار سے مراتب تسعہ (جن سے جواب حاصل ہوتا ہے) حاصل نہیں ہو سکتے۔ چار عدد تکرار حرفی ہے اور چار تکرار جنسی ہے۔ کل عدد ۸ حاصل ہوتے ہیں، تو حاصل نہیں ہوتے۔ اس لیے ایک مرتبہ کی کمی ہر جگہ رہے گی۔ یہ بڑی خامی ہے جو حصول جواب میں سنگ راہ بن کر ہر جگہ آڑے آئے گی۔ یہ خامی صرف اس وقت دور ہو سکتی ہے کہ شمار تکرار چار کی بجائے پانچ تک لیا جائے تاکہ

۱۲ ارکان تسعہ ہر مقام پر حاصل ہو سکیں۔

محذوفات:

سلسلہ تکرار میں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیے کہ جب ایک ہی حرف پہلو بہ پہلو مکرر آ جائے تو اس کو عموماً ایک ہی شمار کیا جاتا ہے۔ نیز تکرار جنس میں اگر ایک ہی جنس (قسم) کے حروف اس طرح پہلو بہ پہلو ہوں کہ ان میں ترقی حرفی پائی جاتی ہے۔ مثلاً س ف یا ف ق وغیرہ ہوں تو ان کو بھی ایک حرف ہی شمار کیا جائے گا۔ اس طرح اگر ایک ہی خانے میں کوئی عدد مکرر آ جائے تو ضرورتاً ایک عدد کو حذف کرنا پڑے گا اور جائز ہے۔

اس عمل کے بعد ان حاصل شدہ اعداد کی میزان ہر حرف کے نیچے علیحدہ علیحدہ نکالیں اور ہر ایک میزان سے دہائی گرا دیں۔ صرف اکائی باقی رہنے دیں۔ پھر اس عدد احاد (اکائی) کو جدول ابتقع میں تلاش کریں۔ جدول ہذا میں جہاں آپ کا عدد ملے اس کے نیچے درج شدہ حروف میں سے ایک حرف مناسب مستحصلہ جو دال الی المطلوب ہو، لے لیں۔

جدول ابتقع یا مراتب تسعہ:

مراتب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
حروف مراتب	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط
	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ
	غ								

اگر جدول ابتقع کے حروف سے کوئی ایسا نقطہ نہ بن سکے۔ جو جواب کے لیے کار آمد ہو سکے تو پھر ان ہی حروف کے بظاہر ابجدی یا ابتثی میں سے کوئی حرف لیں۔ مثلاً عدد میزانیہ کی اکائی ۲ ہے تو اول ہم جدول ابتقع میں نمبر ۲ کے نیچے درج شدہ حروف یعنی ب ک ر میں سے ایک لیں گے اور ان تینوں حروف میں سے کوئی حرف کارآمد ثابت نہ ہو تو پھر ان ہی حروف کے نظیرہ ابجدی یا ابتثی میں سے ایک حرف حسب ضرورت لے لیں گے۔

نظائر ابجد:

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ

نظائر ایقغ:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ا	ی	ق	غ	ب	ک	ر	ج	ل	ش	د	م	ت	ہ
ن	ث	و	س	خ	ز	ع	ذ	ح	ف	ض	ط	ص	ظ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

مثلاً ب کا نظیرہ ع اور نظیرہ ایقغ خ ہے۔ اسی طرح دیگر حروف نظائر پر قیاس کریں۔

انتخاب حروف:

عدد میزانیہ کے تحت آنے والے حروف میں سے کسی حرف کا انتخاب کیا جائے اس کے متعلق میں اپنا نظریہ تو پہلے ہی بیان کر چکا ہوں کہ جس حرف کے موافق مطلب یا معنی لفظ پیدا ہو سکے اسی حرف کا انتخاب کریں گے۔ خواہ وہ قاعدہ انتخاب کے تحت آتا ہو یا نہیں۔

اسی طرح سین کے مستحصلہ کے متعلق میرا یہ نظریہ ہے کہ اس کا مستحصلہ جملہ قواعد کی قیود سے آزاد ہے۔ اگر قواعد کے تحت اس کا مستحصلہ آ سکتا ہے تو ٹھیک ورنہ بلا رعایت قواعد و قانون جس حرف کی ضرورت ہو وہی لے لیں۔ گو علمائے جفر نے اس کو پابند سلاسل کرنے کے لیے علیحدہ اس کے لیے بہت سے قواعد وضع کیے ہیں۔ مثلاً اگر سین کسی ربع کے خانہ اول میں ہو تو اس کے عدد تین لیتے ہیں، خانہ دوم میں چار، خانہ سوم میں پانچ اور خانہ چہارم میں ۶ عدد لیتے ہیں۔ لیکن جب اس سے بھی کام نہ چلا تو یہ قاعدہ بنایا سین کا مستحصلہ سین یا اس کا نظیرہ الف لینا چاہیے۔ غرض کہ اسی طرح بہت سے قواعد متعلق حرف سین ہیں۔ مگر اس کی طبع غیور کسی قاعدہ خاص کی مرہون منت ہونا کب گوارہ کرتی ہے۔

انتخاب حروف کے متعلق علماء جفر نے جو قواعد بیان کیے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ جس کا

مستحصلہ لینا ہو وہ حرف اور حرف مستحصلہ ہر دو ہم مرتبہ یا ہم مزاج نہ ہوں۔ یعنی اگر ایک حرف مرتبہ آحاد رکھتا ہے تو دوسرے حرف کا مرتبہ آحاد نہ ہونا چاہیے بلکہ عشرات، میات یا الوف میں سے کوئی مرتبہ ہونا چاہیے۔ (جن حروف کے اعداد ایک سے نو تک ہیں) ان کا مرتبہ آحاد ہوتا ہے اور جن حروف کے عدد دس سے نوے تک ہوتے ہیں، ان کا مرتبہ عشرات کہلاتا ہے۔ جن حروف کے اعداد ایک سو سے نو سو تک ہوتے ہیں۔ ان کا مرتبہ میات ہے اور صرف غین جس کے عدد ایک ہزار ہیں اس کا مرتبہ الوف کہلاتا ہے۔

حروف کے مزاج چار ہیں۔ آتشی، بادی، آبی، خاکی۔ جن کی تشریح یہ ہے۔

جدول مزاج حروف:

آتشی	ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
بادی	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آبی	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاکی	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ

اس توضیح کے بعد آپ ہم مزاج یا ہم طبع ہونا بخوبی سمجھ لیں گے۔ مثلاً حروف مستحضرہ (وہ حرف جس کا مستحصلہ لینا ہے) الف ہے تو اس کا حرف مستحصلہ بقیہ آتشی حروف (ہ ط م ف ش ذ) میں سے نہ ہونا چاہیے جو اس کے ہم طبع ہیں۔

اگر یہ رعایت یعنی ہم مرتبہ یا ہم طبع ہونا حروف مستحضرہ کے ساتھ قائم نہ رہ سکے تو حرف مستحصلہ ہم پہلو سے قائم کریں۔ نیز حروف مستحضرہ اگر ایسا حرف ہے کہ پہلے بھی گزر چکا ہے۔ مثلاً میم حرف مستحضرہ ہے اور ایک یا دو میم کا اس سے قبل مستحصلہ لیا جا چکا ہے۔ تو ہم مرتبہ و ہم مزاج ہونے کی رعایت میم کے گذشتہ یا سابقہ مستحصلات کے ساتھ قائم کریں گے۔

کبھی حروف مستحصلہ کا انتخاب خانہ ہائے ربعات سے بھی کیا جاتا ہے۔ اس طرح اگر ربع کا پہلا خانہ ہے تو پہلا حرف لیں گے۔ دوسرا خانہ ہو تو دوسرا علی ہذا۔ مثلاً میزان سے تین عدد حاصل ہوئے اس لیے "جلش" سے ایک حرف لینا ہے۔ اب اگر ربع کا خانہ اول ہے تو پہلا حرف "جیم" لیں گے۔ اگر دوسرا خانہ ہو تو دوسرا حرف "لام" لیں گے۔ غرض کہ اسی طرح

بہت سے قواعد وضع کیے ہیں۔ جو میرے نزدیک تکلفات بے جا سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے۔ کیونکہ ''زبان'' جس میں جواب برآمد ہوتا ہے وہ ان قیود سے آزاد ہے۔ اس لیے انتخاب حرف بھی آزادانہ ہونے چاہئیں۔ یہ بہرحال میری ذاتی رائے ہے اور میں نے اس میں ہمیشہ آسانی محسوس کی ہے۔ لیکن جب قوانین پر عمل کر کے مستحصلہ لینے کی کوشش کی ہمیشہ مشکل پیش آئی۔ یاد رہے قوانین کی اپنی وقعت مسلم ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ آپ میری رائے سے اتفاق کریں اور اس کے پابند ہوں۔ آپ اپنی مرضی کے مالک ہیں۔ جس طرح آپ کو سہولت اور کامیابی ملے۔ اسی طریق پر عمل کریں اور کامیابی حاصل کریں اور مثالیں پیش خدمت ہیں۔

سوال نمبر 10: یاعلیم! بابا فرید گنج شکر کا مزار کس شہر میں ہے؟

سوال کے کل اعداد	=	١٩۵٧	
تعداد حروف	=	٣۵	
تعداد نقاط	=	٢٢	
مجموعہ	=	٢٠١۴	
حروف	=	دی ب غ	
ملفوظی کیا	=	دال ی اب اغ ی ن	
تعداد حروف	=	١٠	حرف = ی
تعداد نقاط	=	٨	حرف = ز

	١	٢	٣	۴	۵	۶	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢
اساس	د	ا	ل	ی	ا	ب	ا	غ	ی	ن	ی	ز
نظیرہ	ص	س	ض	خ	س	ع	س	ن	خ	غ	خ	ش
موخر صدر	ش	ص	خ	س	ع	ض	خ	خ	ن	س	س	ع
عدد مستحصلہ	٧	٢	١	٨	١	٧	٢	۶	٢	۶	۶	١
حرف مستحصلہ	ز	ر	ق	ح	ع	ع	ک	س	ب	س	و	ع
خود یا نظیرہ	ش	ر	ہ	ت	ن	ب	ک	ا	ب	س	و	ن
جواب	شہر			تمن پاک (پاکپتن)						سنو		

تشریح:

حرف اول ش = اعداد ٣ + کسر ٣ + ایک ربعات = ٧ حرف ز

حرف دوم ص = اعداد ٨ دوگنا کیا ١۶ + قانون ٣ + کسر + خانہ ٢ = ٢٢، دہائی ساقط کیا ٢ سے ر

حرف سوم خ = عدد ٢ دوگنا کیا ۴ + قانون ٣ + کسر صفر + خانہ ٣ = ١٠، ایک لیا حرف ق

حرف چہارم س = تنزل ٣ + ٣ عدد قانون + کسر ٩ + ربعہ ١ + تکرار جنس ٢ = ١٨ دہائی ساقط حرف ح

حرف پنجم ع = ترقی ٢ دوگنا کیا ۴ + ٣ قانون + کسر ٨ + عدد خانہ ۵ + عدد ربعہ ١ = ٢١ حرف ع

حرف ششم ض = ترقی ۶ دوگنا کیا ١٢ + ٣ + کسر + ٧ + عدد ربعہ ٢ + عدد خانہ ٣ = ٢٧ حرف ع

حرف ہفتم خ = ترقی ٢ گنا کیا ۴ + ٣ + کسر ۶ + عدد خانہ ٧ + عدد ربعہ ٢ = ٢٢ حرف ک

حرف ہشتم خ = ترقی ٢ گنا کیا ۴ + ٣ + کسر ۵ + عدد خانہ ۴ + عدد = ١۶ حرف س

حرف نہم ن = ترفع ٧ + کسر ۴ + خانہ ٩ = ٢٠ حرف ب

حرف دہم س = تنزل ٣ + کسر ٣ + ربع ٣ + خانہ ٢ + مستحصلہ گذشتہ ٢ = ١۶ حرف س

حرف یازدہم س = تنزل ٣ + قانون ٣ + کسر ٢ + ربع ٣ + خانہ ٣ + مستحصلہ گذشتہ ٢ = ١۶ حرف و

حرف دوازدہم ع = ترقی ۴ دوگنا کریں ٨ + کسر ١ + قانون ٣ + خانہ عدد ربع ٣ + ٢ مستحصلہ = ٢١ حرف ع

آخری حرف جو ناطق ہو رہا ہے وہی لے لیں۔

طالبان جفر کے لیے ایک خوشخبری ہے کہ آپ لوگوں نے کسی جفار کے ہاتھ کا حل شدہ بدوح یلین کا مستحصلہ دیکھا ہوگا۔ مجھے بھی یہ مثال تقریباً ٢٠ سال قبل ایک دستی کاپی سے ملی تھی۔ اس کے بعد کئی سال بعد ایک کتاب قلمی فوٹوسٹیٹ ملی۔ اس میں بھی یہی قاعدہ من وعن تحریر تھا۔ لیکن کتاب کے مصنف نے اس قاعدہ کو اسی حالت میں بیاض کی زینت بنایا تھا اور ساتھ ایک نوٹ لکھا تھا کہ اس قاعدہ کا جمل کبیر غلط اور صاحب قاعدہ نے جو جمل کبیر ٢۶٩٣ لیا ہے۔ یہ سراسر غلط ہے، معلوم نہیں صاحب قاعدہ نے یہ کس طرح اعداد حاصل کیے ہیں اور ہم بغرض سہولت ٢۶٩٣ کو ہی صحیح مانتے ہیں۔ پس اور آگے مستحصلہ حل کر دیا۔ میں نے جب اس قاعدہ کے سوال اور اعداد پر بہت غور کیا تو اللہ کے فضل سے سب الجھن سمجھ آ گئی اور اعداد بھی صاحب قاعدہ کے مطابق ہو گئے۔ اکثر جفار حضرات اس مستحصلہ کے حل کے لیے پریشان ہیں۔ میں نے کوشش کی ہے اور بیان کردہ قواعد کی توضیح کے لیے مستحصلہ مذکورہ کا حل پیش کر

رہا ہوں۔ مثال کچھ یوں ہے۔ (ہو سکتا ہے یہ قاعدہ میری پیدائش سے بھی پہلے حل ہوا ہو۔)

سوال نمبر 2: یا امیر المومنین ! نکاح کمترین عبدالکریم با زینب بنت اسمٰعیل چگونہ خواہد بود؟

اعداد سوال: ۲۶۲۳

نوٹ: جو مثال مجھے ملی تھی۔ یا حاصل شدہ بیاض میں تھی۔ اس میں سوال یوں تھا "یا امیر المومنین نکاح کمترین عبدالکریم با زینب اسمٰعیل چگونہ خواہد بود؟"

اس میں تمام سوال کے حروف = ۲۶۶۱

سوال میں حروف غیر مکرر کے اعداد = ۱۹

حروف غیر مکرر کے نقاط = ۱۱

۲۶۸۴

مدخل کبیر یہ تھا۔ لیکن جب قاعدہ حل کیا تو مدخل کبیر ۲۶۹۳ لیا۔ اس میں ہی الجھن تھی۔ میں نے جب غور کیا تو مجھے سوال میں کمی نظر آئی۔ سوال میں زینب اسمٰعیل میں لفظ بنت کی کمی تھی۔ میں نے بنت لکھ کر پوری کر دی۔ اب میں نے جو اعداد حاصل کیے ہیں وہ یہ ہیں۔

۱۔ سوال کے تمام حروف کے اعداد = ۲۶۲۳

۲۔ سوال کے تمام حروف کی تعداد = ۶۱

میزان = ۲۶۸۴

یاد رہے اسوال کے شروع میں "یا امیر المومنین" یا "یا علیم" وغیرہ اس قسم کے الفاظ محض تبرکاً اور اللہ تعالیٰ کو علیم وخبیر جاننے سے استعانت کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس لیے ان کے اعداد شامل سوال نہیں کیے جاتے۔ البتہ شمار حروف و نقاط میں شامل کر لیا جاتا ہے۔ البتہ سابقہ ہمارے سوال میں امیر المومنین یا یا علیم کو سطر سوال کا حصہ سمجھتے تھے اور سطر تکسیر میں بھی انہیں شامل کیا جاتا ہے۔

جیسے سوال کے شمار حروف میں یا امیر المومنین کے حروف شامل کیے جاتے ہیں۔

اب اس تمام سوال کو خالص کیا۔

سطر تخلیص سوال: ی ام ر ل و ن ک ت ح ب د ز س ج ہ خ = ۱۸

اس سطر خالص کے نقاط کی تعداد ۹ ہے۔ اس عدد ۹ کو اوپر میزان کے اعداد ۲۶۸۴ میں

جمع کیا تو ۲۶۸۴+۹=۲۶۹۳ ہوا۔ یہ اس قاعدہ میں الجھن تھی، جو کسی نے دور کرنے کی کوشش نہ کی اور قاعدہ بغیر حل کے سب کی بیاضوں کی زینت بنا رہا۔ اب میں اسے حل کر رہا ہوں۔ یہ صرف میرے اللہ کا کرم ہے۔ جو ایسے مشکل قواعد حل ہو گئے۔ باقی عمل ملاحظہ فرمائیں۔

مشکل قواعد حل ہو گئے۔ باقی عمل ملاحظہ فرمائیں۔

مدخل کبیر = ۲۶۹۳ حروف = ج ط س ر

مدخل وسیط = ۲۱۸ حروف = ح ی ک

مدخل صغیر = ۱۱ حروف = ھ د

مدخل اصغر = ۲ حروف = ب

ان کو ملتوجمی کیا: ج ی م ط ا س ی ن ر ا ح ا ی ا ک ا ف ھ ا د و ب ا = ۲۴ حروف

تعداد حروف ملتوجمی = ۲۴ حروف = د ک

تعداد نقاط = ۱۰ حروف = ی

اب اساس اس طرح بنی:

ج ی م ط ا س ی ن ر ا ح ا ی ا ک ا ف ھ ا د و ب ا د ک ی

نوٹ: مداخل کے حروف لینے کا الگ طریقہ ہے۔

نمبر ۱: مداخل کبیر میں اکائیوں اور دہائیوں کو اکائیاں سمجھتے ہوئے ان کے حروف بناؤ اور سینکڑوں کو دہائیاں سمجھتے ہوئے ان کے حروف بنا لو اور ہزاروں کو سینکڑے سمجھ کر حروف بنائیں۔ جیسے:

اعداد مداخل کبیر: ۳ ۹ ۶ ۲ حروف: ۳ ۹ ۶۰ ۲۰۰

اکائیاں دہائیاں سینکڑہ ج ط س ر

نمبر ۲: مداخل وسیط میں اکائیوں کو اکائیاں سمجھتے ہوئے اور دہائیوں و سینکڑوں کو دہائیاں خیال کرتے ہوئے حروف بناؤ۔ جیسے:

اعداد وسیط: ۸ ۲۱ = ۸ ۱۰ ۲۰

اکائیاں دہائیاں = ح ی ک

نمبر ۳: مداخل صغیر کا عدد اگر ۹ سے زیادہ ہو تو اس کے ۲ حروف بنا لو اور ایسے حروف لو جو

باقی تینوں مداخل میں سے نہ ہوں اور ان دونوں حروف کے اعداد کا مجموعہ عدد مداخل صغیر کے برابر ہو۔ اگر پہلی شرط پوری نہ ہو سکے تو اس کو نظر انداز کر دو۔ مداخل اصغر کا عدد اکائی کا ہوتا ہے۔ بس اسی اکائی کا حرف لے لیتے ہیں۔

مثلاً: مداخل صغیر کے اعداد= ۱۱ ان کے دو بنائے تو ۵+۶ حروف ہ۔ و بنے مداخل اصغر کے اعداد ۲ اور حرف بنا ب۔ یہاں تک سطر اساس کا مکمل بیان ختم ہوا۔

اب جب چاروں م داخل کے حروف حاصل ہو گئے تو ان کو ملفوظی کر کے ایک سطر میں لکھیں گے۔ ان ملفوظی حروف کے حروف کی گنتی کریں گے۔ جتنے حروف ہوں گے یعنی جو عدد حاصل ہو گا۔ اس کا حروف بنا کر ملفوظی حروف کے آگے لکھ دیں گے۔ اب دوبارہ سطر ملفوظی کے تمام حروف میں سے وہ حروف شمار کریں گے جن کے اوپر یا نیچے نقاط ہوں گے۔ بعض قواعد میں حروف ناطقہ کہتے ہیں۔ اس سے بھی مراد یہی ہے کہ وہ حروف جو نقطے والے ہیں۔ اب نقاط والے حروف کی گنتی کی تو ان کی تعداد 10 ہوئی۔ اس کا حرف بنا ی۔ اسے بھی حروف ملفوظی کے آخر میں لکھ دیا۔ اس طرح یہ سطر مکمل ہو گئی۔

یہاں ایک بات کا دھیان ہو گا کہ حروف ملفوظی کرنے کے بعد جب ان کی تعداد گنتی کر کے اور نقاط والے حروف کی گنتی کر کے حاصل شدہ اعداد سے حروف بنائیں گے۔ انہیں بغیر ملفوظی کیے پہلے ملفوظی حروف کے ساتھ شامل کریں گے۔ یہ قاعدہ بدوح یلین کا اصول ہے۔ اس طرح آپ کے پاس اس قاعدہ کی روح یعنی سطر اساس قائم ہو گی۔ اس قاعدہ کا تمام دارو مدار سطر اساس پر ہی ہے۔ اگر سطر اساس میں کوتاہی ہو گئی یا کوئی کمی رہ گئی تو تمام سوال کا حل ناقص ہو جائے گا اور جواب کبھی بھی سوال کے مطابق نہ ملے گا۔ بدوح یلین کے مختلف طریقے ہیں اور ہر قاعدہ کے مداخل اربعہ حاصل کرنے کا طریقہ اور سطر اساس قائم کرنے کا طریقہ الگ ہے۔ اس قاعدہ میں سوال کو تخلیص کر کے ان حروف میں سے صرف نقاط والے حروف کی گنتی کی ہے۔ حالانکہ یہ سوال میں سے بھی ہو سکتا ہے۔ بہر حال میرا مقصد آپ کو اس قاعدہ کی تمام باریکیوں سے آگاہ کرنا ہے۔ سو کوشش پوری پوری کر رہا ہوں۔ اب قاعدہ حل کر رہا ہوں۔ مثال ہذا جو مجھے دو جگہ سے دستیاب ہے۔ اس میں قاعدہ کو صرف سات سطروں میں حل کیا ہے۔ یعنی سطر اساس ۱، اعداد کسر ۲، صدر موخر ۳، سطر نظیرہ ۴، اعداد مستحصلہ ۵، حروف

مستحصلہ ۶ اور نظیرہ ۷، اور جواب لیکن میں اس کا مکمل حل پیش کر رہا ہوں۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
اساس	ج	ی	م	ط	ا	س	ی	ن	ر	ا	ح	ا	ی
نظیرہ	ف	خ	ظ	ث	س	ا	خ	غ	و	س	ت	س	خ
تکسیر	خ	ف	ذ	خ	ص	ظ	پ	ش	غ	پ	ز	أ	پ
اعداد حروف	۲	۴	۵	۲	۸	۶	۳	۴	۴	۳	۴	۲	۳
عدد قانون	۳	۳	×	۳	۳	×	۳	×	۳	۳	۳	۳	۳
عشرات	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱	۱	۱	۱	۲	۲	۲
ربعات	۱	۲	۳	۴	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۴
عدد مستحصلہ	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	۴	-
تکرار جنسی		۱	۲	۲	۳	۳	۴	۵	۴	-	۵	۱	۱
تکرار حرفی	-	-	-	-	-	-	-	۱	۱	۲	-	۱	۳
میزان	۳	۶	۵	۱	۶	۱	۸	۳	۶	۱	۷	۶	۶
مستحصلہ	ج	و	ہ	غ	ج	ا	ح	ش	خ	غ	ع	و	س
جواب	ف	ر	ق	ن	ی	س	ت	ز	ی	ن	ب	ر	ا
	فرق			نیست				زینب				را	

	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
اساس	ا	ک	ا	ف	ہ	ا	و	ا	و	ب	ا	د	ک	ی
نظیرہ	س	ذ	س	ج	ق	س	ر	س	ر	ع	س	ص	ذ	خ
تکسیر	خ	ز	غ	پ	ذ	ق	پ	ج	ث	پ	پ	ذ	خ	پ
اعداد حروف	۲	۴	۲	۳	۸	۲	۳	۶	۸	۳	۳	۵	۲	۳
عدد قانون	۳	۳	۳	۳	۳	×	۳	۳	۳	۳	۳	×	×	۳
عشرات	۱	۲	۲	۲	۲	۲	۲	۳	۳	۳	۳	۳	۳	۳

ربعات	۴	۴	۴	۵	۵	۵	۵	۶	۶	۶	۶	۷	۷	۷
عدد مستحصلہ	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-	-
تکرار جنسی	۱	۱	-	-	-	۴	-	-	-	-	-	-	-	-
تکرار حرفی	۳	۲	۱	۴	۱	۱	۵	-	-	۱	۱	۲	۲	-
میزان	۹	۶	۲	۵	۹	۴	۶	۸	۷	۶	۶	۷	۷	۶
مستحصلہ	ص	و	ب	ھ	ص	ت	س	ض	ع	س	س	ذ	ع	و
جواب	د	ر	ع	ق	د	ح	ا	ل	ب	ا	ا	ک	ب	ر
	در		عقد			حال			با		اکبر			

تشریح:

پہلا حرف خ زرقی کا ہے اس میں عدد قانون جمع کیا پھر عشرات کا عدد ے جمع کیا مجموعہ میں ایک ربعہ جمع کیا۔ میزان ۱۳ ہوا۔ دہائی ساقط کی اور عدد مستحصلہ ۳ ہوا۔ حرف اس کا ج ہوا۔ اسی طرح تمام قاعدہ حل کیا گیا ہے۔

نوٹ: یاد رہے جو اس کی مثال صاحب قاعدہ نے حل کی ہے۔ اس کے مکمل حل میں اور میرے حل میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ آپ غور کریں انشاءاللہ میری اس کاوش کو سمجھ جائیں گے۔

علاوہ ازیں میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں۔ یہ قاعدہ بدوح بلین کا اصلی قاعدہ ہے۔ ہر حرف کا استخراج کرنے کا طریقہ میں نے نہیں لکھا۔ آپ زرقی زرفع کے قوانین کو ذہن میں رکھیں تو سمجھ جائیں گے اور آپ جس زبان میں سوال کریں گے، اسی زبان میں جواب ملے گا۔ چاہے وہ اردو میں ہو، فارسی میں ہو، عربی میں ہو۔ ہاں اس زبان پر عبور حاصل ہونا چاہیے۔ تب جا کر آپ کامیاب ہوں گے۔ انشاءاللہ

* * *

مستحصلہ التکسیر القطب

قارئین محترم! ابجد قطب کے بارے میں تو آپ نے سنا ہوگا۔

ابجد قطب:

س	و	ا	ل	ع	ظ	ی	م	خ	ق	ح	ز	ت	ف
ص	ن	ذ	غ	ر	ب	ش	ک	ض	ط	ھ	ج	د	ث

ابجد قطب کا ماخذ مندرجہ ذیل عربی شعر ہے۔ جس کے مکرر حروف حذف کرنے سے ابجد برآمد ہوتی ہے۔

سَوَالٌ عَظِيمُ الْخَلْقِ حُذْتُ فَصُنْ اذاً
غَرَائِبَ شَكٍّ ضَبْطُهُ الْجِدُّ مَثَلَا

کہا جاتا ہے کہ عرب کے مشہور مالک بن وہب نے اس شعر میں اوضاع فلکی کے اعتبار سے تمام حروف کو یک جا جمع کر کے بصورت شعر منظم و مرتب کیا ہے۔ اس شعر کو معنی سے کوئی تعلق نہیں اس کی تنظیم کا مقصد صرف حروف کو ایک نہج پر قائم کرنا، یا سوال سے اسی شعر کے ہم وزن جواب حاصل ہوتا ہے۔ حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ نے بھی رسائل ابن عربی میں اس دائرہ سے استخراج کا اصول بیان فرمایا ہے۔ کتاب شمس المعارف میں حضرت امام العباس بن علی بونی نے بھی اس دائرہ سے استخراج کے دو اصول مرموز طور پر بیان فرمائے ہیں۔ اس کتاب میں ان قواعد پر تو روشنی نہیں ڈالوں گا۔ صرف اس ابجد کی افادیت ظاہر کرنے کے لیے تھوڑا سا تعارف ضرور کرواؤں گا۔ شمس المعارف میں آپ فرماتے ہیں کہ حروف قطب ۲۳ ہیں۔ جن کا مجموعہ مندرجہ بالا شعر میں ہے۔ پہلے حروف قطب بلا کمی بیشی لکھو ا۔ چار حروف کا اس میں اضافہ کرو۔ پھر سوال سائل میں سے ۲۳۳ حروف بغیر کسی کمی بیشی کے پہلے

حرفوں میں ملا کر ایک جدول صحیح بناؤ جس سے زمانہ معلوم ہو سکے۔ ہر قسم کے حروف ناری آبی وغیرہ الگ کر دو اور ہر حرف کو اس کے استقاط کے ساتھ پھر ترتیب کے موافق حروف کو ترکیب دو اور کمتر عدد کو دیکھتے ہوئے قانون کو پیش نظر حروف اخذ کرو، انشاءاللہ جواب صحیح ہوگا۔

اوپر بالا شعر کو اگر بسط کر کے لکھیں تو ۴۴ حروف بنتے ہیں لیکن اگر آپ شعر کو ابجی حروف میں بسط کریں تو ۴۰ حروف بنیں گے لیکن اس میں ۴۴ حروف ہونا ضروری ہیں۔ چنانچہ علماء نے جیسا کہ امام بونی علیہ رحمت نے فرمایا ہے کہ چار نون کا اضافہ کر لیں یہ چار نون کہاں اضافہ ہوں گے، وہ عمل کو دیکھیں۔

س وال ن غ ط ی م ال خ ل ق ح ز ت ف م ن ا ذ ا ن   کل ۴۴ حروف
غ ر ا ی ب ش ک ض ب ط ہ ا ل ج د م ث ل ا ن

دوبارہ نوٹ کر لیں۔ جہاں بھی مستحصلہ ابجد قلب سے حل ہوگا۔ اس کا سوال ۴۴ حروف لازمی مشتمل ہوگا۔ میں نے انٹرنیٹ سے اعلیٰ حضرت رضا بریلوی کا قاعدہ جفر لیا تھا۔ اس کی اساس کے بھی ۴۴ حروف تھے لیکن بدقسمتی سے جو قاعدہ حاصل ہوا اس میں دو صفحات کم تھے جو حل نہ ہو سکا۔ اگر وہ کہیں سے مل گئے تو وہ قاعدہ بڑا زبردست ہے، ان صفحات کی تلاش ہے۔

یہ تشریح لکھنے کا مقصد یہ ہے۔ شمس المعارف میں بھی دو قواعد اسی ابجد کے دیے گئے ہیں جہاں ہر حرف کا الگ الگ قلب ملتا ہے۔ کافی مشکل قواعد ہیں۔ اس کے علاوہ اور بھی قواعد ہیں۔ لیکن اس کتاب میں جو قاعدہ شامل کر رہا ہوں، وہ آسان بھی ہے، اتنا آسان بھی نہیں۔ محنت مشقت، دماغ سوزی، مستقل مزاجی اس قاعدہ کے اہم ستون ہیں۔ ان میں سے ایک ستون بھی کمزور ہوا تو قاعدہ کا حل مشکل ہو جاتا ہے۔ یہ قاعدہ تکسیر کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ لیکن جب کوئی محنت کرتا ہے تو اسے پھل بھی ملتا ہے، میں نے اس سے ایک مریض کے بارے سوال حل کیا۔ جسے بون کینسر ہے۔ میرا ملنے والا ہے۔ اس بیماری کا علاج صرف پاکستان میں تین جگہ، راولپنڈی CMH، جناح ہسپتال لاہور اور آغا خاں کراچی میں ہوتا ہے۔ اس مرض کے پھیلنے کا پتہ ہی نہیں چلتا اور بے حد مہنگا علاج ہے۔ اس کے علاوہ 75% دوران علاج ہی مریض ختم ہو جاتے ہیں۔ صرف ۱٪ میں زندگی بچنے کی امید

ہوتی ہے۔ یہ مریض بھی کل یعنی 23 فروری 2009ء کو راولپنڈی جا رہا ہے۔ دعا کریں کہ مولا کریم اسے شفا دے لیکن علم جفر نے شفا سے ناامیدی ظاہر کی ہے۔ اب قانون مستحصلہ لکھ رہا ہوں۔ خوب غور و تدبر کریں، امید ہے منزل تک پہنچ جائیں گے۔

قانون مستحصلہ:

-1 اس طرح سوال کی بندش کرو کہ کل حروف ۴۴ ہیں۔ یہ مشق سے آ جاتا ہے۔ شروع شروع میں مشکل پیش آتی ہے۔ اگر بالفرض کچھ حروف زیادہ ہوں تو آخر سے حروف چھوڑ دو۔ پہلے ۱۱×۴ کی ایک چوالیس خانوں کی جدول بنا لیں اور اس میں سوال کو الگ الگ حروف میں لکھ کر پر کر لیں۔

-2 دوبارہ پھر ۱۱×۴ کی دوسری جدول بنائیں اور اس میں ابجد قلب کے چوالیس حروف اسی طرح ہی لکھیں جس طرح میں نے حل سوال میں لکھا ہے۔ اس میں اردو میں سوال حل کرنے کی بسط حرفی اسی طرح ہوگی۔ یہ جدول قلب کہلائے گی۔ پہلی جدول سوال ہوگی۔

-3 تیسری جدول مندرجہ ذیل قانون و ترتیب اور تقویم سے پر کرو۔ یہ تیسری جدول طالع یا تقویم کہلائے گی۔

(ا) انگریزی ماہ کے نام کے حروف مثلاً جنوری: ج ن و ر ی
(ب) انگریزی ماہ کی تاریخ کے حروف مثلاً ۲۳ = ج و ب ی س
(ج) دن کے نام کے حروف جس دن سوال حل کیا جا رہا ہے۔
(د) قمری ماہ کے نام کے حروف
(ہ) قمری ماہ کی تاریخ کے حروف
(و) لفظ سن کی حروف
(ز) لفظ عیسوی کے حروف
(ح) سن عیسوی جو ہو اس کے ابجد قمری سے حروف بنا کر لکھو، مثلاً ۲۰۰۹ = ط ب غ
(ط) قمر اس وقت جس برج میں ہو اس برج کے حروف لکھیں۔ یعنی اس طرح قمر

در (برج کا نام) یہ تیسری جدول تقویم ہوئی۔

4- اب ایک جدول ۱۲×۱۱=۱۳۲ خانوں کی بناؤ۔ اس جدول کو جدول امتزاج کہا جاتا ہے۔ اسے پر کرنے کا طریقہ اس طرح ہے کہ جدول اول یعنی جدول سوال کا پہلا حرف + جدول ابجد قلب کا پہلا حرف + جدول تقویم کا پہلا حرف لے کر جدول امتزاج میں لکھیں۔ پھر جدول سوال کا دوسرا حرف + جدول ابجد قلب کا دوسرا حرف + جدول تقویم کا دوسرا حرف اٹھا۔ اگلے تین خانوں میں جدول امتزاج میں لکھیں۔ اس طرح حسب ترتیب تمام حروف باری باری اٹھا کر تمام جدول امتزاج کو مکمل کرلیں۔

5- اب اس جدول امتزاج کے تمام ۱۳۲ حروف کی چار دفعہ تکسیر صدر موخر کریں۔ یعنی چار دفعہ ۱۳۲-۱۳۲ خانوں کی جدول اول بنائی جائیں گی اور ان کی تکسیر صدر موخر کرنا ہوگی۔ اب ۱۳۲ حروف ایک سطر میں تو لکھنا کافی دشوار ہے تو آپ یوں کریں جدول امتزاج کا آخری خانہ کا حرف اٹھا کر اگلی ۱۳۲ خانوں کی جدول کے پہلے خانے میں لکھیں اور جدول امتزاج کا پہلا حرف اٹھا کر نئی جدول کے دوسرے خانہ میں لکھیں۔ اب دوبارہ جدول امتزاج آخری خانے کے ساتھ والے خانہ کا حرف اٹھا کر نئی جدول کے خانہ نمبر 3 میں لکھیں اور جدول امتزاج کے خانہ نمبر 3 کا حرف نئی جدول کے خانہ نمبر 4 میں لکھیں۔ اسی طرح تمام جدول کے امتزاج کے حروف کو موخر صدر کر کے ان کی نشست تبدیل کردیں۔ یہ ایک ملفہ کامل ہوگیا۔ اسی طرح تمام عمل کرنا ہے۔ چھوٹی سی مثال پیش ہے۔

جدول امتزاج		
ا	ب	ج
د	ہ	و
ز	ح	ط

جدول تکسیر		
ط	ا	ح
ب	ز	ج
و	د	ہ

تکسیر موخر صدر اول سے تکسیر موخر صدر دوم تکسیر موخر صدر دوم سے سوم اور سوم سے

چہارم کی جدول تیار کرلو۔

6- یہ چوتھی تکسیر صدر موخر سے سطر مستحصلہ کے ۳۳ حروف اس طرح اٹھائے جاتے ہیں کہ پہلے جدول سے 9 کی طرح سے حروف کی گنتی کر کے حروف مستحصلہ اٹھا لیں گے۔ اس کے بعد ۱۲ کی طرح سے گنتی کریں گے۔ جو حروف حاصل ہوں گے وہ لکھ لیں گے۔ آخر میں 15 کی طرح ہوگی۔ یہ کل استخراج شدہ حروف کی تعداد 33 ہوگی۔ 9 کی طرح سے 14 حروف حاصل ہوں گے۔ 12 کی طرح سے 11 حروف اور 15 کی طرح سے 8 حروف حاصل ہوں گے، کل 33 ہوں گے۔ اب ایک سطر میں لکھیں گے پہلے 9 کی طرح سے حاصل شدہ حروف پھر 12 کی طرح سے حاصلہ حروف آخر میں 9 کی طرح سے استخراج شدہ حروف لکھیں گے۔

7- ان حاصل شدہ حروف کی ایک سطر بچھائیں گے، یہ سطر اساس ہوگی۔ اس سطر اساس کو تین بار موخر صدر کریں گے۔ چوتھی سطر میں اپنے سوال کا جواب تلاش کریں گے۔ اللہ کی رحمت سے آپ کے سوال کا جواب اس سطر میں ٹکڑے ٹکڑے ہو کر ترتیب پکڑے گا، اسی کو جفر کہتے ہیں۔ ابجد قلب سے جواب حاصل کرنا آسان نہیں ہے۔ اب اس قاعدہ کو امثال سے سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ خوب غور و تدبر کریں۔

یہ سوال میں نے ایک مریض کے لیے حل کیا ہے۔ جسے ڈاکٹروں کا کینسر بتایا ہے۔ اس وقت سی ایم ایچ راولپنڈی میں زیر علاج ہے۔

سوال: یاشافی! کیا منظور احمد بن صابرہ کو مرض بلڈ کینسر سے شفا ہوگی؟

جدوال سوال:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
ی	ا	ش	ا	ف	ی	ک	ی	ا	م	ن
ظ	و	ر	ا	ح	م	د	ب	ن	ص	ا
ب	ر	ہ	ک	و	م	ر	ض	ب	ل	ڈ
ک	ی	ن	س	ر	س	ی	ش	ف	ا	ہ

جدول ابجد قطب:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
س	و	ا	ل	ن	ح	ط	ی	م	ا	ل
ج	ل	ق	ح	ز	ت	ف	ص	ن	ا	ز
ا	ن	غ	ر	ا	ی	ب	ش	ک	ن	ض
ب	ط	ہ	ا	ل	ج	د	م	ش	ل	ا

جدول طالع:

۱۔ فروری = ف ر و ر ی = ۵

۲۔ چوبیس ۲۴ = چ و ب ی س = ۵

۳۔ منگل = م ن گ ل = ۴

۴۔ صفر = ص ف ر = ۳

۵۔ ۲۸ = ا ت ھ ا ی س = ۶

۶۔ سمت = س م ت = ۳

۷۔ عیسوی = ع ی س و ی = ۵

۸۔ ۲۰۰۹ء = س ن ط ا غ ر غ = ۵

۹۔ قمر در حوت = ق م ر د ر ح ، ت = ۸ = ۴۴ حروف

جدول تقویم:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
ف	ر	و	ر	ی	چ	و	ب	ی	س	م
ن	گ	ل	ص	ف	ر	ا	ت	ہ	ا	ی
س	س	م	ت	ع	ی	س	و	ی	س	ن
ط	غ	غ	ق	م	ر	و	ر	ح	و	ت

اب جدول امتزاج لکھنے کا طریقہ سمجھا رہا ہوں۔ پہلے بتا چکا ہوں کہ پہلے جدول سوال کا پہلا حرف پھر جدول قطب کا پہلا حرف اس کے بعد جدول تقویم کا پہلا حرف جدول امتزاج میں لکھیں گے۔ پھر تینوں جداول سے دوسرا دوسرا حرف اٹھائیں گے۔ اسی طرح تمام جدول ۱۳۲ حروف کی مکمل ہو جائیں گی۔

جدول امتزاج:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ی	س	ف	ا	و	ر	ش	ا	و	ا	ل	ر
ف	ن	ی	ی	ح	چ	ک	ظ	و	ی	ی	ب
ا	م	ی	م	ا	س	ن	ل	م	ظ	خ	ن
و	ل	گ	ر	ق	ل	ا	ح	ص	ح	ز	ف
م	ت	ر	د	ف	ا	ب	ص	ت	ن	ن	ہ
ص	ا	ا	ا	ذ	ی	ب	ا	س	ر	ن	س
ہ	غ	م	ک	ر	ت	و	ا	غ	م	ی	ی
ر	ب	س	ض	ش	و	ب	ک	ی	ل	ن	س
ذ	ض	ن	ک	ب	ط	ی	ط	غ	ن	ہ	غ
س	ا	ق	ر	ل	م	س	ج	ر	ی	د	د
ش	م	ر	ف	ث	ح	ا	ل	و	ہ	ا	ت

نوٹ: جدول امتزاج جدول تکسیر اول کیا ہوگی، کیسے؟

جدول تکسیر اول:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ت	ی	ا	س	ہ	ف	و	ا	ل	و	ا	ر
ح	ش	ث	ا	ف	و	ر	ا	م	ل	ش	ر

و	ق	و	ن	ی	ی	ر	ی	ج	ع	س	ج
م	ک	ل	ط	ر	و	ق	ی	ا	ی	س	ب
خ	ا	ہ	م	ن	ی	خ	م	ط	ا	ی	س
ط	ن	ب	ل	ک	م	ن	ظ	ض	خ	ذ	ن
س	و	ن	ل	ل	گ	ی	ر	ک	ق	ب	ل
و	ا	ش	ح	ض	ص	س	ح	ب	ز	ر	ف
ی	م	ی	ت	م	ر	ع	د	ا	ف	و	ا
ت	ب	ر	ص	ک	ت	م	ن	غ	ن	ہ	ہ
س	ص	ن	ا	ر	ا	س	ا	ا	ذ	ب	ی

جدول تکسیر دوم:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ی	ت	ب	ی	ذ	ا	ا	س	ا	ہ	س	ف
ا	و	ر	ا	ا	ل	ن	و	ص	ا	س	ر
ہ	ح	ہ	ش	ن	ش	غ	ا	ن	ف	م	و
ت	ر	ک	ا	ص	م	ر	ل	ب	ش	ت	ر
ا	و	و	ف	ف	د	ا	ن	د	ی	ع	ی
ر	ر	م	ی	ت	ج	ی	ع	م	س	ی	ج
ف	م	ر	ک	ز	ل	ب	ظ	ح	ر	س	و
ص	ق	ض	ی	ح	ا	ش	ی	ا	س	و	ب
گ	غ	ل	م	ل	ط	ن	ا	و	ی	س	س
ن	ط	د	ن	خ	ب	ض	ل	ظ	ک	ن	م

جدول تکسیر موخر صدر سوم:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
م	ی	ن	ت	ک	ب	ظ	ی	ل	ذ	ض	ا
ب	ا	خ	س	ن	ا	د	ہ	ط	س	ن	ف
س	ا	س	و	ی	ر	و	ا	ا	ا	ن	ل
ط	ن	ل	و	م	ص	ل	ا	غ	س	گ	ر
ی	ہ	ی	ح	ن	ہ	ر	ش	م	ن	ک	ث
ہ	غ	ق	ا	ا	ن	ب	ف	غ	م	ل	و
ب	ت	و	ر	س	ک	ا	ا	ی	ص	ش	م
ا	ر	ح	ل	ی	ب	ض	ش	ق	ت	ص	ر
و	ا	س	د	ر	و	ح	ف	ظ	ف	ب	د
ل	ا	ز	ن	ک	د	ر	ی	م	ع	ف	ی
ج	ر	ی	ر	س	م	م	ی	ع	ت	ی	ج

اب اس جدول تکسیر موخر صدر سے جدول تکسیر موخر صدر نمبر ۳ تیار ہو گی۔ وہ درج ذیل ہے۔

جدول تکسیر موخر صدر چہارم:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
ج	م	ی	ی	ت	ن	ع	ت	ی	ک	م	ب
م	ظ	س	ی	ر	ل	ی	ذ	ر	ض	ج	ا
ی	ب	ف	ا	ع	خ	م	س	ی	ن	ر	ا
ذ	و	ک	ہ	ن	ط	ز	س	ا	ن	ل	ف

د	س	ب	ا	ف	س	ظ	و	ف	ی	ح	ر
د	و	ر	ا	د	ا	س	ا	ا	ن	و	ل
ر	ط	ص	ن	ت	ل	ق	و	ش	م	ض	ص
ب	ل	ی	ا	ل	غ	ح	س	ر	گ	ا	ر
م	ی	ش	ہ	ص	ی	ی	ح	ا	ن	ا	ہ
ک	ر	س	ش	ر	م	و	ن	ت	ک	ب	ث
د	ہ	ل	غ	م	ق	غ	ا	ف	ا	ب	ن

1- اس جدول چہارم سے مستحصلہ کے ۳۳ حروف ۹ ۔۱۲ اور ۱۵ کی طرح سے حاصل کریں گے۔ سب سے پہلے ۹ کی گنتی کی تو مندرجہ ذیل حروف مستحصلہ حاصل ہوئے، جن کی تعداد ۱۳ ہے۔

2- اب ۱۲ کی گنتی کی تو مندرجہ ذیل ۱۱ حروف حاصل ہوئے۔

ب ا ا ف ر ل ص ر ہ ث ن = ۱۱ حروف

3- اب ۱۵ کی گنتی سے مندرجہ ذیل ۸ حروف حاصل ہوئے۔

س خ ا ر ص غ ا ث = ۸ حروف

ان کو ایک سطر میں لکھا۔

ی ل ف ااس رل ش غ ش ہ ت ق ب اا ف رل ص ر ہ ث ن س خ ا ر ص غ ا ث

۳۳ حروف

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
اساس	ی	ل	ف	ا	ا	س	ر	ل	ش	غ	ش	ہ	ت
موخر صدر 1	ث	ی	ا	ل	غ	ف	ص	ا	و	ا	ا	س	خ
موخر صدر 2	ا	ث	ا	ی	ف	ا	ب	ل	ر	غ	ق	ف	ل
موخر صدر 3	ن	ا	ل	ث	ش	ا	س	ی	ث	ف	ر	ا	غ
						اے				قارغ			

نمبر شمار	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
اساس	ق	ب	ا	ا	ف	ر	ل	ص	ر	ہ	ث	ن	س	خ
موخر صدر 1	ر	س	ل	ن	ش	ث	غ	ہ	ش	ر	ہ	ص	ت	ل
موخر صدر 2	ص	ت	ا	ص	ر	ہ	ا	ر	ا	ش	س	ہ	خ	غ
موخر صدر 3	ب	خ	ل	ہ	ر	س	غ	ش	ق	ا	ف	ر	ل	ا
				ہوئے نہ شفا										

نمبر شمار	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳
اساس	ا	ر	ص	غ	ا	ث
موخر صدر 1	ق	ر	ب	ف	ا	ا
موخر صدر 2	ر	ث	س	ش	ل	ن
موخر صدر 3	ص	ہ	ت	ر	ا	ص

اے قارغ: ہوئے نہ شفا　　　　واللہ اعلم بالصواب

نوٹ: 15 مارچ 2009ء کو مستحصلہ حل کرنے کے ٹھیک 20 دن بعد سی ایم ایچ راولپنڈی میں اس مریض کی موت ہو گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

* * *

قاعدۃ الحرفیہ

یہ قاعدہ بھی ایک عربی کتاب سے ماخذ ہے۔ یہ کتاب کسی زمانہ میں مصر میں شائع ہوئی تھی اور عربی زبان میں ہے۔ اس کتاب کا نام سرالاسرار فی علم الاخبار ہے۔ یہ تصنیف مصر کے مشہور جفار جناب الشیخ عبدالفتاح الطوخی الفلکی کی ہے۔ ان صفحات سے کیونکہ عربی قواعد اور اردو میں ڈھال کر دیے جا رہے ہیں۔ یہ علم جفر سے شوق رکھنے والوں کے لیے ایک گرانقدر تحفہ ہے۔ جو اس سے قبل کسی نے بھی سرانجام نہیں دیا۔ صرف اپنے ہاں کے رائج کردہ کتب شائع کر کے جفر کے ڈنکے بجا دیے۔ اس کتاب کے صفحہ نمبر ۱۳۳ پر یہ قاعدہ درج ہے اور مجھے یہ قاعدہ میرے علم جفر کے استاد حضرت بابر سلطان قادری الاخی مدظلہ تعالیٰ نے آج سے تقریباً ۱۵ سال قبل حل کر لیا تھا۔ آپ نے اس کی درست تفہیم کر کے مثال سے میرے ہاتھوں حل کروایا تھا۔ پہلے یہ قاعدہ اس کتاب میں شامل نہ تھا۔ مکمل کتاب کی کمپوزنگ ہو گئی تو مجھے شاہ صاحب نے پروف ریڈنگ کے لیے بھیجی یہ مکمل کتاب صرف ۱۴۸ صفحات پر مشتمل تھی۔ جو کہ مجھے اچھی نہ لگی اور خیال آیا کہ یہ کتاب کم از کم ۲۰۰ صفحات پر مشتمل ہونی چاہیے۔ اس بات کا تزکرہ بذریعہ موبائل میں نے شاہ زنجانی صاحب سے کیا وہ اس وقت راولپنڈی میں اپنے ماہانہ پروگرام کے تحت فلیش مین ہوٹل میں مقیم تھے۔ میں نے اپنا ارادہ ظاہر کیا تو انہوں نے فوراً اس بات کو قبول کر لیا اور کہا کہ ضرور اس کتاب کے صفحات میں اضافہ کیا جائے۔ کتاب تو میں نے دوران سفر لاہور مکمل پروف ریڈنگ کر کے دے دی یہ صفحات ماہ ربیع الاول کے مبارک ایام میں لکھے جا رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو اپنے پیارے حبیب پاک حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت کے مبارک ایام میں میرے اس عمل کو شرف قبولیت عطا کرے۔ آمین

بعض لوگ اعتراض شروع کر دیتے ہیں۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے اس کی حیثیت کے مطابق اور اس کی فطرت کے حساب سے کام کرنے کی توفیق دی ہوتی ہے۔ اس لیے کچھ تو اللہ کے نیک بندے ہر کام کے اچھے پہلو کو دیکھتے ہیں اور اگر بدقسمتی سے روشن پہلو کو دیکھ لیں تو اپنی فطرتی عادت کے مطابق اس روشن پہلو میں بھی کیڑے ہی کیڑے نظر آتے ہیں۔ کسی زمانہ میں میں نے ایک مضمون میں لکھ دیا کہ جفر کی مشہور زمانہ کتاب مفتاح الجفر جو اغلاط سے پر ہے اور بجل کی انتہائی بلندیوں پر ہے۔ میری تحقیق کے مطابق مصنف مفتاح الجفر نے جو کچھ لکھا وہ خود بھی جانتا تھا بلکہ اس نے بھی عربی اور دوسری کتابوں سے ترجمہ کر کے لکھا دیا اگر اس کو ثابت کرنا پڑے تو دلائل کے ساتھ ثابت کروں گا۔ اس کتاب کے قواعد کو آج تک کوئی حل نہ کر سکا۔ اس کتاب کے بارے میں لکھا کہ مفتاح الجفر کیا کوئی قرآنی صحیفہ ہے۔ جس پر ہر جفار کو ایمان لانا ضروری ہے۔ جس کو کوئی سمجھ ہی نہ سکا تو اس کا کیا فائدہ تو میری اس بات سے ایک بزرگ جفار جو ابھی حیات ہیں اللہ تعالیٰ ان کو عمر خضری عطا فرمائے۔ بہت بھڑکے اور کہنے لگے کہ آج اس فقرہ سے مفتاح الجفر کے مصنف کی روح کتنی تڑپی ہو گی اور کتنی چیخی ہو گی۔ جو میں نے ان کے بارے یہ الفاظ لکھ دیے۔ حالانکہ میں یقین کامل کے ساتھ آج لکھ رہا ہوں۔ وہ بزرگ جفار بھی آج تک اسے حل نہ کر سکے۔ روح تو واقعی ایسے مصنفین کی تڑپتی ہے۔ کیونکہ علم تو وہ اپنے ساتھ قبروں میں لے گئے اور پیچھے صرف لوگوں کو گمراہ کر گئے۔ اللہ رحم کرے اور ان کی مشکلیں آسان فرمائے۔ آمین

استاد محترم نے مذکورہ کتاب کو سامنے رکھتے ہوئے کہا تھا کہ جو متن اس کتاب میں درج ہے اگر کوئی اسے سمجھ تو وہ مجھے بھی سمجھا دے۔ لیکن یہ بات بات ہی رہ گئی۔ میں اپنے استاد گرامی کا قاعدہ لکھ رہا ہوں، مکمل تفصیل کے ساتھ، صفحہ نمبر ۱۳۳ پر ان عربی الفاظ میں عبارت درج ہے۔

"خذ السوال و یکون عدد ع غ حرفاً والطالع و درجة والیوم والساعة ولیکن عدد ع ع حرفاً والقطب الوهمی ثم تاخذ حرفاً من السوال و حرفاً من الطالع و حرفاً من القطب و هکذا حتی یخرج سطراً ممتزجاً عدده(م) حرفاً من الآخر و حرفاً من الاول و هکذا والانزال کذالك حتی یخرج السطر قبل الزمام ثم القط منه بحرف الیسرای بعدده وهکذا یخرج لك جواب

حق۔ و ن ه بحق نصب ونضه من الطبعه وتضع تحت كل حرف نظيره منه بعده من تحت و خرجه تجواب تشاء الله تعالى"

یہ ہیں وہ قاعدہ جو اس قاعدے کے ضمن میں مصنف کتاب ہذا نے تحریر کیے ہیں۔ اب ان الفاظ سے کچھ نہ کچھ سمجھ ہو سکتا۔ آپ کی آسانی کے لیے زیر ترجمہ عبارت کا ترجمہ بھی درج ذیل ہے۔

''سوال لکھیں جس کے حروف کی تعداد ۴۴ ہو۔ طالع اور درجات اس کے یوم و ساعت لکھے اس کے حروف کی تعداد بھی ۴۴ ہونی چاہیے۔ پھر قطب وسطی لکھیں۔

ان تینوں سطروں کو آپس میں امتزاج کریں۔ حتیٰ کہ ۱۳۲ حروف سطر امتزاج کے حاصل ہوں اور یہ دائرہ قطب ہے پھر حروف اخذ کرے کہ حروف اول آخر ہو جائے۔ ان کو یہاں تک حاصل کریں کہ سطر قبل الزمام حاصل ہو جائے۔ پھر اس سطر سے حرف سرّ کے مطابق گنتی کر کے حروف لے لیں۔ اسی میں تمہارا جواب ہے۔ چاہے تو اسقط سے لے یا پھر حروف کو نظیرہ دے کر بعدہ من احسن حاصل کر کے جواب استخراج کریں۔''

یہ ہے اس عبارت عربی کا ترجمہ ہے۔ اس طرح تو مسئلہ حل کرنا بے حد مشکل ہے۔

اب قاعدہ میں مثال سے حل کر رہا ہوں۔ اب اس کی مشکل اصطلاحات کی تشریح کروں گا تا کہ عربی عبارت کا مفہوم سمجھ سکیں۔ اب اس کی تشریح کر کے قاعدہ سمجھا رہا ہوں۔

سب سے پہلے سوال کو اس انداز سے لکھیں کہ تعداد حروف سوال ۴۴ ہو جائے۔ نہ کم ہوں اور نہ زیادہ۔ یہ بات بڑی مشق سے آ جاتی ہے۔ مشکل ضرور ہے ناممکن نہیں ہے۔ مختصراً یہ ہے کہ سوال کے الفاظ کو تبدیل کر کے عبارت کو بدل کر ایسی بنا لیں کہ حروف سوال ۴۴ ہی حاصل ہوں۔ بعض ماہرین کہتے ہیں کہ سوال کے اگر چوالیس حروف سے زائد حروف ہو جائیں تو ان کو چھوڑ دیں۔ لیکن اس طرح میرے خیال کے مطابق مقصد واضح نہیں ہوتا۔ بہرحال کوشش کرنے سے یہ الجھن دور ہو جاتی ہے۔ اب طالع وقت اور درجات وغیرہ نکالیں ان کے حروف بھی ۴۴ ہوں۔ یوم کو عربی میں لکھیں۔ اس طرح جیسے (یوم الاحد) حروف کی کمی بیشی اس طرح پوری کی جا سکتی ہے۔ مثلاً (ال طال ح ال س ر طان) وغیرہ۔ اگر اس طریقے سے حروف ۴۴ سے زائد ہو جائیں تو پھر یہ طریقہ استعمال کریں۔ (ال طال

ح س ر طان) اس طرح دو حروف کم ہو گئے۔ اس طرح کمی بیشی پوری ہو گئی ہے۔ اب دائرہ قطب وسطی سے مراد دائرہ قطب کا شعر ہے۔ جس کی تکمیل ابجد قطب تک ہے۔ اس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے۔ دوبارہ تحریر ہے تا کہ کسی قسم کا شبہ نہ رہے۔ وہ شعر یہ ہے۔

سوالٌ عظیم الخلق حزت فصن اذاً
غرائب شكٍ ضبطهٔ الجد مثلاً

اس میں (سوال) کو (س وال ن) لفظ (اذا) کو (اذان) اور لفظ (شک) کو (ش ک ن) کرنے سے چوالیس حروف قطب وسطی پورے ہو جاتے ہیں۔ ان تینوں سطور کو امتزاج دیں۔ اس امتزاجی حروف کو دائرہ قطب کہتے ہیں۔ اس دائرہ قطب کا پہلا حرف چھوڑ کر دوسرا لکھ لیں۔ پھر تیسرا چھوڑ کر چوتھا حرف لکھ لیں۔ اسی طرح آخر تک ایک ایک حرف چھوڑ کر لکھتے جائیں، یہی سطر قبل زمام ہوگی۔ اگر اتنی تحریر لکھنے کے باوجود کوئی الجھن ہو تو میری حل کردہ مثال کو غور سے دیکھیں، بات سمجھ آ جائے گی۔ یہ قاعدہ بہت آسان ہے۔

استخراج حروف السرّ:

اپنے سوال کو یعنی تمام حروف کو چاروں عناصر میں تقسیم کر کے حروف عناصر الگ الگ کر لیں۔ اس کے بعد ہر عنصر کے حروف جمع کر کے اعداد حاصل کریں۔ حروف آتش کے اعداد کو 9 پر تقسیم کریں، جو باقی بچیں اسے الگ قائم کریں۔ پھر بادی حروف کو 12 پر تقسیم کریں، جو باقی بچے اسے الگ محفوظ کر لیں۔ حروف آبی کے مجموعہ اعداد کو 15 پر تقسیم کر کے باقی بچنے والے اعداد کو الگ لکھ لیں۔ آخر میں خاکی حروف کے اعداد کو 16 پر تقسیم کر کے باقی جو بچے اسے بھی الگ لکھ لیں۔ اب ان چاروں بواقی کے اعداد کو جمع کریں اور مجموعہ کو سات پر تقسیم کریں۔ اب جس عنصر کے اعداد سوال میں زیادہ ہوں۔ اسی عنصر میں اسی عدد کے مطابق کوئی حرف لے لیں۔ مثلاً اگر پانچ باقی بچا ہے اور عنصر بادی غالب ہے تو حروف (ب و ح ی ل ن) میں سے پانچواں حرف ہی حرف سرّ ہے۔ اس کا عدد عدد سرّ کہلائے گا۔ اب اس قاعدہ کو عربی میں حل کر رہا ہوں۔ دوسری مثال اردو میں حل کی جائے گی۔

مثلاً سوال ہے۔

سوال: کیفَ حال حیاتی فی مستقبل العمر وما العاقبة یوم القیامة؟

اس کے حروف چالیس ہیں۔ مثلاً

ک ی ف ح ال ح ی ات ی ف ی م س ت ق ب ل ال ع م ر وم اال ع اق
ب ہ ی وم ال ق ی ام ہ = ۴۴ حروف

اب ان حروف سز حاصل کرنے کے لیے عناصر میں تقسیم کریں گے۔ مثلاً

آتش: ف اا ف م ا م م ااا ھ م اا م ھ = اعداد ۳۷۸÷۹ = باقی ۹
خاک: ی ی ت ی ی ت ب و ب ی و ی = اعداد ۸۷۶÷۱۶ = باقی ۱۲
باد: ک س ق ق = اعداد ۳۸۰ - ۱۲ = باقی ۸
آب: ح ل ح ل ل ع ر ل ع ل = اعداد ۵۰۶ = ۱۵ = باقی ۱۱
مجموعہ = ۴۰÷۷ = ۵

اب خاک کے اعداد زیادہ ہیں۔ حروف خاکی میں سے ساتواں حرف ض بمطابق قانون حرف یعنی ۷ بجا بز ہوا۔ یاد رہے حروف بز معلوم کرتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ اگر سوال عربی میں ہو تو اربعہ عناصر کی ترتیب مندرجہ بالا ہوگی اور اگر ہمارے ہاں اردو میں یا کسی اور زبان میں سوال حل ہوگا تو عناصر کی ترتیب وہ ہوگی جو ہمارے ہاں مروج ہے۔ جیسے

آتش باد آب خاک

اردو میں سوالات حل کرتے وقت حرف سز اس طریقے سے نکالیں گے۔

اس سوال کا حرف سز ض ہے اور اس کا عدد مراتب ۲۶ ہے۔ اس وقت طالع حوت تھا اور اس کا ساتواں درجہ تھا۔ اس وقت ساعت مشتری اور دن بدھ تھا۔ ان تمام فلکی معلومات کو اس انداز سے لکھیں گے کہ حروف سوال کی تعداد کے مطابق ۴۴ حروف ہو جائیں۔ آپ اردو میں بھی لکھ سکتے ہیں۔ لیکن عربی مثال میں عربی ہی ہوگا۔ اب ان کو ترتیب سے لکھا تا کہ ۴۴ حروف ہو جائیں تو یوں لکھیں۔

(ط ال ع ال وق ت ح وت س ب ع درج ات رب ال س اع ہ ال م ش ت
ر ی وم ال ارب ع) = کل ۴۴ حروف

۱۔ السوال:

ک ی ف ح ال ح ی ات ی ف ی م س ت ق ب ل ال ع م ر وم اال ع اق
ب ہ ی وم ال ق ی ام ہ = کل ۴۴ حروف

۲۔ الطالع:

ط ال ع ال وق ت ح وت س ب ع درج ات رب ال س اع ہ ال م ش ت ر
ی ی وم ال ارب ع = کل ۴۴ حروف

۳۔ القطب وحصی:

س وال ن ع ظ ی م ال خ ل ق ح ز ت ف ص ن اذ ان غ رای ب ش ک ن
ض ب ط ہ ال ج دم ش ل ا = کل ۴۴ حروف

۴۔ سطر الممزوج یا دائرۂ قلب:

ک ط س ی او ف ل اح ع ل اان ل ل ع ح وظ ی ق ی ات م ت ح ای ول
ف ت خ ی س ل م ب ق س ع ح ت وز ق رت ب ج ف ل اص ات ن ل راع ب ذ م ا
ارل ن وس غ م اراح ااہ ی ل اب ع ل ش ام ک ق ش ن ب ت ض ہ رب ی ی ط وی
ہ م واام ل ل اج ق ل دی ام ارث م ب ل ہ ع ا۔

۵۔ السطر قبل الزمام:

ط ی ول ح ل ال ع وی ی ت ت اوف خ س م ق ع ت زرب ف اان رع ذ
ارن س م رع ای اع ش م ق ن ت ہ ب ی دہ وال اق دااث ب ہ اع ل م رم ی ل ج
ل م ام ی ط ی رض ب ش ک ال ب ل ہ ااغ ول ام ب ال ت ص ل ج ت ق دح س
ب ل ی ت ل ی ح م اق ظ ح ل ن اح اف اس ک۔

اب چونکہ ہمارا حرف السز ض ہے اور ابجد قمری میں اس کا مرتبہ ۲۶ واں ہے۔ تو سطر قبل الزمام سے ۲۶۔۲۶ حروف کی گنتی کرکے یا طرح دے کر حروف اٹھاتے جائیں گے۔ یہ طرح بار بار دیں گے تاکہ پورے حروف بمطابق تعداد ابجد قطب ہو جائیں۔ یہ حروف جو

حاصل ہوں گے ان کا حرف مستحصلہ کا ترفع دائرہ احست سے استخراج کرتا ہے۔ اسے بعدہٗ من احست کہا جاتا ہے۔ مثلاً ہمارا حرف ا ہے اس کا ترفع خ، س کا ترفع ت اور ت کا الف ہو گا۔ اسی طرح تمام استخراج شدہ حروف کا ترفع لیتا ہے۔ دائرہ احست درج ذیل ہے۔

دائرہ احست:

	۱	۲	۳	۴
۱	ا	ح	س	ت
۲	ب	ط	ع	ث
۳	ج	ی	ف	خ
۴	د	ک	ص	ذ
۵	ھ	ل	ق	ض
۶	و	م	ر	ظ
۷	ز	ن	ش	غ

جب ۲۶۔۲۶ کی گنتی کرنے کے بعد حروف مستحصلہ حاصل ہو جائیں تو ان کو دوسری سطر میں نظیرہ ابجد قمری دیں۔ ابجد قمری یہ ہے۔

ا ب ج د ھ و ز ح ط ی ک ل م ن
س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

تیسری سطر میں حروف مستحصلہ کے دائرہ احست سے بعدہٗ من احست حروف لے لیں۔ اس طرح ہمارے پاس اوپر نیچے تین سطور ہو گئی ہیں۔ ان تینوں حروف میں سے ایک ایک حروف جو جواب پر ناطق ہو، الگ لکھ لیں، جواب ایک ہی ہو گا۔ کسی قسم کا سقم نہ ہو گا اور شاندار جواب ہو گا۔ ایک بہترین عبارت یا فقرہ جواب کا بن جائے گا۔ بعض اوقات بہترین شعر میں جواب آتا ہے اور بعض اوقات نثر یعنی فقرہ کی شکل میں جواب برآمد ہوتا ہے۔ اگر آپ کا ادراک کام کر رہا ہے تو تین حروف میں سے ایک حرف بطور جوابی مستحصلہ استخراج کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔ خوب غور و فکر سے حروف مستحصلہ بطور جوابی حروف حاصل

کرتے جائیں، کیونکہ جواب ایک ہی ہو گا۔

تمام عمل کیونکہ اوپر ہو گیا ہے۔ اس لیے جواب کا مرحلہ اب ہمارے زیرِ غور ہے۔ اس کے لیے دوبارہ سوال لکھنے کی ضرورت نہ ہے۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
المستحصلہ	ب	ی	م	ص	ا	ز	ھ	م	ل	ا	ع	ن	ج	ب
النظائر	ع	خ	ظ	د	س	ش	ق	ظ	ض	س	ب	غ	ھ	ع
بعدہٗ من احست	ط	ف	ر	ذ	ح	ن	ل	ر	ق	ح	ث	ش	ی	ط
الناطق	ب	ی	ر	د	ا	ن	ھ	ر	ض	ا	ب	ن	ف	ع
الجواب	بیرد				کنہ			رضا			جلع			

	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
المستحصلہ	ا	م	م	ی	ا	ل	خ	ح	ر	و
النظائر	س	ظ	ظ	خ	س	ض	ی	ب	و	ر
بعدہٗ من احست	ح	ر	ر	ف	ح	ق	ج	ث	ظ	م
الناطق	ا	م	ر	ف	ح	ق	ی	ب	ر	م
الجواب	امر			لحق			بیرم			

صرف ۲۴ حروف کا استخراج کیا گیا ہے۔ ابھی گنتی بہت باقی ہے۔ پورے ۱۳۲ حروف تک جواب حاصل کیا جا سکتا ہے۔

اب انہی حروف کو بذریعہ ابجد ناطق کرتے ہیں۔

المستحصلہ	ب	ی	م	ص	ا	ز	ھ	م	ل	ا	ع	ن
الحروف	ک	ق	ت	ظ	ی	ع	ن	ت	ش	ی	ذ	ث
الا	ر	غ	د	ط	ق	ذ	ث	د	ج	ق	ز	ھ
نتیجہ	×	ا	×	×	غ	×	×	×	×	غ	×	×

الناطق	ک	ا	د	ص	ا	ع	ھ	م	ل	ا	ذ	ھ
الجواب	کاد			صاعه				ملاذه				
المستحصلہ	ج	ب	ا	م	م	ی	ا	ل	ج	ح	ر	و
الحروف	ل	ک	ی	ت	ت	ق	ی	ج	س	ذ	ب	س
الا	ش	ر	ق	د	د	غ	ق	ش	و	ز	ک	ج
مجمعہ	×	×	غ	×	×	ا	غ	×	×	×	×	
الناطق	ل	ر	غ	م	م	ق	ا	ل	و	ع	ک	س
الجواب	لرغم				مقال				و	عکس		

مستحصلہ کی درستگی کے لیے یہ بات کافی ہے کہ دونوں طریقوں سے جو جواب برآمد ہوا ہے۔ اس کا مفہوم ایک ہی ہے۔ یہ تو عربی دان ہی سمجھ سکتے ہیں، مجھ جیسے عربی سے نابلد شخص کے لیے یہ بات مشکل ہے۔ لیکن قاعدہ سمجھانے کے لیے اب اردو زبان میں سوال حل کر رہا ہوں۔ اس کی افادیت کا علم اردو مثال کے جوابات سے ہوگا، جو حاضر ہے۔

مثال اردو:

یاعلیم امر فراز احمد زاہد بن فلاں ترقی کے لیے کس اسم کا ورد کرے؟

۱۔ طالع الوقت دلو سبع درجات

۲۔ رب الساعۃ المشتری

۳۔ یوم الاربعہ

۱۔ السوال

س رف راز اح م دزاہ دب ن + ۷حروف = ت رق ی ک ی ل ی ک س اس
م ک اورد ک ری = ۴۴حروف

۲۔ الطالع:

ط ال ع ال وق ت دل وس ب ع درج ات رب ال س اع ۃ ال م ش ت ری

ی وم ال ارب ع = ۴۴حروف

۳۔ القطب الوہبی:

س وال ن ع ظ ی م ال خ ل ق ح زت ف ص ن اذ ان غ رای ب ش ک ن
ض ب ط ہ ال ج دم ث ل ا = ۴۴حروف

الدائرۃ القلب:

س ط س راوف ل ار ع ل اان زل ع اوظ ح ق ی م ت م ددازل ل اوح ہ س ل دب ق
ب ع ح ن دز س رت ئہ ج ف داص ات ن رراب ذن اات ل ن زض غ ق اری ع ا
ک ہ ی ی اب ل ل ش ی م ک ک ش ن س ت ض ارب س ی ط م ی ہ ک واام ل واج
رل ودام ک رث رب ل ی ع ا = ۱۳۲حروف

السطر قبل الزمام:

ط دول رل از ع ع وح ی ت دال اخ س دق ح ن زررف اان راذات ن س ق رع
ک ی ال ش م ک ن ت اب ی م ہ وال ارداک ث ب ی اع ل ررم دل ج دم اک ی
ط س رض س ش ک ی ل ب ی ہ ای اغ رل ان ب ارت ص دج ت س دح ب ب ل ہ و
ل زدم ق ظ ال ن اع اف اس س = ۱۳۲حروف

حروف سر السوال ع ہے اور اس کا عدد مرتبہ ۱۶ ہے۔

حروف سر حاصل کرنے کا طریقہ عربی حل میں آچکا ہے۔

اب عدد ۱۶ کی گنتی سطر قبل الزمام میں بار بار کریں گے تو مندرجہ ذیل حروف مستحصلہ برآمد ہوئے۔ یہ تو بار بار بتایا جا چکا ہے کہ ۱۶ کی گنتی یا طرح سے مراد یہ ہے کہ تمام حروف سے سولھواں سولھواں حرف نے الگ نکال کر لکھتا ہے۔ اس طرح جتنے حروف الگ ہوں گے، یہ حروف مستحصلہ کہلائیں گے۔ ۱۶ کی گنتی سے جو حروف باہر نکالے وہ یہ ہیں۔

ل ان ب ط رب ای ال دم اس ل ززع ادل ص م ل دن ی ل س ب ل س

ہم پہلے ان حروف کو تسعات ابتح سے حل کریں گے یا جواب ناطق کریں گے اور

بعد میں دوسرے طریقہ یعنی ۱۔ مستحصلہ ۲۔ نظیرہ ۳۔ بعدۂ من احسن سے ناطق کریں گے۔ جواب ایک شعر میں برآمد ہوگا۔

۱۔ ناطق بذریعہ تسعات المقع:

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
المستحصلہ	ل	ا	ن	ب	ط	ر	ب	ا	ی	ا	ل	د	م	ا	س	ل
تسعات	ش	ی	ث	ک	ص	ک	ک	ی	ق	ی	ش	م	ت	ی	خ	ش
	خ	ق ظ		ہ	ر	ظ	ب	ر	ق ظ	ظ	ق ظ	ث	ت	ر	ق ظ	ر
الناطق	ن	ا	ہ	ب	ص	ر	ب	ا	ی	ا	ل	م	ت	ا	وخ	ش
الجواب	جاہ			بسر			پائے			مال			تا		خوش	

	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳
المستحصلہ	ز	ز	ح	ا	و	ل	ص	م	ل	و	ن	ی	ل	س	ب	ل	ن
تسعات	ح	ح	ذ	ی	م	ش	ذ	ت	ش	م	ث	ق	ش	ق	ک	ش	ث
	ا ظ	[illegible]	[illegible]	ا	ت	ث	ظ	ر	ث	ت	ہ	ظ	ظ	[illegible]	ا	ظ	ا
الناطق	ن	[illegible]	ا	ن	ا	[illegible]	ل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	ن	[illegible]	ل	ا	ب	ل	خ
الجواب	[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		[illegible]		ب خوش		

[illegible]

جاہ بسر پائے مال تا خوش
عزیز دل صدش دن سال ب خوش

تشریح:

اس شعر کی دو طرح سے تشریح ہوتی ہے۔ ایک گہری اور ایک سرسری۔

[illegible] جاہ و منصب سے بسر ہوگی۔ مال و دولت پائے گا، یہاں تک خوش ہو جائے گا۔

مصرعہ دوم کے سو فیصد (صدش) ہر دل عزیز ہو جائے گا۔ ہر دن اور ہر سال خوشی سے بسر ہوگا۔

تشریح باطنی:

۱۔ جاہ و مرتبہ اور مال و خوشی پانے کے لیے۔

۲۔ اسم العزیز دل صد بار۔ دل صد سے مراد د+ل = ۱۶ یعنی ۱۶ صد بار

ش دن تک یا شین دن سے مراد ایک سال یا ۳۶۰ دن تک ہے:

ش + ی + ن = ۳۶۰ دن تک

۳۰۰ ۱۰ ۵۰

اس طرح ایک سال کرنے سے باقی سال خوشی سے بسر ہوں گے۔ سبحان اللہ

المطلب:

جاہ و منصب پانے کے لیے اور خوشی حاصل کرنے ہر دل عزیز ہونے کے لیے اسم عزیز کو ایک سال تک نصاب کی تعداد یعنی ۱۶۰۰ بار روزانہ پڑھے تو یہ تمام مقاصد حاصل ہوں گے۔ چنانچہ مستحصلہ سے معلوم ہوا کہ سائل کی مراد ترقی سے کئی چیزیں مراد ہیں اور مستحصلہ نے کتنی گہرائی سے جواب دیا ہے۔ ترقی میں پوشیدہ مقاصد جہاں عیاں کر دیے، ساتھ ساتھ ان کے حصول کے لیے روحانی حل معہ وظیفہ اور مدت تک بتا دی ہے۔ اللھم صلی علی محمد و آل محمد۔

الطریقہ الثانی:

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
مستحصلہ	ل	ا	ت	ب	ط	ر	ب	ا	ی	ا	ل	د	م	ا	س	ل
النظیرہ	ض	ص	ظ	ض	ث	ہ	ث	ص	ق	س	ض	ص	ظ	ص	[illegible]	خ
بعد نظیرہ	ق	ن	ش	ط	ب	ظ	ط	ت	ف	ت	ق	ک	ا	ق	ت	ق
الناطق	ق	ا	ت	ن	ظ	و	ب	ا	ف	ت	ل	ا	ک	ا	س	ی
الجواب	قاتق				تو		پائے			حسن		گر		سال		

	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰	۳۱	۳۲	۳۳
مستحصلہ	ز	ز	ع	ا	د	ل	ص	م	ل	د	ن	ی	ل	س	ب	ل	س
النظائر	ع	ع	ذ	ی	م	ش	ظ	ت	ش	م	ث	ق	ش	خ	ک	ش	خ
[illegible]	ن	ن	ث	ح	ک	ق	ذ	ر	ق	ک	ش	ف	ق	ت	ظ	ق	ت
الناطق	ز	ز	ع	ی/ا	د	ل	د	ر	ق	د	ن	ی	ق	ا	ب	ل	ا
الجواب	عزیز				دل		قدر			دیں			اقبال				

اس جواب کا شعر یوں موزوں ہوا۔

قانع تو پائے حل کر سال
عزیز دل قدر دیں اقبال

تشریح:

۱۔ قناعت کرنے والے تو ترقی پائے گا مگر ایک سال تک حل کر۔

۲۔ عزیز دل ہو جائے گا، لوگ تیری قدر کریں گے اور اللہ تعالیٰ تیرا اقبال بلند کرے گا۔

تشریح باطنی:

اس شعر کی تشریح باطنی مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ قناعت کرے تو کچھ پالے گا مگر ایک سال تک اس وظیفہ کر پڑھ۔

۲۔ اسم عزیز کو دل کی مقدار (قدر) کے مطابق یعنی د (۴) + ل (۱۲) = ۱۶۰۰ بار پڑھ۔ اللہ تیرا اقبال بلند کرے گا۔

کیا شاندار جواب ہے۔ دونوں طریقوں سے جواب ایک ہی برآمد ہوا ہے۔ اگر چہ شعر بدل گیا الفاظ بدل گئے مگر مفہوم نہیں بدلا۔

میرے دوستو! اس قاعدہ میں تدبر یکسوئی ضروری ہے۔ حروف متشابہ کا استعمال بھی کہیں کہیں ہوتا ہے۔ جیسا کہ آپ نے دیکھا ط سے ت بدلا گیا کیونکہ ہم آواز ہے۔ ص کو س سے تبدیل کیا۔ بہت عمدہ قاعدہ ہے۔ آپ محنت کریں گے تو ضرور پالیں گے۔

مستحصلہ آسان فہم

محترم دوستان گرامی! میں نے اس سے قبل جتنے بھی قواعد لکھے ہیں۔ سب اعلیٰ پائے کے علمی قواعد ہیں ان قواعد میں سے کسی ایک پر بھی عبور حاصل کر لیا جائے تو اور حرز جان بنا لیا جائے تو دل کی تشنگی دور ہو جائے گی۔ اکثر سابقین اور عصر حاضر کے کئی عالمان صرف ایک ہی قاعدہ کے عامل ہوتے ہیں۔ لیکن ایک بات یہ بھی میرے اس مشاہدہ میں آئی ہے کہ یہ لوگ اس قاعدہ سے سوالات کبھی کبھار ہی حل کرتے ہیں اور اسے چھپا کر رکھتے ہیں۔ اکثر جھوٹ بولیں گے کہ ہمارے پاس کچھ نہیں۔ علاوہ ایسے بزرگ جفار کبھی بھی میرے سامنے سوال حل نہ کریں گے۔ آپ کے استفسار پر سوال لے لیں گے اور ایک دو دن بعد جواب دیں گے۔ اس میں یہ بھی رمز ہے، ایک تو وہ اپنے علم کو ظاہر نہیں کرتے اور نہ ہی تعلیم کرنا چاہتے ہیں۔

مشکل قواعد حل کرنے میں وقت صرف ہوتا ہے لیکن عام زندگی میں ہر شخص اپنے لیے کوئی نہ کوئی مخصوص گر اپنے پاس رکھتا ہے۔ جسے مسائل کے حل میں کام میں لاتا ہے۔ ایسے قواعد آسان بھی ہوتے ہیں اور عام فہم بھی۔ اکثر احباب مشکل قواعد سے گھبراتے ہیں۔ ایسے احباب کے لیے ایک آسان اور مختصر ترین قواعد جفری سے قاعدہ تلاش کر کے پیش کر رہا ہوں۔ اسے مشق میں لائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ میں اس کے قواعد بڑے آسان اور عام فہم طریقہ سے لکھ رہا ہوں تا کہ اسی کے حل کرنے میں کسی قسم کی مشکل پیش نہ آئے۔ یہ ایک مستحصلہ ہے جو چار حروف سے ناطق ہوتا ہے۔ بہت سے حروف خود ناطق ہوتے ہیں اور جواب بھی بالترتیب گویا ہوتا ہے۔ اس کے قواعد مندرجہ ذیل ہیں۔

ہاں! بعض قواعد ایسے ہوتے ہیں کہ ان میں سوال تمام جزویات کے ساتھ لکھا جاتا ہے اور کافی طویل ہوتا ہے۔ لیکن یہ ان قواعد کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے۔ میں نے یہ

دیکھا ہے ماضی میں بزرگ جفار جو منظر عام پر نہیں آئے ان کے ملفوظات اور تحریریں ملی ہیں۔ وہ سوال کو بڑی تفصیل سے لکھتے تھے۔ مثلاً ایک مستحصلہ میں سوال درج تھا۔

یا ھادی! سوال یہ پوچھتا ہے کہ فلاں جو کافی عرصہ سے گھر سے غائب ہے اس کا آنا کب ہوگا؟

اب اسی سوال کو جب جامع انداز میں لکھیں گے تو یوں ہوگا۔

یا علیم! گریختہ فلاں کب واپس آئے گا؟

آپ ملاحظہ فرمائیں سوال کا مقصد ایک ہی ہے۔ لیکن مفہوم کو واضح کرنے کے لیے سوال اول میں یہ الفاظ فالتو کے ہیں اور خواتین جفر کے مطابق سراسر مطابقت نہیں رکھتے۔ مثلاً (۱) سوال یہ پوچھتا ہے۔ (۲) کافی عرصہ سے گھر سے غائب ہے۔ (۳) اس کا آنا کب ہوگا؟ یہ تین حصے ہو گئے۔ لیکن جو فقرہ میں نے لکھا ہے۔ اس میں گریختہ کا لفظ اوپر پہلے اور دوسرے فقرہ کے الفاظ کا مکمل احاطہ کر رہا ہے اور "کب واپس آئے گا۔" تیسرے فقرہ کی مکمل عکاسی ہے۔ سوال دو میں اور مفہوم ایک ہی ہے۔ لیکن دوسرا سوال جامع اور بامقصد ہے۔ آپ بھی اسی طرح عمل کرنے کی کوشش کریں تو کامیابی ہوگی۔

بسط:

تمام سوال کے حروف کو الگ الگ حروف میں لکھیں۔

تکلیس:

تمام سطر کی تکلیس کریں یعنی جو حروف مکرر ہیں ان کو کاٹ دیں۔

اضعاف:

جو حروف تکلیس کرنے سے حاصل ہوں تو ان میں سے ہر حرف کو ابجد قمری کے مطابق جو عدد ہوں ان کو دوگنا کریں پھر ان اعداد کے مطابق ابجد قمری سے حروف لے لیں یعنی جو عدد دوگنا کرنے کے بعد حاصل ہوا ہے۔ اس کے مطابق حروف لینے ہیں۔ مثلاً آپ حرف "ل" کا اضعاف لینا چاہتے ہیں تو ابجد قمری کے مطابق ابجد قمری میں حرف ل کے عدد ۳۰ ہیں۔ ان کو دوگنا کیا تو ۶۰ ہونے اور ابجد قمری میں ۶۰ کا حرف س ہوا۔ اسی طرح "ف" کے عدد ۸۰ ہیں۔ ان کو دوگنا کیا تو ۱۶۰ ہوئے۔ اب ۶۰ کا حرف س ہوا اور ۱۰۰ کا ق ہوا۔ اس طرح ف کا اضعاف س ق ہوا۔ اسی قانون کے مطابق تمام تکلیس کے حروف کے اضعاف حاصل کرلیں۔

تکلیس:

سطر اضعاف کی تکلیس کریں۔

مترفع:

جو سطر تکلیس حاصل ہو اس کو مترفع کریں اس کا طریقہ یہ ہے۔ سطر تکلیس کے حروف کا نصف کریں یا یوں کریں کہ تمام حروف کو گنیں اور درمیان میں نشان لگا دیں۔ نصف حروف دائیں طرف اور نصف بائیں طرف ہوں گے۔ اگر حروف برابر تقسیم نہ ہوں تو درمیان کے حرف پر نشان لگا دیں۔ اب نشان شدہ حرف یا درمیانے نشان کے قریب حصہ اول میں جو دو حروف ہوں ان میں سے جو حرف بائیں طرف ہو اسے دائیں طرف حصہ اول کے شروع میں لکھ دیں اور جو حرف دائیں طرف ہو اس کو حصہ دوم کے آخر میں لکھ دیں۔ اب نشان شدہ حرف کی بائیں طرف جو دو حرف ہوں ان پر بھی پہلے کی طرح عمل کریں۔ یعنی جو حرف بائیں طرف ہے اس کو حصہ اول میں شروع کے بعد والے حرف کے آگے لکھیں اور جو دائیں طرف ہے اس کو حصہ دوم کے آخر کے بعد والے حرف کے آگے لکھیں اسی طرح پھر حصہ اول کے دوسرے دو حروف پر یہی عمل کر کے پھر حصہ دوم کے دوسرے دو حروف پر عمل کریں۔ تمام حروف پر یہ عمل بار بار ہوگا۔ یہ عمل ذرا الجھن ظاہر کر رہا ہے۔ میں مثالوں سے سمجھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ آپ تھوڑا سا غور کریں گے تو انشاء اللہ اس عمل کو سمجھ جائیں گے۔ آپ کی آسانی کے لیے حروف کے اوپر ترتیب وار نمبر لکھ رہا ہوں اور جس ترتیب سے حروف اٹھانے ہیں اسی ترتیب کے مطابق حروف کے نیچے عدد لکھوں گا۔ عدد لکھنے کا یہ فائدہ ہے کہ آپ اسی عدد کے تحت حرف اٹھا کر ایک مقام پر آسانی سے لکھ سکتے ہیں۔ یہی سطر اس مستحصلہ کی جان ہے۔ اگر اس کلیہ کو آپ نے سمجھ لیا تو مستحصلہ آپ آسانی سے حل کر سکیں گے۔ دی گئی مثالوں پر غور کریں۔

مثال 1: اگر حروف برابر تقسیم ہوں۔ مثلاً

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
حرف=	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط	ی
ترتیب=	۹	۶	۵	۲	۱	۴	۳	۸	۷	۱۰
ترتیب مرتفع=	۱	۳	۵	۷	۹	۱۰	۸	۶	۴	۲
حروف مرتفع=	ه	ز	ج	ط	ا	ی	ح	ب	د	و

مثال 2: اگر برابر نہ ہوں۔

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
حرف تکلیس=	اس	ب	ج	د	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل
ترتیب=	۹	۶	۵	۲	۱	۱۱	۴	۳	۸	۷	۱۰
مترفع=	۱	۳	۵	۷	۹	۱۱	۱۰	۸	۶	۴	۲
حروف مترفع=	و	ط	ج	ک	ا	ز	ل	ی	ب	ح	د

مثال 3:

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹
حرف=	ا	ب	ج	د	ه	و	ز	ح	ط
ترتیب=	۶	۵	۲	۱	۹	۴	۳	۸	۷
مترفع=	۱	۳	۵	۷	۹	۸	۶	۴	۲
حروف مترفع=	د	ز	ب	ط	ه	ح	ا	و	ج

امید ہے آپ حروف کو مترفع کرنے کا طریقہ سمجھ گئے ہوں گے۔

ترتیب خاص:

آپ کے پاس جو سطر مترفع حاصل ہوئی ہے۔ اب اسے ترتیب خاص دی ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے آخری حرف کو لکھ لیں۔ پھر اس سے اگلا حرف چھوڑ کر تیسرا حرف لکھ لیں۔ پھر تیسرے حرف کے آگے والا چھوڑ کر جو حرف آگے ہو وہ لکھ لیں۔ اسی کے مطابق تمام سطر پر عمل کریں اور ایک ایک حرف چھوڑ کر لکھتے جائیں جب سطر ختم ہو جائے تو پھر شروع میں آ جائیں پھر جو حروف لکھنے سے بچ گئے تھے، انہیں لکھ لیں۔ اس طرح تمام حروف کی نشست تبدیل ہو جائے گی اور ایک نئی سطر استخراج ہو گی، یہی ترتیب خاص ہے۔ اب میں اس ترتیب خاص کو مثال سے سمجھا رہا ہوں، غور کریں۔ مثلاً

سطر مترفع	و	ط	ج	ک	ا	ز	ل	ی	ب	ح	د
ترتیب	۶	۱۱	۵	۱۰	۴	۹	۳	۸	۲	۷	۱
حروف	د	ب	ل	ا	ج	و	ح	ی	ز	ک	ط
ترتیب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

مثال 2:

سطر مترفع	د	ز	ب	ط	ه	ح	ا	و	ج
ترتیب	۵	۹	۴	۸	۳	۷	۲	۶	۱
حروف	ج	ا	ه	ب	د	و	ح	ط	ز
ترتیب	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

یہ طریقہ بھی سمجھ گئے ہیں۔ آپ نے اس مستحصلہ کا اصل مرحلہ حل کر لیا۔ اب اسے ناطق کرنا ہے، کیونکہ جو سطر ترتیب خاص حاصل ہوئی ہے، یہی سطر مستحصلہ ہے۔ اس سطر کو بذریعہ ابتث ناطق کریں۔ اگر کوئی حرف ابتث سے ناطق نہ ہو تو اسے نظیرہ دے کر ناطق کریں، بعض حروف خود بھی ناطق ہوں گے۔

نوٹ: ہر مستحصلہ حل کرتے ہوئے مستحصل کو اختیار حاصل ہوتا ہے کہ وہ دو حروف کو تسعات ابتث سے ناطق کرے۔ یعنی ابتث اور اس کے نظیرہ سے۔ اس طرح چھ حروف بن جائیں گے۔ مگر کوشش یہ کرنی چاہیے کہ ابتث اور نظیرہ سے ناطق ہو یعنی

جو طریقہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ اب اس قاعدہ کو چند مثالوں سے سمجھانے کی کوشش کروں گا۔ پہلا سوال ہے۔ مریخ کے بارے میں بہت سے سائنسدانوں کا خیال ہے کہ سیارہ مریخ میں جاندار مخلوق ہے اور کئی کہتے ہیں جاندار نہیں کچھ نہیں ہے بلکہ مختلف گیسیں ہیں۔ آیئے ذرا جفر سے پوچھیں کہ سیارہ مریخ پر جاندار مخلوق ہے یا نہیں۔

سوال: یاعلیم! کیا سیارہ مریخ میں جاندار مخلوق ہے یا نہیں؟

بسط: ک ی ا س ی ا ر ہ م ر ی خ م ی ن ج ا ن د ا ر م خ ل و ق ہ ی

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
تکلیس	ک	ی	ا	س	ر	ہ	م	خ	ن	ج	و	ل	و	ق
اضعاف	م	ک	ب	ک ق	ت	ی	ف	ر غ	ق	و	ح	س	ب ی	ر
تکلیس	م	ک	ب	ق	ت	ی	ف	ر	غ	و	ح	س	×	×
ترتیب اعداد	۱۰	۹	۶	۵	۲	۱	۴	۳	۸	۷	۱۲	۱۱		
اعداد مترفع	۱	۳	۵	۷	۹	۱۱	۱۲	۱۰	۸	۶	۴	۲		
حروف مترفع	ی	ر	ق	و	ک	س	ح	م	غ	ب	ف	ت		
ترتیب اعداد	۱۲	۶	۱۱	۵	۱۰	۴	۹	۳	۸	۲	۷	۱		
ناطق	م	ر	د	ا	و	ر	ج	ن	ت	ک	ہ	ی		
جواب	مرد			اور			جن		تک		ہے			
تشریح	پتہ چلا کہ مرد تو مرد وہاں پر تو جنات بھی ہیں۔													

سوال 2: اس وقت جب میں دوسری مثال حل کرنے کے بارے میں سوچ رہا تھا کہ لاہور سے ایک خاتون نے فون کیا کہ معلوم کریں کہ میرا شوہر مجھ سے سچا پیار کرتا ہے یا نہیں۔ اس کے پیچھے عوامل یہ ہیں کہ اس خاتون کے تین چھوٹے چھوٹے بیٹے ہیں اور اس کا شوہر دوسری شادی شدہ عورت کے پیچھے ہے اور اسے گھر سے نکال دیا ہے۔ اس کا سوال حل کر رہا ہوں، جو جواب آیا ابھی اس خاتون کو نہیں بتایا لیکن آپ لوگوں کو بتا رہا ہوں۔

یاعلیم: کیا حیدر علی بخاری بن الماس اپنی زوجہ حنا شاہ بنت شاہین سے سچا پیار کرتا ہے؟ ۲۳ مارچ ۲۰۰۹

بسط: ک ی ا ح ی د ر ع ل ی ب خ ا ر ی ب ن ا ل م ا س ا ب ا ن ی ز و ج ہ ح ن ا
ش ا ہ ب ن ت ش ا ہ ی ن س ی س چ ا پ ی ا ر ک ر ت ا ہ ی

تخلیص: ک ی ا ح د ر ع ل ب خ ن م س ز و ج ہ ش ت

اضعاف: م ک ب و ی ح ت م ق س د ر غ ق ف ک ق و ی ب ی و ی خ ض

	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
تخلیص	م	ک	ب	و	ی	ح	ت	ق	س	د	ر	غ	ف	خ	ض
ترتیب اعداد	۱۳	۱۰	۹	۶	۵	۲	۱	۱۵	۴	۳	۸	۷	۱۲	۱۱	۱۴
اعداد مترفع	۱	۳	۵	۷	۹	۱۱	۱۳	۱۵	۱۴	۱۲	۱۰	۸	۶	۴	۲
حروف مترفع	ت	و	ی	غ	ب	خ	م	ق	ض	ف	ک	ر	و	س	ح
ترتیب اعداد	۸	۱۵	۷	۱۴	۶	۱۳	۵	۱۲	۴	۱۱	۳	۱۰	۲	۹	۱
ترتیب خاص	ح	و	ک	ض	م	ب	ی	ن	س	ر	ف	ق	خ	غ	د
ناطق	ت	ر	ک	ف	م	ب	ی	ت	ا	ر	ج	ا	س	ن	م

ح و ز ج

جواب	زوجہ	مت پیار	سچا	من

بڑا واضح جواب دے دیا ہے کہ اپنی زوجہ سے سچا پیار نہیں کرتا، مان لے۔

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

* * *

دوں جو اس سے جواب حاصل کرنے بارے استعمال کرسکتے ہیں۔ نمبر(۱) حروف کو خالص کیا جاسکتا ہے۔ (۲) حروف کی ترتیب بدل سکتے ہیں۔ اول تو ان دو قوانین سے جواب استخراج ہو جاتا ہے۔ لیکن بعض اوقات جواب میں پیچیدگی پیدا ہو جاتی ہے۔ لہٰذا نمبر(۳) آپ حروف زاید کو بھی خالص کرسکتے ہیں۔ مثلاً ب کو ت سے، ج کو ح سے، ب پ ت ٹ ث باہم متشابہ ہیں۔ ج چ ح خ باہم متشابہ ہیں۔ د ڈ ذ اور اسی طرح س ش ص ض ط ظ ع غ وغیرہ بھی متشابہ ہیں۔ ان چار اختیارات کے استعمال سے ہی آپ جواب حاصل کرسکیں گے۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ "یک من علم را دہ من عقل باید" یہ علوم علم ریاضی کا ایک شعبہ ہیں۔ بعض اوقات ایسے پیچ در پیچ حروف الجھ جاتے ہیں کہ عقل کام نہیں کرتی۔ اگرچہ قاعدہ مکمل شرح بسط سے پیش کر دیا ہے۔ آپ کو بھی محنت اور دماغ سوزی کی ضرورت ہے، صرف لکیر کے فقیر نہ بنیں۔ میری تحریر سے کام نہ چلے گا۔ میں تو ایک راہبر ہوں، راستہ چلنا تو آپ کو ہی ہے۔ اب جواب استخراج کر کے اس عجیب قاعدہ کا اختتام کرتا ہوں۔

حروف مستحصلہ: ج ا ث ع گ ک ظ ا ک ق ک ظ گ غ س ع ا س ث ع س ظ غ ط ت ت

تخلیص: ج ا ت ع ک ظ ق س ع ط

ناطق: ج ا ت ع ک ز ق ش ع ت

ترتیب: ج ا ع ز ت ع ش ق ت ک

جا عزت عشق تک

جا سفر پر عزت ملے گی، عشق (مقصد) تک (کے لیے) ملے گی۔ واللہ

اللھم صلی علی محمد و علی آل محمد

* * *

زائیرجۃ الوفا

دوستانِ گرامی! جیسا کہ مستحصلہ کے نام سے ہی ظاہر ہے۔ یہ ایک عربی قاعدہ ہے۔ جو مصر کی مطبوعہ کتاب "مدھش الالباب: فی اسرار الحروف وعجائب الحساب" مصنف عبدالفتاح السید الطوخی کے صفحہ نمبر 358 پر ہے۔ یہ کتاب عربی زبان میں ہے۔ آج سے 32 سال قبل کو ہر شب چراغ کے نام سے مختصراً شائع ہو چکا ہے۔ لیکن اس وقت یہ نہیں بتایا گیا تھا کہ کسی عربی کتاب سے ماخذ ہے۔ میں اسے مکمل تشریح کے ساتھ سمجھا رہا ہوں۔ اگر میں اسکی اصل عربی تحریر یا تشریح لکھوں تو کسی کے پلے نہ پڑے گی۔ چنانچہ آسان الفاظ میں لکھ رہا ہوں۔ تاکہ آپ اسے آسانی سے سمجھ سکیں۔ یہ قاعدہ 13 سطروں میں حل ہوتا ہے اور ہر خانہ کے ہر حرف کا مستحصلہ لینے کا الگ الگ طریقہ ہے۔ اس کو دو طریقوں سے حل کیا جاتا ہے۔ ایک طریقہ میں تاریخ ماہ موجودہ، سنہ عیسوی اور یوم سوال کی شمولیت کے ساتھ سیدھی سطر میں جواب حاصل کیا جاتا ہے۔

طریقہ نمبر 2 میں بغیر تاریخ ماہ و سنہ وغیرہ کی شمولیت کے حل کیا جاتا ہے اور بعد میں صدر موخر کے طرز پر جواب حاصل کیا جاتا ہے۔

